فنِ ترجمہ نگاری
تاریخِ ترجمہ
ساقی ارباب ذوق
0305 6406067
PDF Book Company
تحقیق: خالد محمود خان

فن ترجمہ نگاری

تاریخِ ترجمہ

تحقیق

خالد محمود خان

نام کتاب : فنِ ترجمہ نگاری: تاریخِ ترجمہ

مصنف : خالد محمود خان

اشاعت : ای بُکس

کمپوزنگ : راشد علی شاکر

سرورق : راشد علی شاکر

سال : 2023

قیمت : فری۔ڈاؤن لوڈ

رابطہ،حوالہ : ای میل:khalidmk8@gmail.com

فیس بک لنک

https://www.facebook.com/profile.php?id=100077741072875

یوٹیوب؛عوام کا پاکستان

https://www.youtube.com/channel/UCovN_TsX74wlSqGLuoZ690w

ٹوِٹر:Awamkapakistan8

انسٹاگرام:۔۔۔۔۔۔

ویب سائٹ۔۔۔۔۔۔

وِکّی پیڈیا۔۔۔۔۔۔

انتساب

بنام

محمد نعیم

(چیف لائبریرین)

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، لاہور

فہرست مضامین

تعارف: تاریخِ ترجمہ

''تاریخِ ترجمہ'' بہت وسعتوں پر مبنی اصطلاح ہے۔اس کے پھیلے ہوئے معنوی دائرے میں تمام زبانوں کے تراجم شامل ہوسکتے ہیں۔اس کے باوجود کہ میری یہ کوشش صرف اُردو تراجم تک محدود ہے پھر بھی میں یہ وسیع وعریض اصطلاح استعمال کرنے کی جرات کرتا ہوں۔سبب یہ ہے کہ مجھے اپنی نارسائی اور کم مائیگی کا اتنا احساس ہے کہ میں آنے والے زمانوں میں طالب علموں ،اُستادوں ،نقادوں، تجزیہ کاروں اور تحقیق کاروں کے لیے یہ غیر مکمل تاریخِ ترجمہ پیش کروں تاکہ وہ اس آغاز سے آگے بڑھیں اور تکمیل کی طرف چلتے رہیں۔یہ میرا خواب ہے، آدرش ہے، دُعا ہے اور کیا نہیں ہے۔

''فنِ ترجمہ نگاری۔تاریخِ ترجمہ'' تکمیل کی آرزومند ہے اور تاریخ کی تکمیل کبھی نہیں ہوسکتی۔ہاں ترقی ہوسکتی ہے۔اس میں اضافہ ہوسکتا ہے۔غیر مکمل ہمیشہ کے لیے اس وجہ سے رہے گی کہ ہر نیا ہونے والا اضافہ پہلے سے موجود تراجم کی تاریخ کو غیر مکمل کردے گا۔مگر یہ کسی بے بسی کی بشارت نہیں ہے۔ایک حوصلے کی آرزومند ہے۔اس کا آسان ترین حل تو یہ ہے کہ سرکاری اور غیر سرکاری تعلیمی ادارے فنِ ترجمہ نگاری کو خاص اہمیت دیں۔اعلیٰ تعلیمی اداروں میں اس کے شعبہ جات بنائے جائیں۔ان کے لیے مالیات کا اہتمام کیا جائے۔ترجمہ کاروں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں۔عہد جدید میں خاص طور سے پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کی موجودگی میں ترجمہ کاروں کے لیے روزگار کے کافی اچھے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔تاریخِ ترجمہ ایک جاری عمل ہے۔تعلیمی اداروں میں تحقیق کار طالب علموں سے یہ کام بہت آسانی سے کرایا جاسکتا ہے۔تراجم کی فہرستیں بنانا اور ان کو مسلسل اپ ڈیٹ Update کرتے رہنا، طالب علموں کو اعزازیے، وظائف، ڈگریاں دینا اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے ایسے مسائل کا حل ہوسکتا

ہے۔لائبریروں میں کتابوں کے لیے Catalogue System موجود ہیں۔اسی طرح کے سافٹ ویئر Software تراجم کے کیٹالاگ کے لیے بھی تیار کیے جاسکتے ہیں۔اس طرح کی مایوسی اور نحوست کے احساس میں مُبتلا ہونے کی بجائے کہ ہمارے معاشرے میں علم کی کوئی قدر نہیں کرتا تو ترجمہ کے لیے اتنی قدردانی کا مظاہرہ کون کرے گا۔ایسا سوچنے کی بجائے اپنے حصہ کا کام کرلینا چاہیے۔یہ سوچ کر کہ قطرہ قطرہ دریا ہوتا ہے۔معلوم یہ ہو کہ میرا حصہ اس میں کیا تھا۔اسی بات میں اطمینان ہے۔

آخر میں اپنی علمی اور تحقیقی کوتاہیوں کا نہ صرف اعتراف کرنے کی خواہش کرتا ہوں بلکہ معذرت بھی کرتا ہوں۔اس وسیع وعریض، غیر مکمل تحریر میں حقائق کے متعلق بہت سی غلطیاں ہو سکتی ہیں۔وہ سب میری کم علمی کی وجہ سے ہیں۔اس کے باوجود یہ اطمینان ہے کہ میں یہ کام کر گُزرا اور اس آرزو کے ساتھ کہ ہمارے بہت سے اُردو کے عالم اس کام کو زیادہ اچھے طریقے سے کریں گے اور آگے بڑھائیں گے۔میں تمام دوستوں کا خاص طور سے پروفیسر الیاس کبیر، پروفیسر ایم خالد فیاض، ڈاکٹر طارق ہاشمی، محمد شکیل مجاہد، محمد وکیل تبسم کا شکر گُزار ہوں جنھوں نے میرے اس کام کو کرنے میں ہر طرح کی مدد کی۔میرے گھر کے لوگ میرے کس شکریے کے مستحق ہیں کہ میرے لفظ وہ معنویت ہی نہیں رکھتے جو میں کہنا چاہتا ہوں۔آج یہ لفظ لکھتے ہوئے اپنے بچوں کی طرف سے اور اُن کی والدہ کی طرف سے میرے ذہن میں خفت اور شرمندگی کا احساس بھی جاگزیں ہے۔انھوں نے اپنے گھر میں علمی قدروں کو اپنا لیا ہے اور اپنی کسی قربانی کو قربانی بھی نہیں سمجھتے۔یہ اظہار بھی لازم ہے کہ میں کام میں مصروف ہوتا تھا اور بچے کھڑے ہو کر انتظار کرتے رہتے تھے کہ ابا کی تحریر یا جُملہ مکمل ہو تو بات کہنے کی کوشش کریں۔حالانکہ میں خوف ناک ابّا نہیں کہ وہ مجھ سے ڈریں جھجکیں بلکہ شاید میرے کام کے احترام عجزِ وانتظار کا رویہ اپناتے ہیں۔ڈاکٹر انوار احمد صاحب کی مجھے بہت ہی خاص توجہ نصیب ہے۔ڈاکٹر نظام الدین کی سربراہی میں پاکستان میں پہلا شعبہ گُجرات یونیورسٹی میں قائم کیا۔اس شعبے کو مزید ترویج اور ترقی ڈاکٹر ضیاء القیوم کی سربراہی میں ملی۔ڈاکٹر غلام علی کو میں مزدور پروفیسر کہتا ہوں کہ یہ نوجوان اُستاد ہر لمحے کسی نہ کسی کام میں مصروف دکھائی دیتا ہے اور اپنا ہر کام کر گزرتا ہے۔یہ مثالی اُستاد ہے۔چودھری عبدالجبار میری کتابوں کے اشاعت کار ہیں۔میں نے اُن سے پرزور درخواست کر رکھی ہے کہ میری

کتابوں کی قیمت بہت کم مقرر کریں تا کہ طالب علم حاصل کرنے میں مالی دُشواریوں کا شکار نہ ہوں۔اس بڑے آدمی نے میری بات کی لاج رکھ لی ہے۔

میں دل کی گہرائیوں سے اُن تمام تحقیق کاروں کا شکر گزار ہوں اور ان سے استفادہ کا اعتراف کرتا ہوں۔اُن کی کاوشیں میرے لیے مشعلِ راہ ہیں۔تمام سینئر اساتذہ، محقق اور اُن کی کتابوں کے ناشر میرے شکریہ کے فرداً فرداً مستحق ہیں۔

خالد محمود خاں
ہاؤس نمبر ۳۱۶، گلی نمبر ۱۶
گورنمنٹ ایمپلائز سوسائٹی فیز III
ماڈل ٹاؤن لنک روڈ لاہور
khalidmk8@gmail.com
یکم جنوری ۲۰۱۶

۲

قدیم ہندوستان کی زبانیں اور علمِ ترجمہ

کسی علاقے کا جغرافیہ، آب و ہوا، موسم اور معیشت کے ذرائع زبان کے ارتقاء کا باعث ہوتے ہیں۔لغت انہی سرچشموں سے جنم لیتی ہے۔تہذیب ہند دنیا کی قدیم ترین آبادیوں میں شامل ہے۔بلکہ اس کی عمر کے صرف اندازے ہی لگائے جاتے ہیں یا لگائے جا سکتے ہیں۔یہ تہذیب ایک ''محفوظ ترین'' تہذیب تھی۔اسی خیال کو متضاد لفظوں میں یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ تہذیب ہند دنیا کی ''محدود ترین'' تہذیب تھی۔محدود ترین مظاہر ہی محفوظ ترین رہ سکتے ہیں۔عہد جدید میں تہذیب ہند کے اس اندرونی تضاد کی شکار صفت کو بیان کرنا کافی مشکل کام ہے۔وہ اس لیے کہ عہد جدید میں وہ تصورات ابلاغ ہی نہیں ہوئے جو قدیم تہذیب ہند کی بنیاد میں شامل تھے۔تاہم جدید تحقیق ان زاویوں کی طرف گہری نظر رکھتی ہے اور کھوج لگانے کی کوشش کرتی ہے کہ تہذیب ہند کے محفوظ و محدود تہذیب ہونے کے اسباب کیا تھے۔

خطہ ہند بے شمار پہاڑی سلسلوں، ان سے نکلتے دریاؤں، زمین کے ہموار میدانوں، صحراؤں اور جنگلوں پر مشتمل تھا۔یہ عناصر اب بھی جزوی طور پر ہندوستان اور پاکستان کے علاقوں میں مشاہدہ کیے جا سکتے ہیں۔ان مشاہدات کی بنیاد پر ماضی کی طرف دیکھا جا سکتا ہے اور سوچا جا سکتا ہے کہ ہموار میدانوں میں بہنے والے دریا خطہ ہند کو سبزہ زار اور مرغزار بنا رکھتے تھے۔دریائی وسیلے ذرائع آمدورفت کا باعث بھی تھے، کاشت کاری کے بھی اور تازہ خوراک کے بھی۔پانی میں جانوروں کا شکار بہت سی غذائی ضروریات کو پورا کر دیتا تھا۔جنگلوں میں کھانے پینے کے بے شمار وسائل موجود تھے۔ان وسائل میں درختوں، جڑی بوٹیوں اور ان کے پھلوں، پتوں، پھولوں اور جڑوں سی تمام چیزیں شامل تھیں۔اس کے علاوہ طرح طرح کے جانور، پرندے اور زمین کے اندر رہنے والے جاندار بھی موجود تھے۔لوگ جنگل کی ان مخلوقات کو بھی رزق کے وسائل کے طور پر استعمال کرتے تھے۔صحرائی علاقوں میں آبادیاں جزیروں کی طرح تھیں۔گرد باد، موسموں کی شدت، آندھیاں، طوفان ہونے کے باوجود

انسان اپنی ضروریات اردگرد کے ماحول سے حاصل کرتا رہتا تھا۔

تہذیب ہند میں بنیادی، تعمیری اور خمیری کردار دریاؤں کا ہے۔ عہد قدیم کے دریاؤں کی فہرست پیش کرنا اس تحریر کا مقصد نہیں ہے۔ یہ بات تو آسانی سے سمجھ نہیں آتی ہے کہ عہد جدید میں ہندوستان اور پاکستان میں جتنے دریا بہتے ہیں، عہد قدیم میں ہزاروں گنا زیادہ دریا، ندیاں، نالے سرزمین ہند پر بہتے ہوں گے۔ دریاؤں کے پانی کی سہولت کی وجہ سے انسانی آبادیاں دریاؤں کے کناروں پر پھیلتی رہتی تھیں۔ پانی حاصل کرنے کی آسانی کی وجہ سے انسان، ان کے جانور، فصلیں اور زمینیں، سب کو پانی مل جاتا تھا۔ یہ پانی اب بھی آبِ حیات ہے اور حیات کا انحصار اس عنصر پر ہے۔ مٹی، آگ اور ہوا کی اپنی اہمیت ہے۔ دریاؤں پر موجود آبادیاں دریاؤں کے پانی کو راستے بنا کر دور دور کے علاقوں تک لے جاتی تھیں اور اسی کے حساب سے انسانی آبادیاں بھی پھیلتی رہتی تھیں۔ اس حقیقت کی آسان ترین تشریح عہد جدید میں دریاؤں کے پانی پر بند، پانی کے بہاؤ کے ذرائع نہریں اور نالے ہیں۔ جہاں جہاں پانی پھیلتا چلا جاتا تھا اس کے ساتھ ساتھ انسانی آبادیاں بھی پھیلتی چلی جاتی تھیں۔ ہندوستان میں قدیم ترین آبادیوں کے آثار دریاؤں کے کناروں یا اردگرد ہی ملتے ہیں۔ پاکستان میں موہنجوداڑو کے کھنڈرات دریائے سندھ کے کنارے پر واقع ہیں۔ کوٹ ڈی جی کے آثار بھی دریا کی قربت میں ہیں۔ منٹگمری (جدید ساہیوال) کے علاقہ میں ہڑپہ کے کھنڈرات دریائے راوی اور ستلج کے درمیان میں موجود ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ دریاؤں کا پانی آگے یا پیچھے بڑھتا گھٹتا رہتا تھا۔ اس لیے کسی جگہ پر ان کی حتمی موجودگی کو ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ بارشوں کے پانی ان کے ثمرات ان عوامل میں اضافہ کی طرح ہیں۔

درج بالا مختصر ترین پس منظر کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ خطہ ہند میں جگہ جگہ خود کفیل آبادیاں Self Sufficient Villages بنتے گئے اور ان کی اپنی بولیاں Dialects تھیں۔ ہر آبادی کی زبان دوسری آبادی کی زبان سے مختلف تھی۔ مگر ایک علاقے کی زبان کی لغت دوسرے علاقے کی زبان تک سفر کر جاتی تھی۔ ایسا ہونا انسانی مجبوری تھی۔ لوگوں کا ایک آبادی سے دوسری آبادی کی طرف آنا جانا، جانور چرانا یا تجارت کرنا ان کی مختلف زبانوں میں اشتراک پیدا کرنے کے اسباب تھے۔ اس سب کے باوجود تمام زبانیں اپنی خاص شناخت رکھتی تھیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ بہت سے علاقے اور ان کی زبانوں کا ایک ہی نام ہے جیسے پنجابی، میراٹھی،

گجراتی اور اسی طرح کی بہت سی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ ہر علاقے کی شناخت اس کا نام اور زبان سے تھا۔ ایسا عہد جدید میں بھی جگہ جگہ مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ وراثت تبدیلی کا شکار ضرور ہوتی رہی تھی مگر اب بھی اس کے نقوش اپنی پہچان کے گواہ ہیں۔

سرزمین ہند کی آبادیوں میں بولی جانے والی زبانوں کو ترجمہ کی ضرورت نہ تھی۔ ایک تو یہ زبانیں زیادہ تر زبانی بولی جاتی تھیں اور بہت کم رسمی طور پر رسم الخط میں لکھی جاتی تھیں۔ دوسرے ایک آبادی کی زبان بولنے والے لوگوں کی دوسری آبادی کی زبان بولنے والے لوگوں تک رسائی تھی۔ اس طرح دو مختلف زبانوں کے درمیان حاشیائی زبان Border Line Language جنم لیتی تھی۔ اسی حاشیائی لغت میں ابلاغ کر لیا جاتا تھا اور ترجمہ کی ضرورت پیش نہیں آتی تھی۔ ہندوستان چونکہ دنیا کی بہت بڑی سرزمین تھی اس لیے اس میں آبادیوں کا شمار بھی بے شمار تھا۔ آبادیوں کی زبانیں بھی ان گنت تھیں۔ ماہرینِ لسانیات عام طور پر ہندوستان کی زبانوں کو ''دراوڑی زبانیں Dravidian Languages'' کہتے ہیں۔ دلچسپی کا امر یہ ہے کہ دراوڑی زبانوں کی بے شمار قسمیں ہیں۔ اس کے باوجود سنسکرت ہندوستان کی اصلی اور ''دیسی'' زبان ہے۔ یہ زبان سرزمین ہند ہی کی پیداوار ہے۔ اس زبان پر بیرونی اثرات بالکل بھی مرتب نہیں ہوئے۔ اس زبان کے محفوظ رہنے کا سبب اس زبان کا معاشری منصب Social Status ہے۔ یہ زبان مذہبی اداروں، شاہی درباروں اور ریاستی اشرافیہ کی محفوظ تکون میں محفوظ رہی۔ اس امر پر بہت سی مثبت اور منفی تنقید پیش کی جا سکتی ہے۔ راقم الحروف نے ''فن ترجمہ نگاری۔ نظریات'' کے ابواب ''لفظی ترجمہ'' اور ''نشاۃ ثانیہ'' میں ترجمہ کے اس موضوع پر تفصیلی بحث کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ وضاحت بھی صراحت سے مشاہدہ میں آتی ہے کہ سنسکرت کے تراجم عہد قدیم میں کیوں ناممکن تھے۔ اس کے اسباب کیا تھے اور پھر کس طرح سنسکرت کے تراجم کا تھوڑا تھوڑا آغاز ہوا۔

عہد قدیم میں سرزمین ہند کی سرحدیں افغانستان اور ایران سے ملتی تھیں۔ جدید پاکستان کے علاقہ بلوچستان کی سرحد ایران کے ساتھ طویل علاقے پر پھیلی ہوئی ہے۔ ابھی تو ایرانی ریاست، پاکستان کی ریاست اور افغانستان کی ریاست کی سرحدوں کی بہت ہی رسمی موجودگی کی وجہ سے غیر رسمی آمد و رفت ہرگز نہیں ہوتی۔ مگر عہد قدیم میں ایسا نہیں تھا۔ لوگ ان علاقوں میں گھومتے

پھرتے رہتے تھے۔جانور چراتے تھے۔تجارت کرتے تھے۔قریب قریب کے سرحدی علاقے تہذیب ومعاشرت کے علاوہ معیشت کا اشتراک بھی رکھتے تھے۔غالباً یہی اسباب ہیں کہ عہدجدید کے ماہرین لسانیات ہندوستان کی زبانوں کو''ہندی ایرانی Indo Iranian'' زبانیں کہتے ہیں اور یہ درست بھی ہے۔ہاں البتہ عہدقدیم میں زبانوں کا اشتراک،سولہویں صدی عیسوی سے قبل اور اس کے بعد سے زبانوں کا اشتراک اور عہدجدید یعنی اکیسویں صدی میں زبانوں کے اشتراک کی وجوہات اور طریق یا انداز بدل جاتے ہیں۔مثال کے طور پر ہندوستان پر بیرونی حملہ آوروں کی زبانوں نے مقامی زبانوں پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔آریاؤں کی زبان کے مقامی زبانوں پرفاتحانہ اثرات تھے۔مسلمانوں کے عہد بہ عہد ہندوستان میں داخل ہونے سے بھی مقامی زبانوں پر ان کی زبانوں کے گہرے اثرات مرتب ہوئے۔انگریزوں کی ہندوستان میں آمد کے بعد انگریزی زبان کے اثرات مقامی زبان پر مرتب ہوئے۔اس سارے عمل میں ایک طرف تو ہندوستانی زبانیں غیرمحفوظ ہوگئیں اور فاتح زبانوں کے زیراثر آ گئیں اور دوسری طرف ہندوستان کی زبانوں کو دنیا کی دوسری زبانوں سے وسعت حاصل کرنے کے مواقع میسر آئے۔ان دونوں عوامل میں سے کونسی بات ہندوستان کے لوگوں کے لیے قابل قبول تھی اور کونسی نا قابل قبول تھی،اس کا فیصلہ زیر بحث موضوع کا حصہ نہیں ہے۔تاہم عمومی طور پر یہ ایک آفاقی حقیقت ہے کہ فاتح زبانوں کو مقامی زبانوں کے لوگ اچھا نہیں سمجھتے۔وہ انہیں تسلط اور تشدد کا باعث سمجھتے ہیں۔کچھ بھی ہو، زبانوں کے بغیر ابلاغ ممکن نہیں ہوسکتا۔ریاستی اور سیاسی،اشرافیہ اور مذہبی تقاضوں کی وجہ سے زبانوں کو محدود رکھنا،ترقی اور وسعت کی نعمتوں سے ان زبانوں کو محروم کر دینے کے مترادف ہے۔

ہندوستان کی قدیم زبانوں کو دراوڑی زبانیں کہا جاتا ہے۔ان زبانوں کے آثار دس لاکھ سال ماضی سے مشاہدہ میں آنے لگتے ہیں۔خیال کیا جاتا ہے کہ کم وبیش دس کروڑ عوام اس علاقے کی دراوڑی زبانوں میں بات چیت کرتے تھے۔ان زبانوں میں بلوچی،کوروخ،تامل، مالایالم،کانارلیس،تُولو،گُوئی،گُونڈی،بھیلی،کولیمی،کوہلی،نائیکی،براہوی،تیلوگو،گُجراتی،پنجابی، سندھی،مراٹھی،راجستھانی،مارواڑی اور دیگر بے شمار زبانیں بولی جاتی تھیں۔''ہندی ایرانی'' زبانوں کے علاوہ جدید ماہرین لسانیات''ہندی یورپی''زبانوں کا تصور بھی پیش کرتے ہیں۔عہد جدید تک پہنچتے پہنچتے وہ زبانیں متروک Obsolete ہوچکی ہیں۔ان متروک زبانوں میں

البانوی،آرمینائی،بالٹوسیلوچ،سیلٹک،جرمانک،ٹیوٹانک،گریک،ہٹّی،آنکیرین،اٹیلک،تھریکو فرائیگن،توخارین وغیرہ شامل تھیں۔تاہم ان کے اثرات اب ثابت نہیں کیے جا سکتے۔یا تو ان زبانوں کے لفظ عہدجدید میں ہندوستان کی زبانوں میں سے ختم ہوگئے ہیں یا ان زبانوں میں اس طرح مل گئے ہیں کہ ان کی اپنی شناخت ختم ہوگئی ہے اور وہ ہندوستانی زبانوں کی شناخت میں شامل ہو چکے ہیں۔اس موضوع پر بہت سی قیاس آرائی اور لامحدود تحقیق کی جاسکتی ہے۔مگر یہ حقیقت ہے کہ یہ زبانیں نہ صرف عہدجدید تک متروک ہوچکی ہیں،بلکہ مرچکی ہیں۔ان کی محدود سی لغت کی زندگی جدید زبانوں کے لفظوں میں رہ گئی ہے۔

مسلمانوں کے ہندوستان میں داخل ہونے سے پہلے ہندوستان کے مختلف علاقوں کی زبانوں کے اشتراک سے ایک مشترک زبان جنم لے چکی تھی۔اس طرح کی تبدیلی میں پراکرت، برج بھاشا اور اس طرح کے دیگر تصورات پیش کیے گئے۔یہ سب درست ہیں اور ثابت کیے جاسکتے ہیں۔مسلمانوں کی آمد کے ساتھ ہی عربی اور خاص طور پر فارسی کی ہندوستان میں اہمیت بہت ہی زیادہ ہوگئی۔یہاں تک کہ جو مسلمان ایران سے ہندوستان نہیں آئے تھے بلکہ شمال کے ممالک سے آئے وہ بھی فارسی کو سرکاری زبان بنا بیٹھے۔ان کی اپنی زبان فارسی کے علاوہ کچھ اور تھی۔یہ بحث بہت ہی دلچسپی کا باعث ہے کہ مسلمان ہندوستانی نہیں تھے اور ایرانی بھی نہیں تھے بلکہ شمال سے آئے تھے۔اس کے باوجود فارسی زبان کو سرکاری زبان کا درجہ دیا گیا۔انہوں نے نہ تو اپنی زبانوں کو سرکاری زبان کا درجہ دیا نہ ہندوستان کی زبانوں کو سرکاری دفتری مقاصد کے لیے استعمال کیا۔ ان دونوں سمتوں سے ہٹ کر انہوں نے تیسرا راستہ اختیار کیا اور فارسی کو سرکاری زبان کا درجہ دیا۔ تمام تر سرکاری دستاویزات اور اداروں کے رجسٹر وغیرہ فارسی ہی میں لکھے جاتے تھے۔یہاں تک کہ ہندوستان کے مسلمانوں کے علاوہ ہندو عالم بھی فارسی سیکھ کر سرکار دربار کے کاروبار میں مدد کرتے تھے۔مسلمان حکمرانوں کے فارسی کے ساتھ اس تعلق کا سبب غالباً وہ اعتبار ہے جو شمال کے مسلمانوں کو ہندوستان میں ایران کے مسلمانوں کی زبان یعنی فارسی پر ہوسکتا تھا۔یہ بہت ہی ٹیڑھی اور متضاد حقیقت ہے۔اس ٹیڑھے پن کو آسان زبان میں یوں بھی بیان کیا جاسکتا ہے کہ شمال کے مسلمان مداخلت کاروں کو ہندوستان کے ہندوؤں اور ان کی زبانوں پر اعتبار نہ تھا۔انہیں ایرانی مسلمانوں کی زبان اور مسلمانوں پر اصل اعتبار تھا۔یہ عمل خالصتاً مذہبی بنیادوں پر سیاسی ترجیح کی

طرح تھا۔ ہندوستان کے مسلمان تو فارسی سے فائدہ اٹھا ہی رہے تھے، ہندوؤں کی اکثریتی آبادی کے لوگ بھی یہی کرتے گئے۔ اس سے ایک طرف زبانوں کی کثرت کا فائدہ سماج کو ہو رہا تھا اور دوسری طرف مقامی زبانیں نظر انداز ہو رہی تھیں۔ اس عمل کا ایک عمرانیاتی Sociological نتیجہ یہ بھی تھا کہ معاشرے میں مختلف شناختوں کے لوگ ایک دوسرے کو برداشت اور قبول کرنے لگے تھے۔ ہم اسے سماجی تکثیر Pluralism بھی کہہ سکتے ہیں۔ جس طرح ہندو عالم فارسی عربی سیکھ رہے تھے اُسی طرح مسلمان طالب علم سنسکرت اور تہذیب ہند کی دیگر علاقائی زبانیں سیکھ رہے تھے۔

ہندوستان میں مسلم حکمرانوں کے زوال کا باعث انگریزوں کی آمد تھی۔ دنیا بھر میں نو آبادیات اور سامراجیت طاقت و رواج پکڑ رہی تھی۔ یہی سبب تھا کہ اطالوی، فرانسیسی اور پرتگیزی تجارتی ادارے ہندوستان میں اپنی ہی جگہ بنانے کی کوشش کرتے رہے۔ تھوڑی بہت کامیابی کے بعد انگریزوں نے ان سب کو ہندوستان سے نکال باہر کیا۔ اس کے بعد ہندوستان پر انگریزوں کا نو آبادیاتی اور سامراجی تسلط قائم ہو گیا۔ انگریز سولھویں صدی عیسوی سے اسی کوشش میں تھے کہ انہیں مغل سرکار دربار میں جگہ ملے اور وہ اپنے مقاصد حاصل کرنے کی کوشش کر سکیں۔ ہندوستان میں ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے ساتھ ہی انگریزوں کو مکمل تسلط حاصل ہو گیا۔ اس کے بعد ۱۹۴۷ء تک کی ہندوستان کی سیاسی تاریخ اپنی تشریح خود کرتی ہے۔ تاہم انگریزوں کے تسلط کا اختتام ہندوستان کی تقسیم پر ہوا۔ قدیم ہند کا نقشہ دو حصوں میں تقسیم ہو گیا؛ بھارت اور پاکستان۔

ترجمہ کے حوالے سے انگریزوں کی خدمات بے مثال ہیں۔ وہ ترجمہ کے ذریعے اپنی تہذیب اور ادب کو ہندوستان میں رواج دینا چاہتے تھے۔ ترجمہ کے ذریعہ ہی وہ ہندوستان کی زبانوں میں خیالات اور تصورات کو سمجھنا چاہتے تھے۔ ہندوستانی زبانوں کو ترجمہ کے ذریعہ سمجھنا ان کی حکمرانی کے لیے ضروری تھا۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ انگریزوں نے ہندوستان میں ذرائع آب پاشی، ذرائع آمد و رفت یعنی سڑکیں اور ریلیں، سکول کالج، ہسپتال وغیرہ بنانے میں بے مثال کردار ادا کیا۔ یہ سب کچھ انہوں نے اپنے ہی مفاد کے لیے کیا تھا مگر اس کے بہت سے فوائد ہندوستان کے عوام کے حصے میں آئے۔ ان فوائد سے کسی طرح بھی انکار ممکن نہیں ہے۔ ایسا دعویٰ اس لیے بھی کیا جا سکتا ہے کہ انگریزوں سے پہلے مسلمان حکمرانوں نے ہزار برس سے زیادہ

کی حکمرانی میں ہندوستان کو نظام آب پاشی، ذرائع آمد و رفت، سکول کالج، ہسپتال وغیرہ میں سے کچھ بھی عطا نہ کیا۔ مغلوں کی تاریخ میں درج بالا ترقیاتی عوامل کا ذکر تو کیا، یہی کہنا کافی ہے کہ ان کے دستر خوان پر دربار میں ایک وقت کے کھانے میں چار چار اور پانچ پانچ سو کھانے سجائے جاتے تھے۔ عہد جدید میں کوئی ان پڑھ تو کیا کوئی احمق بھی ایک وقت میں چار پانچ سو کھانے محض چکھ لینے کا بھی تصور نہیں کر سکتا، کھانا تو دور کی بات ہے۔ ہاں البتہ شیر شاہ سوری کو عوامی، رفاہی، فلاحی منصوبوں اور کاموں کے لیے اعزاز کا زبردست مستحق قرار دیا جا سکتا ہے۔ اِکاّ دُکاّ کارنامے اور لوگوں کو بھی عزت سے نوازنے کا باعث ہیں۔

علم ترجمہ کے حوالہ سے مسلمان حکمرانوں کی کردار کشائی کرنے سے یہ بات زیادہ اہم ہے تفصیل سے یہ سمجھنے سمجھانے کی کوشش کی جائے کہ انگریزوں نے علم ترجمہ کے لیے کیا کاوشیں سر انجام دیں۔ اس موضوع پر مطالعہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ انگریزوں کی آمد سے پہلے فن ترجمہ نگاری یا ترجمہ کی سائنس کا تصور نہ ہونے کے برابر تھا۔ اردو ادب میں اس کی مثالیں شاذ ہی مشاہدہ میں آ سکتی ہیں۔ علم ترجمہ تو ترقی پسند رویہ ہے۔ یہ رویہ علم ہے، سائنس ہے، ترقی ہے اور سب سے بڑھ کر مستقبل ہے۔ ایسا مستقبل جو زمانہ حال میں بھی ایک خطہ کے عوام کو دوسرے خطے کے عوام سے جوڑ دیتا ہے۔ وہ لوگ اپنی خوشیاں اور غم ایک دوسرے کو نہ صرف سمجھا سکتے ہیں بلکہ ان میں حصہ داری بھی کر سکتے ہیں۔ علم ترجمہ کی یہ فضیلت انگریزوں سے پہلے ہندوستان کے عوام کو اس طرح نصیب نہ ہو سکی۔ جس طرح ان کے دور میں سب کچھ ہوا مگر پھر بھی کچھ نہ ہوا یعنی ناکافی ہوا۔ یہ احساس درد اور تکلیف کا باعث ہے جو اس ردعمل پر مجبور کرتا ہے کہ انگریزوں کے علم ترجمہ کی ترویج کے عمل کو دُرست سیاق و سباق میں سمجھنے کی اور پیش کرنے کی کوشش کی جائے۔ انگریزوں نے اپنے سامراجی، نو آبادیاتی، سیاسی، ریاستی، حکومتی مقاصد کے ساتھ ساتھ تجارتی مقاصد کے حصول کے لیے ہندوستان میں تعلیم و تعلّم اور خاص طور پر ترجمہ کی ترویج کے لیے فورٹ ولیم کالج کی بنیاد رکھی۔

☆☆☆

۳
فورٹ ولیم کالج

مغل شہنشاہ اورنگ زیب نے انگریزوں کو کلکتہ کے قریب ایک قطعہ زمین تحفہ کیا جس پر ایک قلعہ تعمیر کر دیا گیا۔اس قلعہ کے اندر انگریز اپنا سیاسی، تجارتی اور جنگی کاروبار کرتے تھے۔ انگلستان سے آنے والے ایسٹ انڈیا کمپنی کے تمام ایجنٹ اس قلعہ کے دفتری مراکز میں حاضری دیتے تھے اور انہیں مستقبل کا لائحہ عمل بتایا جاتا تھا۔تجارتی، سیاسی اور جنگی مقاصد کو زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کے لیے اپنے اس ادارے کو ''فورٹ ولیم کالج'' کے نام سے علمی مرکز بنا دیا۔ یہ ادارہ انگریزوں کا دوگونہ Dual عمل تھا۔اس عمل کو مفاد پرستی اور منافقت Hypocrisy بھی کہا جا سکتا ہے۔ بدنیتی پر مبنی ان نیکیوں کا ثمر ہندوستان کے عوام کو ضرور ملا۔ یہ عمل بہت ہی نفاست اور باریک بینی پر مبنی تھا۔کوئی شک نہیں کہ انگریز علم ترجمہ کے ذریعے ہندوستان میں اپنی ابلاغی صلاحیت کو ترقی دینا چاہتے تھے تا کہ تجارت، سیاسی اور جنگی مقاصد کو زیادہ سے زیادہ حاصل کیا جائے۔ وہ اس میں حسبِ دل خواہ کامیاب بھی رہے۔اس عمل کا دوسرا پہلو یہ تھا کہ وہ ہندوستان کی عوام کے لیے تراجم کے ذریعہ جدید علوم کو متعارف کروانا چاہتے تھے۔ یہی خواہش ہندوستان کے عوام سے اظہار کی جاتی تھی۔ واقعتاً جب ایسا ہو ہی رہا تھا تو اس کو مان ہی لینا بنتا ہے۔تاہم اس کے حقیقی سیاق وسباق کو کبھی بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ڈاکٹر مرزا حامد بیگ اس موضوع پر رقم طراز ہیں:

''ہندوستان میں مغل سلطنت کے زوال کے ساتھ جوں جوں کمپنی کا اقتدار مستحکم ہوا اور مقبوضات میں جس قدر اضافہ ہوا، انگریزوں نے اسی قدر شدت کے ساتھ ہندوستان میں ایک تربیتی ادارے کی کمی کو محسوس کیا۔ یہ ایک ایسے ادارے کا تصور تھا جس میں انگلستان سے نئے بھرتی ہو

کر آنے والے انگریز ملازمین کی تربیت کی جا سکے۔ جب انگریزی یہ سوچنے کے قابل ہوئے تو اس وقت تک ہندوستان کی دفتری زبان فارسی تھی اور عوامی بول چال کی زبان ہندوستانی (یا اردو)۔ کمپنی کے ملازمین کی اس مقامی زبان سے ناآشنائی شدت سے محسوس ہوئی۔ اس وقت تک اردو زبان میں صوفیاء کرام کی کوششوں سے مذہبی اصطلاحات کا کافی بڑا ذخیرہ فراہم ہو چکا تھا اور دکھنی الفاظ سے قطع نظر اس زبان کی سادگی اور بے تکلفی کے باعث عوام الناس میں اس کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے اس کی ترقی کے امکانات خاصے روشن تھے۔ انگریزون نے ان امکانات کو بہت پہلے بھانپ لیا تھا، جس کا ایک ثبوت ۲۲ دسمبر ۱۶۷۷ء کو قلعہ سینٹ جارج مدراس کو لکھا گیا ایک مراسلہ ہے: اس بات کا اعادہ کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے جو ملازمین فارسی سیکھیں گے ان کو دس پونڈ اور جو انڈسٹان (ہندوستانی یا اردو زبان) زبان سیکھیں گے ان کو بیس پونڈ بطور انعام دیے جائیں گے، نیز یہ کہ اس زبان کی تعلیم دینے والے کسی مناسب آدمی کا انتخاب بھی کیا جائے گا۔'' [1]

اگر اس موضوع کا جائزہ لیا جائے کہ انگریزوں نے سولہویں صدی سے بیسویں صدی تک کیا علمی ترقی کے اقدامات کیے تو اندازہ ہوتا ہے کہ وہ تسلسل کے ساتھ اس کام میں مصروف رہے۔ سب سے پہلے انہوں نے انجیلِ مقدس کے تراجم سے آغاز کیا۔ یہ آغاز ہندوستان میں عیسائیت کی تبلیغ شروعات کی طرح تھا۔ ہندوستان کے ذات پات کے مارے ہوئے اور معاشی طور پر طبقات زدہ لوگ بڑی آسانی سے یسوع مسیح کی مہربان تعلیمات کو تسلیم کر لیتے تھے۔ یہ مرحلہ ہندوستان میں عیسائیت کا آغاز تھا۔ بائبل یا اناجیل کے بے شمار تراجم کے علاوہ دوسرے موضوعات پر بھی بہت معنی خیز کام کیا گیا۔ عہدِ حاضر میں پاکستان، ہندوستان اور بنگلہ دیش میں مسیحی عوام کی موجودگی انہی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ جب انگریزوں نے انجیلِ مقدس کے تراجم اور عیسائیت کی تبلیغ کے لیے اقدامات کیے تو ان میں مشنری سکول، مشنری ہسپتال اور اس طرح کے دیگر فلاحی ادارے شامل تھے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اسی عہد میں ہندوستان میں روہیل کھنڈ کے اضلاع میں پانچ ہزار

علما اسلامی تعلیمات کے عمل میں مصروف تھے۔ بنگال میں اسی ہزار مدرسے تھے۔ سندھ کے صرف ایک شہر ٹھٹھہ میں چار سو سے زائد اسلامی دارالعلوم موجود تھے۔ اس سب کے باوجود انگریزوں کے اقدامات جدید علوم سے تعارف کا اہم ترین ذریعہ تھے۔ انہوں نے اپنے خیالات اور علوم کے فروغ کے لیے سائنسی بنیادوں پر کام کیا۔ مدرسہ طبابت حیدر آباد دکن ۱۸۴۵ء میں قائم ہوا۔ انجینئر نگ کالج رُڑکی ۱۸۵۶ء میں بنیاد کیا گیا۔ اسی انجینئر نگ کالج میں تین سال بعد شعبہ تالیف و ترجمہ نے بھی کام شروع کر دیا۔ سائنٹفک سوسائٹی لکھنؤ ۱۸۳۱ء میں قائم ہوئی۔ اسی طرح کی ایک سوسائٹی آگرہ میں ۱۸۳۳ء میں بنائی گئی۔ نواب شمس الامرا ثانی نے حیدر آباد میں سائنسی کتب کی تالیف و ترجمہ کے کام کا آغاز ۱۸۳۳ء میں شروع کیا۔ انجمن مجمع علم و ہنر مدراس ۱۸۵۳ء میں قائم ہوا۔ یہ تفصیل کافی طویل ہے تاہم درج ذیل فہرست اس سمت میں مختصر اشاروں کی طرح ہے۔

سائنٹیفک سوسائٹی غازی پور، ۹ جنوری ۱۸۶۴ء
روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی ۱۸۶۵ء
دارالعلوم دیوبند ۱۸۶۷ء
اورینٹل کالج لاہور ۱۸۶۹ء
مدرسۃ العلوم علی گڑھ ۱۸۷۵ء
انجمن پنجاب لاہور ۱۸۸۰ء
اسلامیہ کالج پشاور ۱۸۹۰ء
دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنو ۱۸۹۲ء
سلسلہ آصفیہ حیدر آباد دکن (لگ بھگ ۱۹۰۰ء)

یہ ادارے انگریزوں اور ہندوستان کے عوام کے اشتراک سے نئے علوم اور خیالات کی تحریکوں کی طرح تھے۔ انگریزوں کے اصل مقاصد جھوٹ ہونے کے باوجود بھی کسی طرح سچ سے کم ثابت نہ ہوئے۔ اس عہد سے پہلے مسلمانوں کی ہزار سالہ بادشاہتوں اور اس سے پہلے کے زمانوں میں کسی نے بھی، دارالتراجم، کالج، یونیورسٹیاں، ہسپتال، سڑکیں، ڈاک کا جدید نظام، ریلوے کا نظام، ذرائع ابلاغ اور ذرائع آب پاشی کی طرف کبھی کسی نے توجہ نہ دی۔ انگریز اگرچہ اپنی حکمت عملی اپنے حق میں ہی بناتے تھے مگر ان کو اس اعزاز سے محروم نہیں کر سکتا کہ انہوں نے جو

کچھ ہندوستان کے عوام کے لیے کیا وہ اس سے پہلے ہندوستان کے مسلمان اور ہندو تاجداروں نے کبھی نہ کیا۔ ہاں البتہ شیر شاہ سوری کے کچھ اقدامات قابل قدر اور قابل ذکر ہیں۔ مگر اس کے اقدامات اس کے بعد عوام میں مربوط اور مفید یا قابل عمل Sustainable نہ رہ سکے۔ خاص طور سے سڑکوں اور ڈاکخانوں کا نظام متعارف کروانا اس عہد میں شیر شاہ سوری کا یہ کارنامہ کسی ایجاد سے کم نہ تھا۔ ڈاکٹر مرزا حامد بیگ اس موضوع پر ڈاکٹر گلکرائسٹ کی ایک تحریر حوالہ کے ساتھ اس طرح درج کرتے ہیں:-

''خداوند کے فضل و کرم سے ہندوستان میں برطانیہ عظمیٰ کے سیاسی و فوجی اقتدار کو جو مسلسل کامیابی اور کامرانی و جنگوں میں جو پیہم فتح و نصرت نصیب ہوئی ہے اس کی وجہ سے نیز (برطانیہ عظمیٰ کی) منصفانہ، دانش مندانہ اور اعتدال پسندانہ پالیسی کے سبب ہندوستان و دکنّ کے وسیع علاقے برطانیہ عظمیٰ کے تحت اور انگلش ایسٹ انڈیا کمپنی کے زیر تسلط آ گئے ہیں اور حالات کے ساتھ ساتھ ایک مضبوط سلطنت قائم ہو گئی ہے جو متعدد آباد اور زرخیز صوبوں پر مشتمل ہے جہاں مختلف قومیں آباد ہیں، جن کے مذہب، زبان نیز عادات و اطوار ایک دوسرے سے جداگانہ ہیں۔ ان سب پر الگ الگ مختلف ضوابط اور مختلف رسوم کے مطابق اب تک حکومت کی جاتی رہی ہے۔ برطانوی قوم کے مقدس فرض، ان کے حقیقی مفاد، ان کی عزت اور ان کی حکمت عملی کا یہ تقاضا ہے کہ ہندوستان کی برطانوی سلطنت کی حدود میں عمدہ عملداری قائم کرنے کے لیے مناسب اقدامات کیے جائیں۔''[2]

انگریزوں کی دوگونہ Dual حکمت عملی Policy اس ہاتھ کی طرح تھی جس کی ہتھیلی میں ہندوستان کی عوام کے لیے پھول تھے اور اس سے باہر ہاتھ کی بند پشت کسی خوف ناک مکّے کی طرح تھی۔

حوالہ جات

۱۔ مغرب سے نثری تراجم، ڈاکٹر مرزا حامد بیگ، ص۱۲۲۔۱۲۱، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد، ۱۹۸۸ء

۲۔ مشمولہ ''مغرب سے نثری تراجم''، ڈاکٹر مرزا حامد بیگ، ص۱۲۲۔۱۲۱، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد، ۱۹۸۸ء

☆☆☆

۴

ڈاکٹر جان گل کرائسٹ

ہندوستان کی تاریخ مغلوں اور انگریزوں کے ذکر کے بغیر نہ آغاز ہوسکتی ہے نہ انتہا۔ اسی طرح ہندوستان میں انگریزوں کی تاریخ فورٹ ولیم کالج کے حوالہ کے بغیر نامکمل رہتی ہے۔ فورٹ ولیم کالج کی تاریخ کا تمام تر انحصار ڈاکٹر جان بورتھ وک گلکرائسٹ پر ہے۔ اس کے ذکر کے بغیر فورٹ ولیم کالج بے ذکر رہ جاتا ہے۔ وہ بڑی دلچسپ شخصیت تھا۔ نہایت ذہین محنتی، دیانت دار، نتیجہ خیز کارکردگی کا قائل۔ کچھ تاریخ دان اور شخصیت نگار اُسے ''زُود رنج'' بھی کہتے ہیں۔ وہ کثیر جہتی شخصیت تھا اور تعصّبات سے پاک۔ انسانی خطا کو تو یوں بھی استثنا Exception حاصل ہوتا ہے ہاں البتہ سوچے سمجھے اور منصوبہ بندی کے تحت کیے ہوئے جرائم کسی معافی، تلافی کے حق دار نہیں ہوتے۔ ڈاکٹر کرائسٹ کا حوالہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے ساتھ محدود کر دیا جائے تو وہ بھی استحصالی، نوآبادیاتی اور سامراجی دَراندازانگریزوں کا حصہ تھا۔ لیکن اگر اس حقیقت سے ہٹ کر صرف اس کی ذات اور کردار کا مطالعہ کیا جائے تو وہ بہت ہی مختلف اور محترم نظر پڑتا ہے۔

ڈاکٹر کرائسٹ تعلیم اور پیشہ کے لحاظ سے ''طبیب Doctor of Medicine'' تھا۔ وہ ہندوستان کے شہر سُورت میں بنگال آرمی کے بمبئی دستے میں سرجن Surgeon کی حیثیت سے بھی کام کرتا رہا۔ مگر اس کی روح زبان وادب سے متعلق تھی اور اس کا زبان وادب مشرق کے ساتھ۔ اُسے اگر ماہرِ شرقیات Orientalist بھی کہا جائے تو سچ ہی ثابت ہوگا۔ اُس نے عربی، فارسی اور ہندوستانی یا اُردو زبان پر بے مثال کام کیا۔ اس کا کام اس وقت منظر عام پر آیا جب اُردو زبان ہندوستانی کہلاتی تھی اور لکھنے والے اسے ابلاغی قدروں کے بغیر ہی لکھتے تھے۔ اس سے مراد ہے کہ لکھنے والوں کا اسلوب، لغت اور جملہ کی ساخت Syntax اس نوعیت کے ہوتے

تھے کہ بہت ہی محنت سے بے حد تجربہ کارقاری ہی ان کو سمجھ سکتا تھا۔ وہ عوام کے لیے ہر کسی کے فہم کے قابل نہ ہوتے تھے۔ یہ سانحہ ہندوستان میں ہندوستانی ہی وارد کر رہے تھے۔ یہ امر کوئی الزام نہیں ہے البتہ اردو زبان کے ارتقائی عمل میں علمی کوتاہی ضرور تھا۔ ڈکٹر گلکرائسٹ نے لارڈ ویلزلے کے اختیارات کے سائے میں ''اورینٹیل سیمی نیری'' کے نام سے شرقیات کے مطالعہ کے لیے ایک ادارہ ترتیب دیا۔ یہ ادارہ یکم فروری ۱۷۹۹ء سے کام کرنے لگا۔ اس ادارہ میں ہندوستان کے عربی، فارسی، ہندوستانی اور انگریزی سمجھنے والے لوگوں کو مُنشی کے عہدہ کے لیے منتخب کیا گیا۔ اگرچہ اس زمانہ میں منشی کا منصب پروفیسر کے برابر تھا پھر بھی یہ بات دلچسپی سے خالی نہیں کہ انہیں منشی ہی کیوں کہا جاتا تھا اور پروفیسر کیوں نہیں کہا جاتا تھا۔ اردو زبان کے ارتقاء میں لفظ منشی استاد، انشاء پرداز سے لے کر کلرک Clerk تک پھیلتا چلتا جاتا ہے۔ منشی کے استاد کے تصور میں کافی آلودگی اور تحقیر نظر آتی ہے۔ تاہم اُس زمانے میں ایسا محسوس نہیں ہوتا تھا۔

ڈاکٹر گلکرائسٹ سب سے پہلے تعلیم مکمل کرنے کے بعد برطانیہ سے ویسٹ انڈیز چلا گیا اور ۱۷۸۲ء میں بمبئی آ پہنچا۔ اس زمانے میں کلکتہ کے علاقوں میں انگریزوں کو خاص قطعہ اراضی مغل بادشاہ اورنگ زیب عالمگیر نے عطاء کیا۔ ڈاکٹر کرائسٹ بھی اسی اراضی کے ایک حصہ میں مدراس کے علاقہ میں نیل کی کاشت کا کام کرتا تھا۔ مگر ایک طرف تو یہ کام زیادہ منافع بخش نہ تھا دوسرے اس علاقہ میں انگریزوں کے خلاف کافی نفرت اور انتقام کا جذبہ پایا جاتا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ ڈاکٹر کرائسٹ انہی وجوہات کی بنیاد پر نیل کی کاشت چھوڑ گیا۔ مگر راقم الحروف یہ نتیجہ اخذ کرتا ہے کہ اسے اس کی اُفتادِ طبع نے مجبور کیا اور وہ جس کام کے لیے فطرت کے ہاتھوں بنایا گیا تھا اسی کام کے لیے خاص ہوا۔ وہ زبان و ادب سے خمیر ہوا تھا اور زبان و ادب ہی کو تعمیر کرنا چاہتا تھا۔ انگریز افواج کے ساتھ جب وہ سورت سے فیض آباد کا سفر کر رہا تھا تو اس نے مشاہدہ کیا کہ ان علاقوں میں جو زبان بولی جاتی ہے یہ وہی زبان ہے جس میں وہ ایک مکمل لُغات تیار کرنے کا آرزو مند تھا۔ اس نے سورت میں قیام کے دوران ہی اپنی ہندوستانی لُغات اور قواعد تیار کرنے کا کام شروع کر دیا تھا۔ اس لیے اس نے سورت سے فیض آباد اور فیض آباد سے فیض گڑھ کے راستے سے گزرتے ہوئے کرنل چارلس مورگن سے ایک سال کی چھٹی کی درخواست کی۔ اس نے یہ چھٹی تنخواہ کے ساتھ طلب کی جو کہ منظور کر لی گئی۔ یہ چھوٹا سا واقعہ ڈاکٹر کرائسٹ کی زندگی کا بہت بڑا

موڑ تھا۔ وہ سال بھر ان تمام علاقوں میں یعنی لکھنؤ، فیض آباد، الہ آباد، جون پور، بنارس اور ان سے متعلقہ نواحی علاقوں میں پھرتا رہا اور ''ہندوستانی'' اور اس کی اصلیت کو سمجھنے کی کوشش کرتا رہا۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ اپنی لُغات اور قواعد کی کتابوں پر کام کرتا رہا۔ اسی دوران میں اُسے مزید چھٹی مل گئی اور وہ بنارس کے علاقے میں نیل کی کاشت کے ساتھ ساتھ اپنا کام بھی کرتا رہا۔ اس دوران میں اس نے ہندوستانی لُغات کی تین جلدیں مکمل کیں۔ اس نے اپنی اس تحقیق کا نام ''اورینٹل لنگوئسٹ Oriental Linguist'' رکھا۔ اس دوران وہ بنارس سے مایوسی کی حالت میں کلکتہ لوٹ آیا۔ اس کی تین جلدوں پر مبنی مذکورہ لُغات ''اورینٹل لنگوئسٹ'' ۱۷۹۸ء میں شائع ہوئی۔ اسی دوران میں انگریز اہل کاروں اور افسروں کے ایک دوسرے کے خلاف ساز باز کا عمل اختیار کیا۔ اس سے ڈاکٹر کرائسٹ بھی ذہنی اور جذباتی طور پر متاثر ہوا۔ وہ عملی آدمی تھا اور سیاسی تو بالکل بھی نہیں۔ اسے انگریز کی باہمی سیاست میں سازش نظر آتی تھی۔ اس کا خیال تھا کہ ہر کوئی دیانت داری سے کام کرنا چاہتا ہے اور کوئی کسی کے خلاف سازش کرنے کا ضرورت مند نہیں ہو سکتا۔ گر زندگی اپنی حقیقی صورت میں ایسی نہیں ہو سکتی۔ وہ بہت دل برداشتہ ہوا۔ اس کے بعد اس نے حکام کو لکھا کہ وہ واپس انگلستان جانا چاہتا ہے تو لارڈ ویلزلے نے اسے آمادہ کیا کہ وہ کمپنی کی سرپرستی میں ایک ایسا ادارہ منظّم کرے جس میں انگریز کمپنی کے نئے ملازمین جو انگلستان سے آئے ہوں، کو ہندوستانی فارسی اور عربی کی تعلیم دی جائے۔ لارڈ ویلزلے کا رویہ اس کے ساتھ بہت ہی احترام کا تھا اور وہ ہندوستان میں رہ کر زبان کی خدمات سرانجام دینے کو تیار ہو گیا جس کے نتیجہ میں ''اورینٹل سیمی نیری'' کو قائم کیا گیا۔ ابتداء میں انگلستان سے آئے ہوئے نئے اٹھائیس ملازمین کو اس ادارے میں تربیت دی گئی۔ اس کا نتیجہ کامیابی کی شکل میں نکلا۔ لارڈ ویلزلے نے سیمی نیری کو ختم کر کے فورٹ ولیم کالج کے نام سے بڑا ادارہ قائم کر دیا۔ ڈاکٹر جمیل جالبی اس مرحلہ کے متعلق لکھتے ہیں:-

> ''اسی کے ساتھ گلکرسٹ کی زندگی کا وہ باب کھل گیا جس کے باعث وہ
> اردو زبان و ادب کی تاریخ میں عزت و احترام کے ساتھ زندہ ہے۔'' [1]

ڈاکٹر کرائسٹ نے فورٹ ولیم کالج میں بہت محنت کی۔ سادہ ہندوستانی زبان یا اردو کے لیے منشی مقرر کیے گئے۔ کالج کے کام اور طباعت اور دیگر امور کی دیکھ بھال کے لیے'' کالج

کونسل'' قائم کی گئی۔ لازم تھا کہ فورٹ ولیم کالج میں جو بھی کتابیں مکمل کی جائیں اور ان کو شائع کیا جائے اس مقصد کے لیے کونسل کی منظوری ضروری تھی۔ لیکن ڈاکٹر کرائسٹ چونکہ بہت زیادہ سرکاری آدمی نہیں تھا، وہ اپنے جذبوں میں پُرخلوص تھا اور کام میں محنتی تھا۔ اس نے اپنے منشیوں سے بارہ کتابیں مکمل کروائیں اور انہیں طباعت کے لیے کلکتہ کے مختلف چھاپہ خانوں میں بانٹ دیا تاکہ وہ جلد از جلد شائع کر دیں۔ ان کتابوں میں مسکین کے مرثیے، سنگھا سن بتیسی، شکنتلا ناٹک، اخلاق ہندی، مادھونل، بیتال پچیسی ناگری رسم الخط میں اور چہار درویش، مثنوی میر حسن، گلستان کا اردو ترجمہ، توتا کہانی، گلشنِ ہند اردو رسم الخط میں اور ''مشقیں'' کے نام سے بارھویں کتاب اردو، ناگری، رومن رسم الخطوں میں شامل تھیں۔

جب ڈاکٹر کرائسٹ نے کالج کونسل کے سیکرٹری کو ان کتابوں کی اشاعت کے بارے میں آگاہ کیا تو سیکرٹری نے کالج کونسل کی طرف سے فیصلہ لکھ بھیجا کہ ان کتابوں کی اشاعت بند کر دی جائے اور کوئی اخراجات نہ کیے جائیں۔ ڈاکٹر کرائسٹ کے لیے یہ بات بہت ہی تکلیف دہ تھی۔ اس نے جواباً کالج کونسل کو لکھا:-

> ''ہندوستانی کے پروفیسر کے حیثیت سے یہ اس کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے کاموں کو آگے بڑھائے جو اس زبان کی ترقی کے لیے مفید ہوں۔ ہندوستانی ابھی ناپختہ حالت میں اپنے ابتدائی مرحلے میں ہے اور یہ زبان کبھی اپنے سنِ بلوغت کو نہیں پہنچ سکے گی اگر پیدائش کے وقت ہی اسے سخت مالی و رسمی پابندیوں سے جکڑ دیا گیا۔''[2]

ڈاکٹر کرائسٹ نے کچھ اور شرائط کے ساتھ یہ بھی لکھ بھیجا کہ وہ ان کتابوں کی اشاعت کے تمام تر اخراجات خود اٹھانے کو تیار ہے۔ ڈاکٹر کرائسٹ کی اس پُرخلوص پیش کش پر ڈاکٹر جمیل جالبی نے اپنی تاریخ ادبِ اردو جلد سوم میں بڑی صراحت سے تبصرہ کیا ہے۔ پروفیسر سید وقار عظیم کی تالیف اور ڈاکٹر سید معین الرحمٰن کی ترتیب و تعارف و تعلیقات پر مبنی کتاب ''فورٹ ولیم کالج تحریک اور تاریخ''، میں بھی اس موضوع پر بہت ہی وضاحت سے رائے دی گئی ہے۔ اسی کتاب میں سید سبطِ حسن، ضمیر نیازی اور نجم الاسلام نے بھی رائے دی ہے۔

ڈاکٹر کرائسٹ کی تجاویز ناقابلِ شکست تھیں۔ ان کے خلاف کسی دلیل کی گنجائش نہ تھی

اور کالج کونسل نے ان کو جوں کا توں تسلیم کر لیا۔ ڈاکٹر کرائسٹ نے ہندوستانی پریس کے نام سے ایک ادارہ قائم کر دیا۔ اس ادارے کی وساطت سے وہ اپنے خوابوں کو تعبیر کرنا چاہتا تھا۔ وہ اپنی ذات میں سچا تھا مگر اسے یہ یقین تھا کہ انگریز نوکر شاہی اسے اتنی آزادیاں نہ دے گی۔ نوکر شاہی ذہین لوگوں کے انتخاب پر مشتمل ہوتی ہے جنہیں درمیانے درجے کے انسانوں کے سانچوں میں ڈھال دیا جاتا ہے۔ اس طرح نوکر شاہی کے پُرزے اوسط درجے کی پیداوار سے بڑی پیداوار دے ہی نہیں سکتے۔ ہاں البتہ ڈاکٹر کرائسٹ جیسے سرکش لوگ نوکر شاہی میں ساری عمر لڑ جھگڑ کر، اپنی ذات کے تصادم کو سہہ کر اپنا اپنا خواب بھی مکمل کر لیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی تعداد آٹا میں نمک کے برابر ہی ہوتی ہے تاہم ان کی کارکردگی نہ صرف بے مثال بلکہ بصیرتوں سے مُنوّر اور لازوال بھی ہو سکتی ہے۔ ڈاکٹر کرائسٹ نے کتابوں کی اشاعت کے بعد ہندوستان کے تیس منشیوں کے لیے انعام کی سفارشات بھیجیں اور انگریز نوکر شاہی نے کمال فیاضی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صرف پانچ منشیوں کے لیے انعام کی تجاویز منظور کیں۔ اس طرح کی صورت حال ڈاکٹر کرائسٹ کے لیے کبھی بھی قابلِ قبول نہ تھی اور وہ اپنی ذات، حیثیت میں الجھاؤ اور تصادم یا زُود رنجی کا شکار رہتا۔ ڈاکٹر کرائسٹ نے چار پانچ سال کے مختصر عرصہ میں مجموعی طور پر ساٹھ کتابیں تیار کروائیں جن میں کچھ شائع ہو گئیں، کچھ زیرِ اشاعت تھیں اور کچھ طباعت کے لیے تیار۔ طباعت کے لیے تیار کتابوں کی تعداد تیئیس تھی۔ ان کتابوں کی تکمیل اور وقت کا دورانیہ ڈاکٹر کرائسٹ کی لگن، محنت اور خلوص کو ثابت کرتا ہے۔ ڈاکٹر کرائسٹ نے انگریز نوکر شاہی کو نشانہ بناتے ہوئے کالج کونسل کو لکھا:-

> ''یونانی و لاطینی (زبانیں) اب برطانیہ عظمیٰ میں استعمال سے زیادہ اپنی قدامت کی وجہ سے محترم سمجھی جاتی ہیں۔ اور فرانسیسی (زبان)، اگر ہم اپنی دیسی زبان (انگریزی) سے اس کا مقابلہ کریں تو وہ بھی (اب) معمولی قدر و قیمت کی مالک ہے۔ اگر ہم مشابہت کے تعلق سے دیکھیں تو ''ہندوستانی'' (زبان) بھی ہندوستان کی دوسری زبانوں کے مقابلے میں اسی طرح بلندیاں طے کرے گی (اگر وہ مخالفانہ و نامبارک حالات میں جبر و بے چارگی کا شکار نہ ہوئی) جس طرح انگریزی (زبان) نے ہمارے اپنے ملک میں، ایسی ہی صورت حال میں، عروج کے زینے طے

کیے تھے۔۔۔۔۔‘‘[3]

کالج کونسل نے ڈاکٹر کرائسٹ کی درخواست کو رد کر دیا۔ وہ اسے اپنے نظم ونسق اور طریقِ حکمرانی کے خلاف سمجھتے تھے۔ انہوں نے اس کا، کتابوں کا اشاعتی منصوبہ منجمد کر دیا۔ دوسرے پروفیسروں کے مقابلے میں اس کی تنخواہ بھی کم تھی۔ وہ اس سارے عمل سے اس قدر بد دل ہوا کہ واپس انگلستان لوٹ جانا چاہتا تھا۔ مگر پھر لارڈ ویلزلے آڑے آئے اور انہوں نے ڈاکٹر کرائسٹ کو قائل کرنے کی کوشش کی کہ وہ ہندوستان میں اپنے منصوبے جاری رکھیں اور زیادہ سے زیادہ تراجم کرائیں۔ وہ کچھ عرصہ کے لیے تو اسی آرزو میں ٹھہرا رہا بالآخر مکمل مایوسی کا شکار ہوتے ہوئے اپنی صحت کی خرابی کی بنیاد پر استعفاء دے کر انگلستان روانہ ہو گیا۔ اس کا اپنی ’’ہندوستانی‘‘ یعنی اردو کو مقبول، ہر دل عزیز اور آسان ترین زبان کے طور پر مکمل کرنے کا خواب ادھورا رہ گیا۔ مگر وہ اپنے خواب کی تعمیری تعبیر چھوڑ گیا اور جدید اُردو اسی پر خمیر ہے۔ وہ اپنے خوابوں سمیت جنم بھومی کی طرف لوٹ گیا۔

وہ ۱۸۰۴ء میں وطن واپس پہنچا اور اس کی مادرِ علمی، ایڈنبرا یونیورسٹی نے اسے ’’ایل۔ایل۔ڈی‘‘ کی اعزازی ڈگری عطاء کی۔ یہ دراصل اس کی ہندوستان میں ’’ہندوستانی‘‘ کی خدمات کا اعتراف تھا۔ اس کے بعد وہ لندن گیا اور ہندوستانی کے متعلق مختلف یونیورسٹیوں میں لیکچرز دینے لگا۔ تھوڑے ہی عرصے بعد واپس ایڈنبرا آ گیا اور تجارت کے لیے ’’بینک آف ایڈنبرا‘‘ کے نام سے ’’کمپنی‘‘ قائم کی۔ مگر اپنی فطرت میں وہ نہ تاجر تھا نہ بینک میں کرنسی کی گنتی کرنے والا۔ لہٰذا اس نے یہ سب کچھ بہت جلد چھوڑ دیا۔ اس کی اُفتادِ طبع کا تقاضا تھا کہ وہ اپنی ’’ہندوستانی‘‘ یعنی اُردو کے خیالوں ہی میں زندہ رہے۔ اس نے دوبارہ ایسٹ انڈیا کمپنی سے رابطہ کیا اور کمپنی نے اسے لندن میں اُردو کے پروفیسر کا مرتبہ عطاء کیا۔ تھوڑا عرصہ ہی گزرا تھا کہ وہ پھر سے ایسٹ انڈیا کمپنی کی نوکرشاہی کے ’’درمیانے درجے کی ذہنیت‘‘ سے جھگڑ پڑا کیونکہ وہ خود اوسط درجے سے بے حد بلند اور بڑا تھا۔ وہ مایوسی کے عالم میں پیرس چلا گیا۔ وہ برطانیہ میں سکاٹ لینڈ کے علاقہ ایڈنبرا ۱۷۵۹ء میں پیدا ہوا اور ۱۸۴۱ء میں پیرس میں اس دنیا سے اپنی ’’ہندوستانی‘‘ کے خوابوں سمیت اس دنیا سے رُخصت ہو گیا۔

اس نے ہندوستان میں مختلف زبانوں کے تراجم کا آغاز کیا۔ یہ آغاز اسی کا اعزاز تھا

۔ اس اعزاز کی ایک دلخراش سی دلچسپ تشریح یہ بھی ہے کہ ترجمے کے کام کے آغاز کا اعزاز کسی ہندوستانی کو نصیب نہ ہوا۔ برطانیہ کے استحصالی، نوآبادیاتی اور سامراجی دَر اندازوں میں سے ڈاکٹر کرائسٹ نے یہ اعزاز اپنے نام کیا۔ اس نے ’’اورینٹل سیمی نیری‘‘ اور ’’فورٹ ولیم کالج‘‘ میں جو بے مثال خدمات سرانجام دیں ان میں تراجم کی نعمت کا منصب سب سے اعلیٰ

ہے۔ اس کے علاوہ اس نے از خود جو کام کیا وہ تراجم کرانے سے بھی عظیم اعزاز کا کام تھا۔ اس کی مشہور ترین تالیفات، تحقیق اور دیگر موضوعات پر درج ذیل کتابیں اردو ادب کی تاریخ میں خاص اہمیت رکھتی ہیں۔

۱۔ ’’اے ڈکشنری، انگلش اینڈ ہندوستانی‘‘ (A Dictionary English and Hindustani)

۲۔ ’’اے گرائمر آف دی ہندوستانی لینگوئج‘‘

۳۔ ’’اپینڈکس‘‘ (Appendix)

۴۔ ’’دی اورینٹل لنگوسٹ‘‘ (The Oriental Linguist)

۵۔ ’’دی انٹی جارگونسٹ‘‘ (The Anti Jargonist)

۶۔ ’’اے نیو تھیوری آف پرشین وربز‘‘ (A New Theory of Persian Verbs)

۷۔ ’’ہندوستانی ایکسرسائزیز‘‘ (Hindustani Excercises)

۸۔ ’’دی اسٹرینجرس ایسٹ انڈیا گائیڈ ٹو دی ہندوستانی یا دی گرینڈ لینگوئج آف انڈیا امپروپرلی کالڈ مورس‘‘ (The Strangers East India Guide to the Hindustani or The Grand Language of India Improperly Called Moors)

۹۔ ’’دی ہندوستانی ڈائریکٹری اور اسٹوڈنٹس انٹروڈکٹر ٹو دی ہندوستانی لینگوئج‘‘ (The Hindustani Directory or Students Introductor to the Hindustani Language)

۱۰۔ ’’دی ہندوستانی پرنسپلز‘‘ (The Hindustani Principles)

۱۱۔ ’’پریکٹیکل آؤٹ لائنز اور اے سکیچ آف ہندوستانی اورتھوئے پی‘‘ (Practical Outlines or a Sketch of Hindustani Orthoepy)

۱۲۔ ’’ہندوستانی۔عریبک مرر‘‘(The Hindustani-Arabic Mirror)

۱۳۔ ’’دی ہندوستانی مینول یعنی دی کاس کیٹ آف انڈیا‘‘ (The Hindustani Manual or the Casket of India)

۱۴۔ ’’دی ہندی رومن اورتھوئے پی گرفیکل الٹی میٹم‘‘ (The Hindee Roman Orthoepigraphical Ultimatum)

۱۵۔ ’’دی ہندی اسٹوری ٹیلر‘‘(The Hindee Story Teller)

۱۶۔ ’’دی اورینٹل فیبولسٹ‘‘(The Oriental Fabulist)

۱۷۔ ’’دی مورل پری سیپٹر‘‘یعنی اخلاق ہندی (The Moral Preceptor or Akhlaq-e-Hindee)

۱۸۔ ’’قاعدہ ہندی ریختہ عرف رسالہ گلکرسٹ‘‘[4]

ڈاکٹر کرائسٹ کی خدمات کو سید سبط حسن خراج تحسین پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

’’ڈاکٹر جان گلکرائسٹ کو ہندوستانی (اُردو) زبان سے والہانہ محبت تھی۔‘‘[5]

ڈاکٹر کرائسٹ کی اردو کے لیے خدمات کا جائزہ لیتے ہوئے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اس کی زندگی کی سب سے بڑی ترجیح اردو زبان کی ترقی اور ترویج تھی۔ اس کے چھوڑے ہوئے لسانی ورثے سے یہی کچھ ثابت ہوتا ہے۔ ان کا مزاج سخت گیرانہ اس لیے تھا کہ وہ خود بہت محنتی تھا اور ہر کسی سے اس سے زیادہ محنت کا تقاضا کرتا تھا۔ وہ ایک بہت بڑا البصیرت افروز ذہن تھا اور چھوٹے چھوٹے نوکر شاہی کے کل پُرزوں سے بے زار ہوتا تھا۔ یہ بہت ہی جائز رویہ تھا۔ وہ تہذیبی معیار کا علمی کام کرنا چاہتا تھا اور نوکر شاہی کے بَونے بدتمیزی کی طرح اپنے فیصلے اُسے سناتے تھے۔ اس کی زُود رنجی اس صورت حال کا فطری نتیجہ تھی۔ وہ جو کچھ کرنا چاہتا تھا اسے کرنے کی اجازت دی جاتی تھی اور عملی طور پر کام نہیں کرنے دیا جاتا تھا۔ اتنے بڑے آدمی کے لیے اتنی چھوٹی چھوٹی رکاوٹوں کے سامنے رُک جانا شکست و ریخت کا باعث ہوتا ہے اور بہت سی نفسیاتی مضمرات کا حامل بھی۔ یوں بھی یہ حقیقت ہے کہ استاد اور محقق جب اپنے کام میں سند حاصل کر لیتے ہیں تو اُن کا اپنی

ذات پر اعتماد کا بے حساب اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہ محض نفسیاتی عمل ہی نہیں، حقیقی بھی ہے۔ ان کی محنت اس کا موجودہ نتیجہ ان کو با اختیار بناتا ہے۔ یہ خود اختیاری رسمی بھی ہوتی ہے اور غیر رسمی بھی۔ رسمی اس لحاظ سے کہ ان کا کام ان کو اختیار کا جواز فراہم کرتا ہے۔ غیر رسمی یوں کہ یہ خود اختیاری کسی ادارے کی طرف سے نہیں ہوتی۔ ہاں یہ درُست ہے کہ ان کے مقابلے، مسابقے اور تضاد میں کوئی نہیں ہوتا۔

میر شعر علی افسوؔس اسے اپنے شعری اسلوب میں اس انداز میں خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

پیشوائے صاحبانِ عقل مسٹر گل کرست
صاحب عالی طبعیت، صاف طینت، باصفا
تو ہراک فن کا محقق ہے نہیں کچھ اس میں شک
مرتبہ غایت کو پہنچا ہے تری تحقیق کا
جامع الفاظ اردو دہر میں تو ہے فقط
خوبی تالیف تیری کوئی کب ہے جانتا
خصلتیں نیکوں کی جتنی ہیں وہ تجھ میں جمع ہیں
تیری مداحی جہاں تک کیجیے ہے وہ بجا[6]

حوالہ جات

[1] ڈاکٹر جمیل جالبی، تاریخِ ادبِ اردو، جلد سوم، ص ۴۱۴، مجلسِ ترقی ادب، لاہور، ۲۰۰۶ء۔

[2]Origins of Modern Hindustani Literature, M Atique Siddiqi, Page# 36, Aligarh 1963.

[3]Origins of Modern Hindustani Literature, M Atique Siddiqi, Page# 38, Aligarh 1963, مشمولہ تاریخِ ادبِ اُردو، جلد سوم، ص ۴۱۵، ڈاکٹر جمیل جالبی، مجلسِ ترقی ادب، لاہور، ۲۰۰۶ء

[4] ڈاکٹر جمیل جالبی، تاریخِ ادبِ اردو، جلد سوم، ص ۴۱۷-۴۲۰، مجلسِ ترقی ادب، لاہور، ۲۰۰۶ء۔

[5] سید سبطِ حسن، ''فورٹ ولیم کالج''، مشمولہ فورٹ ولیم کالج تحریک اور تاریخ، پروفیسر سید وقار عظیم، ڈاکٹر سید معین الرحمٰن، ص ۲۰۱، الوقار پبلی کیشنز لاہور، ۱۹۹۵ء۔

[6] کلیاتِ افسوس مرتبہ: سید ظہیر احسن، ص ۲۲۹، ادارہ تحقیقاتِ اردو، پٹنہ ۱۹۶۱ء۔

☆☆☆

۵

فورٹ ولیم کالج کے منشی

ہندوستان میں انگریزوں نے سولھویں صدی میں انفرادی طور پر آنا شروع کیا۔ اس کے بعد انفرادی آمد گروہوں اور آخر کار ایسٹ انڈیا کمپنی کے ہندوستان پر تسلط کی شکل میں تکمیل پذیر ہوئی۔ انگریزوں کی نوآبادیاتی اور سامراجی سوچ اور عمل سے تو کسی صورت انکار ممکن نہیں۔ مگر انہوں نے جو کچھ کیا اس میں سے بہت کچھ ہندوستانیوں کے لیے نئے اور جدید اقدامات کی طرح تھا۔ مثال کے طور پر ادب میں، قصیدہ اور شاعری کی دیگر اصناف میں شاہوں، راجوں، مہاراجوں کے درباروں میں پذیرائی حاصل کرتی تھی۔ اس سادہ سی معاشری حقیقت کو اور تقاضا کو کوئی نہیں سمجھتا تھا کہ معاشرے میں عمومی ابلاغ کا ذریعہ نثر ہوتی ہے۔ شاعری کا ادب و علم میں اپنا حُسن اور اہمیت ہے۔ مگر یہ معاشری اور عمومی ابلاغ کے تقاضے پورے نہیں کر سکتی۔ شاعری فنون لطیفہ کی معراج ہے۔ انگریز تہذیب اور اُن کے فلسفہ کے ارتقاء کا مطالعہ کیا جائے تو بات آسانی میں سمجھ آنے لگتی ہے کہ انگریز اس نتیجہ پر پہنچ چکے تھے اور اس پر عمل کرتے تھے کہ علم کو ہر حال میں ابلاغ ہونا چاہیئے۔ کسی قسم کی علمی رازداری یا خفیہ پن علم ہی کے خلاف سازش کی طرح ہے۔ جو علم ابلاغ نہ ہوا وہ یا تو علم تھا ہی نہیں یا پھر اس کو جہلائے کرام نے نفی کر دیا۔ کسی بھی صورت میں دیکھا جائے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ آسان اردو نثر کا آغاز انگریزوں کے عہد میں ہوا۔ چونکہ ہندوستانی یا اردو زبان پر عربی اور فارسی لُغت کا گہرا اثر تھا اور یہ زبان عمومی ابلاغ کے اہل بھی نہیں تھی۔ انگریزوں نے اپنی سیاسی، استحصالی، نوآبادیاتی اور سامراجی مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے آسان ترین اردو زبان کی ترویج کا اہتمام کیا تا کہ ہندوستان میں انگریز کارکن ہندوستان ہی کی زبان کو سمجھ سکیں۔ ہندوستانیوں کی زبان ہی میں بات کر سکیں۔ ان کی زبان کو براہ راست سمجھ سکیں اور اس کے مطابق اپنا ریاستی نظم و نسق مکمل کریں۔ بدنیتی پر مبنی یہ مقاصد بھی ہندوستان کے عوام کے

لیے خاص افادیت رکھتے تھے۔اس سرزمین کے بادشاہوں نے تعلیمی ادارے،ہسپتال،ذرائع آمدورفت ومواصلات،ذرائع آب پاشی اورشہری آبادکاریاں بنانے کے متعلق کبھی نہ سوچا تھا۔وہ جو باہر سے انگریز آئے انہوں نے ان ترقیاتی اقدامات کے ذریعے عوام کے لیے خصوصی سہولت کا بندوبست کیا۔اس بات کو یوں کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ انہوں نے جو کچھ اپنے لیے کیا اس میں سے بہت سی چیزوں کا بہت زیادہ فائدہ ہندوستان کے عوام کو بھی ہوا۔آسان اردو نثر کے متعلق بھی یہی بات درست ہے۔انگریزوں کے متعلق یہ مشاہدہ بے جا نہ ہوگا کہ وہ جو برائیاں کرتے تھے انہیں خفیہ رکھتے۔جو علمی اضافہ،ایجاد،دریافت کرتے سارے زمانے پر منکشف کر دیتے تھے۔عہد جدید میں بھی ترقی یافتہ معیشتوں کے لوگ اپنی علمی اچھائیاں پھیلا پھیلا کر ابلاغ کر دیتے ہیں۔وہ انہیں چھپا کر غیر محفوظ Insecure محسوس کرتے ہیں۔البتہ انہیں دنیا بھر میں ابلاغ کر کے محفوظ Secure ثابت کرتے ہیں۔ان کا اُردو یا ہندوستانی سے سلوک بھی ایسا ہی تھا۔

عربی،فارسی،انگریزی اور سنسکرت کے تراجم کے لیے فورٹ ولیم کالج میں متعدد ترجمہ کاروں کی خدمات حاصل کی گئیں۔ان ترجمہ کاروں کو منشی کہتے تھے۔یوں تو منشی سے مُراد انشاء پرداز ہے مگر اس کے مُرادی معنی عالم،استاد،ماہر ترجمہ کار یا ادیب کے لیے جاتے تھے۔منشی کا منصب کم وبیش پروفیسر کے برابر ہوتا تھا۔تاہم ہندوستان میں منشی کو وہ احترام اور منصب حاصل نہ تھا جو یورپ میں پروفیسر کو۔

ہندوستان کے منشیوں کو فورٹ ولیم کالج میں ترجمہ کا کام دے دیا جاتا تھا۔اصل مقصد اس ساری کاوش کا یہ تھا کہ قدیم زبانوں کے قدیم ادب کو آسان اردو میں پیش کیا جائے۔اس مقصد کے لیے فورٹ ولیم کالج اور ڈاکٹر گلکرائسٹ کی خدمات قابل قدر ہیں۔اسی زمانے میں بہت سی نادر کتابوں کے تراجم ہوئے۔مثال کے طور پر،مسکینؔ کے مرثیے،سنگھاسن بتیسی،شکنتلا ناٹک،اخلاقِ ہندی،مادھونل کی بیتال پچیسی،چہار درویش،مثنوی میر حسنؔ،گلستان کا اردو ترجمہ،توتا کہانی،گلشنِ ہند اور ڈاکٹر گلکرائسٹ کی ''مشقیں''وغیرہ۔منشی صاحبان کا اگرچہ معاوضہ بہت ہی مناسب نہ تھا۔بیس پچیس روپے سے لے کر تیس پینتیس روپے ماہانہ تک ہوتا تھا۔شاید کسی ایک آدھ کا اس سے زیادہ بھی ہو۔تاہم عمومی طور پر ادبی شہادتوں سے یہی حقائق مشاہدہ میں آتے

ہیں۔اس کے باوجود منشیوں کا کام بے مثال تھا۔راقم الحروف کا خیال ہے کہ منشی درباروں کی ذلت سے آزاد ہونے کی خوشی میں تھوڑے سے معاوضے پر قناعت کر جاتے تھے۔وہ اپنے کام کی اہمیت کا شعور رکھتے تھے یعنی آسان اردو کی پیش کاری اور آسان ابلاغ کا وسیلہ فراہم کرنا۔غالباً وہ ان عظیم آدرشوں کے لیے دانستہ قربانیاں دے رہے تھے۔اردو زبان وادب کے لیے ان کا کام ایثار کی طرح ہی تھا۔

میر امن:

کالج کے تحت ترجمہ کاری کے عمل میں میر امنؔ کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔یہ ڈاکٹر کرائسٹ کے پہلے منتخب شدہ منشی تھے۔قطع نظر معاوضے کے میر امن نے ''قصہ چہار درویش'' کا ترجمہ باغ و بہار کے نام سے کیا۔یہ ترجمہ بے مثال اور لازوال قدروں کا حامل ہے۔دنیا کی بہت سی زبانوں میں اس کے تراجم سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ عالمی ادبِ عالیہ میں اس ترجمہ کی تحریر کی اہمیت کس قدر زیادہ تھی۔کہا جاتا ہے کہ قصہ چہار درویش امیر خسرو کی تخلیق ہے۔روایت یہ بھی ہے کہ خواجہ نظام الدین اولیاء کی ناسازیِ طبع کے دوران امیر خسرو اپنے مرشد عالیِ مقام کی دل لگی اور دلداری کے لیے قصہ بیان کرتے تھے۔مگر اس کی کوئی سند موجود نہیں ہے۔قصہ چہار درویش کو بہت سی ایرانی کہانی کاروں سے بھی منسوب کیا جاتا ہے۔مگر یہ قصہ کسی کے ساتھ بھی سند نہیں ہوتا۔کہانی کے سیاق وسباق میں یہ بات بہت ہی اہمیت رکھتی ہے کہ لوک داستان Folklore عوامی کہانیوں پر مبنی ہوتی تھی۔عوام ہی قصہ گو تھے اور عوام ہی سامعین۔قصہ گو،ہر قصہ میں اپنی قوت تخیل کے مطابق اضافہ اور ترمیم کر سکتا تھا۔اس طرح کوئی کہانی کسی کی سند نہ تھی اور ہر کوئی اس میں ترمیم و اضافہ کا حصہ ڈال سکتا تھا۔اس مشاہدہ کی آسان ترین تشریح یوں بھی کی جا سکتی ہے کہ جیسے چاند شہزادہ ہر ستارے کی کہانی پیش کرے یا قصہ کاروں سے اس کے پیش کرنے کی آرزو کرے۔ہر قصہ گو ایک ستارے سے دوسرے اور دوسرا قصہ گو تیسرے سے چوتھے ستارے کا قصہ پیش کرے۔اس طرح نہ آسمان ختم ہو نہ ستارے اور نہ چاند شہزادہ کے ستاروں کا قصہ۔راقم الحروف کو یہ تشریح اس لیے بھی قابل قبول لگتی ہے کہ اس نے بچپن میں ''ریت کی رانی'' نامی داستان قصہ گو لوگوں سے سنی۔رانی اس آدمی سے شادی کی خواہش کرتی تھی جو اس کی سلطنت میں صحراء کی ریت کے ہر ذرے کی کہانی بیان کرے۔ایک ذرے کی کہانی رات بھر چلتی رہتی تھی اور

قصہ گو آنے والی رات کے لیے ریت کے نئے ذرے کی کہانی بُنتا رہتا تھا۔ چہار درویش کے متعلق جتنی بھی آراء پیش کی جاتی ہیں ان میں سے کوئی بھی سند کی حیثیت نہیں رکھتی۔ امکانی اسناد مطالعہ کی دلچسپی کے لیے اہمیت رکھتی ہیں۔ ڈاکٹر جمیل جالبی قصہ چہار درویش کی امکانی اسناد کے بارے میں لکھتے ہیں:۔

> ''قصہ چہار درویش کی ایک روایت وہ ہے جسے حکیم محمد علی الخاطب بہ معصوم علی خان نے ترتیب دیا ہے۔ محمد علی کا بیان ہے کہ ایک روز میں نے محمد شاہ بادشاہ (۱۷۱۹ء۔۱۷۴۸ء) کی خدمت میں کسی تقریب پر درویشوں کی ایک کہانی بہ زبانِ ہندی (اردو) سنائی جسے اعلیٰ حضرت نے بے حد پسند کیا اور حکم دیا کہ اسے ہندی عبارت سے فارسی میں ترجمہ کردو۔ تعمیل ارشاد عالی میں میں نے اسی فارسی زبان میں منتقل کر دیا۔ اس سلسلے میں جو قصے فارسی یا اردو میں لکھے گئے ان میں کہانی کا ڈھانچا ایک ہونے کے باوجود جزئیات یا بعض کرداروں کے ناموں میں اختلاف ملتا ہے۔ چہار درویش کے قصے کی آخری روایت کے دور میں میر احمد خلف شاہ محمد کا قصہ چہار درویش سامنے آتا ہے جسے قاضی محمد ابراہیم بن قاضی نور محمد نے چھاپا۔ اس کی ایک اور اشاعت شیخ الہیٰ بخش محمد جلال الدین تاجر کتب کشمیری بازار لاہور نے کی۔ یہی نسخہ معمولی اختلاف کے ساتھ مطبع محمدی بمبئی نے ۱۳۱۸ء میں طبع کیا جس سے میر احمد کا دیباچہ نکال دیا گیا اور تکملہ بختیار نامہ شامل کر دیا گیا ہے۔ اس نسخے میں قصے کی تالیف امیر خسرو کے نام سے منسوب کی گئی ہے۔ میر امن نے اس روایت کو قبول کیا ہے جب کہ میر محمد حسین عطا خان تحسین ''نوطرز مرصع'' میں اس کا ذکر نہیں کرتے۔''
>
> ''چہار درویش کے جو قلمی نسخے ہم تک پہنچے ہیں اس میں قدیم ترین وہی ہیں جو بارھویں صدی ہجری کے نصف تک ہمیں لے جاتے ہیں۔ اس سے آگے ان کی سراغ رسی نہیں کی جا سکتی۔ ابوالفضل نے ''آئین

> اکبری'' میں جہاں اپنے عہد کے مروجہ افسانوں کا ذکر کیا مثلاً کلیلہ دمنہ، نل دمن، رامائن، رزم نامہ اور قصہ امیر حمزہ، ان میں چہار درویش کا نام نظر نہیں آتا۔ ادھر شیخ نظام الدین اولیاء کے حالات، مقالات وملفوظات پر متعدد کتب و رسائل موجود ہیں لیکن چہار درویش ور اس کے سبب کسی تالیف کا کوئی مذکور نہیں۔'' [1]

اس ضمن میں محمد غوث زرین، جس کو محمد عوض زرین بھی لکھا جاتا ہے، کا نام بھی تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے قصہ چہار درویش فارسی میں لکھا۔ حاجی ربیع انجب نے فارسی نثر میں قصہ چہار درویش لکھا تھا جس کا ذکر مصحفی نے اپنی تذکرے ''عقدِ ثریا'' میں کیا ہے۔ قصہ چہار درویش فارسی یا اس کے ترجمہ ''باغ و بہار'' چار درویش اپنی اپنی کہانیاں سناتے ہیں۔ پہلا درویش ملکِ روُم کا بادشاہ آزاد بخت ہے جو چھُپ کر خفیہ انداز میں درویشوں میں شامل ہو جاتا ہے۔ دوسرا درویش ''خواجہ سر پرست'' کی کہانی پیش کرتا ہے۔ تیسرے درویش کے قصے میں عجم کے بادشاہ زادہ کی کہانی ہے۔ چوتھے درویش کے ذریعے بادشاہِ چین کے بیٹے کی داستان پیش کی گئی ہے۔ ان داستانوں کی پیش کاری ترجمہ کی اردو زبان میں کی گئی ہے۔ یہ اردو نثر کی نئی بنیاد ہے۔ جدید اردو نثر کی تعمیر اسی بنیاد پر مشتمل ہے۔ باغ و بہار کی درج ذیل اقتباس اس وضاحت کی تشریح کرتا دکھائی پڑتا ہے:۔

> ''دل اس وقت سے مکدرّ ہوا اور ناخوشی مزاج پر چھا گئی۔ تسِ پر قیامت اس نے ایسے تیسے نے یہ کی، کہ ساقی اس چھنال کو بنایا۔ اس وقت میں اپنا لہو پیتی تھی اور جیسے طوطی کو کوئی کوئے کے قصہ مختصر، وہ شراب بوند کی بوند تھی جس کے پینے سے آدمی حیوان ہو جائے۔ دو چار جام پے جام اسی تیز آب کو جوان کو دیے اور آدھا پیالا جوان کی منت سے میں نے زہر مار کیا۔ آخر وہ پلشت، بے حیاء بھی بدمست ہو کر اس مُردود سے بے ہُودہ ادائیں کرنے لگی اور وہ چبلا بھی نشے میں بے لحاظ ہو چلا اور نامعقول حرکتیں کرنے لگا۔ مجھے یہ غیرت آئی، اگر اس وقت زمین بھی پھاٹے تو اس میں سما جاؤں لیکن اس کی دوستی کے باعث میں بلّی اس پر بھی چپ

ہورہی۔ پر وہ تو اصل کا پاجی تھا، میرے اس درگذر کرنے کو نہ سمجھا، نشے کی لہر میں اور بھی دو پیالے چڑھا گیا کہ رہتا سہتا جوش جو تھا، وہ بھی گم اور میری طرف سے مطلق دھڑکا جی سے اٹھا دیا۔ بے شرمی سے شہوت کے غلبے میں، میرے رُوبرُو اس بے حیا نے اس بندوڑ سے صحبت کی اور پچھل پائی بھی اس حالت میں نیچے پڑی ہوئی نخرے تلّے کرنے لگی اور دونوں میں چوما چاٹی ہونے لگی۔ نہ اس بے وفا میں وفا، نہ اس بے حیاء میں حیا، جیسی روح ویسے فرشتے، میری اس وقت یہ حالت تھی جیسے اوسر چوکی ڈومنی، گاوے تال بے تال۔۔۔۔۔''

درج بالا اقتباس میں نثر کی زبان اپنی آسانی اور سادگی کی آپ مثال ہے۔ میر امّن نے دہلی کی ٹکسالی، روزمرہ اور عام بول چال کی لُغت کو استعمال کیا۔ اردو زبان میں اس سے پہلے اس طرح کا آسان ابلاغ کا کوئی ذریعہ تاریخ کے مطالعہ میں زیرِ مشاہدہ و مطالعہ نہیں آتا۔

ہندوستان کے قارئین میر امّن کے نام کی دُرستی کے تعین میں پھنسے رہے اور میر امن اپنا کام کر گئے۔ وہ میر اَمن تھے، اَمّن یا اَمن جو بھی تھے، اس بات میں کیا اہمیت تھی کہ ہندوستان کے اُردو خوان نام کے تلفظّ کے تعین ہی میں الجھے رہیں۔ تاہم یہ ایک ہندوستانی عادت تھی اور میر امن کے نام کے تعین کے سلسلے میں اس قدر تحقیقی مواد مل جاتا ہے کہ اس کی معنویت تلاش کرنے کو بھی جی چاہتا ہے۔ اس لایعنی کوشش کی کوئی معنویت نہ تھی۔ وہ لُطفؔ تخلص کرتے تھے۔ اپنے آپ کو ''دلی کا روڑا'' کہتے تھے۔ اس سے مراد ہے کہ ان کی شخصیت، زبان اور ثقافت پر خالصتاً دہلوی زبان کے اثرات مرتب تھے۔ انہوں نے اپنی شخصیت کے ارتقاء اور ثقافت کے اثرات سے بہت ہی معنی خیز نتائج حاصل کیے۔ ان کی شخصیت کے اس پہلو کا نتیجہ ''باغ و بہار'' اور ''گنجِ خوبی'' کی شکل میں نظر آتا ہے۔ باغ و بہار کا سرچشمہ قصہ چہار درویش ہے اور گنجِ خوبی کا اصل متن ملا واعظ کاشفی کی کتاب ''اخلاق محسنی'' ہے۔ مگر جو اہمیت باغ و بہار کو نصیب ہوئی وہ اردو ادب میں شاذ ہی ادب پاروں کو نصیب ہوتی ہے۔ اس کی زبان ''آسان اردو'' لسانی قدروں کی طرح ہے جسے دنیا بھر کے ادب میں نہ صرف تسلیم کیا گیا بلکہ سراہا بھی گیا۔ یہ ترجمہ اردو ادب کی ترجمہ کی تاریخ میں سنگِ میل کی طرح ہے۔

میر شیر علی افسوسؔ:

میر شیر علی افسوسؔ فورٹ ولیم کالج کے منشیوں میں شامل تھے۔ ان کا انتخاب ان کے نثری معیارات پر کیا گیا۔ تمام ترمنشیوں سے یہ توقع کی جاتی تھی کہ وہ قدیم زبانوں کے مشکل متن آسان اردو نثری ترجمہ میں پیش کریں۔ میر شیر علی افسوسؔ نے میر امّن کی طرح اردو کو آسان بنانے کا فریضہ سرانجام دیا۔ اس کے اہم ترین تراجم میں ''باغِ اُردو'' کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس ترجمہ کا اصل متن شیخ سعدی شیرازی کی مشہورِ زمانہ تصنیف ''گُلستان'' ہے۔ میر افسوس نے گُلستان سعدی کے مندرجات کا آسان اردو میں ترجمہ کاری کر کے، سعدی کے اخلاقیات کے فلسفہ کو ہندوستان کے عوام کے لیے قابلِ ابلاغ بنا دیا۔ گُلستان سعدی فلسفہ و اخلاق کا مرقعّ ہے۔ اس نے حکایات، قصے کہانیوں کی شکل میں اپنی فکر کو پیش کیا۔ عربی، فارسی اور سنسکرت کی قدیم زبانوں کی قدیم تحریروں میں یہی انداز اختیار کیا جاتا تھا۔ گُلستان کے تمام ابواب کے باقاعدہ عنوانات ہیں۔ ان عنوانات کے تحت فکری مواد کو قصے کہانیوں کی شکل میں ابلاغ کیا گیا ہے۔ میر افسوس نے گُلستان میں فارسی نثر کا آسان اُردو نثر میں ترجمہ کیا اور فارسی شاعری کا اردو شاعری میں ترجمہ کیا۔ مثال کے طور پر گُلستان کے سعدی کے چند فارسی اشعار کا میر افسوسؔ کے شعری اردو ترجمہ کے ساتھ موازنہ کیا جا سکتا ہے:-

فارسی متن:

بنانِ خشک قناعت کنیم و جامہ دُلق — کہ رنجِ محنتِ خود بہ کہ بارِ منت خلق

اردو ترجمہ:

پیوند گانٹھ صبر کا کونا کر اختیار — پر اغنیا سے کر نہیں جامے کی التجا

فارسی متن:

حقا کہ باعقوبتِ دوزخ برابر است — رفتن بہ پائے فروی ہمسایہ در بہشت

اردو ترجمہ:

مثل عذاب نار ہے ہمسائے کے سبب — جانا ترا جو گلشنِ فردوس میں ہوا

فارسی متن:

طبع ترا تا ہوسِ نحو کرد — صورتِ عقل از دلِ ما محو کرد
اے دلِ عشاق بدام تو صید — ما بتو مشغول و تا با عمر و زید

اردو ترجمہ:

ہوسِ نحو جب سے مجھ کو ہوئی — صورتِ عقل میرے دل سے گئی
ایک ہے گاہ وہ تیری زلف کا دام — دل دوانوں کے جس میں صید مدام
دھیان ہے مجھ کو تیرا لیل و نہار — تجھ کو ہے عمر و زید سے سروکار

کسی زبان کے متن کی نثر کا ترجمہ نسبتاً آسان ہوتا ہے۔نثر کی وسعت اور اُس کے ترجمہ میں بہت لچک اور معنوی گنجائش ہوتی ہے۔لغت کے متبادلات بے حد مددگار ہوتے ہیں۔ ماہر ترجمہ کاران سہولتوں سے فائدہ اٹھاتا ہوئے ترجمہ کو اکمل ترین بنا دیتا ہے۔اس کے مقابلہ میں شعری متن کا شعری ترجمہ جوئے شیر لانے کی طرح ہے۔تاہم باغِ اردو میں میر افسوس نے اس ذمہ داری کو بہت ہی کامیابی سے ابلاغ کیا ہے۔درج بالا مثالوں کے اشعار میں فارسی کے آخری دو اشعار کا ترجمہ اردو کے تین اشعار میں پیش کیا گیا ہے۔اس کا سبب یہ ہے کہ فارسی زبان کی معنویت دو اشعار میں ابلاغ ہو جاتی ہے اور انہی اشعار کا اردو میں ابلاغ تین اشعار میں ممکن ہو سکا۔ یہ کوئی ترجمہ کا سُقم نہیں ہے بلکہ تقاضا ہے جس کو میر افسوؔس نے بڑی مہارت سے نبھایا ہے۔شاعری میں خیال، جذبہ و جمال کا ترجمہ دُشوار ترین ہوتا ہے۔

میر افسوؔس کی ترجمہ کی دوسری پیش کاری آرائشِ محفل ہے۔میر افسوؔس نے پروفیسر جان ہیرنگٹن کے کہنے پر فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا۔فارسی متن کا نام ''خلاصۃ التواریخ'' تھا جس کو میر افسوس نے اردو ترجمہ میں ''آرائشِ محفل'' کے عنوان سے پیش کیا۔ یہ تاریخ سبحان رائے نے تصنیف کی تھی۔بظاہر تو یوں لگتا ہے کہ تاریخی واقعات کو آسان اُردو ترجمہ کی نثر میں پیش کیا گیا ہے۔حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔''خلاصۃ التواریخ'' ایک تاریخی کتاب ہے۔میر افسوؔس نے اس کتاب کے مندرجات سے تجاوز کرتے ہوئے دیگر بہت سے تاریخی واقعات کو پیش کیا۔اس لحاظ سے یہ کتاب ترجمہ کی بجائے تالیف ثابت ہوتی ہے۔ترجمہ کار نے اصل متن میں آئینِ اکبری، ریاض السلاطین اور سیر المتاخرینؔ وغیرہ کے مندرجات کا اضافہ کیا۔اس ترجمہ کی تالیف کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ کتاب کے مندرجات تاریخی کی بجائے زیادہ تر جغرافیائی ہیں۔میر

افسوؔس نے جغرافیہ کی وجہ سے انسانی سماج پر مرتب ہونے والے اثرات کی تشریح کی ہے۔اس کی آسان مثال یوں بھی دی جا سکتی ہے کہ جن علاقوں میں چاول کی فصل سب سے زیادہ ہوتی ہے وہاں چاول ہی خوارک کا سب سے اہم ذریعہ ہوتے ہیں۔صرف چاول ہی سے بہت سے مختلف قسم کے کھانے تیار کیے جاتے ہیں اور کھائے جاتے ہیں۔اس کے برعکس جن علاقوں میں گندم کی فصل سب سے زیادہ ہوتی ہے وہاں گندم ہی خوراک کا بنیادی وسیلہ ہوتی ہے۔گندم ہی سے بے شمار اقسام کی کھانے کی چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔چاول، گندم یا دیگر اجناس غذائی ثقافت Food Culture کو جنم دیتے ہیں۔گویا جغرافیہ عوام، سماج کی بنیادی ترکیب و ترتیب میں اپنا اہم ترین کردار ادا کرتا ہے۔آرائشِ محفل میں میر افسوؔس کے مندرجات اسی انداز کے ہیں۔کُلیاتِ افسوس میر افسوس کے شعری مجموعے ہیں۔اس کے کُلیات میں غزلیات، رُباعیات، قطعات، قصائد، سلام، مراثی، مثنوی، ترکیب بند اور واسوخت شامل ہیں۔ یہ شاعری اپنے عہد کی مروجہ شاعری کی طرح ہے اور کسی جدید تبدیلی کا اظہار نہیں کرتی۔

میر بہادر علی حسینی:

تعداد کے لحاظ سے میر بہادر علی حسینی کے تراجم کی تعداد بھی دوسرے منشیوں کی طرح کافی ہے۔اگرچہ ادب اور ترجمہ کی تاریخ میں میر بہادر علی حسینی کو میر امن سا مقام حاصل نہیں ہو سکا۔مگر یہ حقیقت اپنے جگہ پر ثابت ہوتی ہے کہ میر بہادر علی حسینی کے کام کا حجم فورٹ ولیم کالج کے معیارات کے مطابق تھا۔میر بہادر علی حسینی کے تراجم اور ترجمہ کی تالیف پر مبنی درج ذیل تحریریں اہم ترین ہیں:-

نثرِ بے نظیر:

میر حسن کی شہرہ آفاق مثنوی ''سحر البیان'' کا آسان اردو نثر میں ترجمہ کی پیش کاری ہے۔

اخلاقِ ہندی:

میر حسینی نے فارسی زبان کی تالیف مُفرّح القلوب کو آسان اُردو ترجمہ کی نثر میں پیش

کیا۔اس نے اُردو ترجمہ کو''اخلاقِ ہندی'' کے عنوان سے پیش کیا۔مفرّح القلوب سنسکرت زبان کی تصنیف ''ہتو پدیش'' کا ترجمہ ہے۔ہتو پدیش سنسکرت زبان میں ''پنچ تینتر'' کی تالیف سے ماخوذ ہے۔جس طرح ابن المقفعؒ نے سنسکرت سے عربی زبان میں ''کلیلہ ودمنہ'' کے نام سے ترجمہ کیا اسی طرح نصراللہ نامی ترجمہ نگار نے بھی کلیلہ ودمنہ کے نام ہی سے فارسی میں ترجمہ کیا۔سنسکرت سے فارسی اور عربی میں کہانیوں کے تراجم کی وجہ سے اُردو کو ہندی ایرانی Indo Iranian زبان کہا جاتا ہے۔''انوارِسُہیلی'' اور''عیارِدانش'' کی تالیف کا پس منظر بھی ایسا ہی ہے۔

نقلیاتِ ہندی:

اس کتاب کو نقلیات اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ کتاب دیوناگری، رومن اور فارسی رسم الخطوں میں ڈاکٹر گلکرائسٹ کے مقدمہ کے ساتھ شائع ہوئی۔نقلیات اور نقلیاتِ ہندی میں اتنا سا فرق ہے کہ نقلیاتِ ہندی صرف میر بہادر علی حسینی کا کام تھا۔اس کتاب کو''نقلیاتِ ہندی'' کے عنوان سے پیش کیا گیا ہے کیونکہ یہ کتاب لُغات Dictionary یا اس کی شرح وتعبیر Interpretation پر مبنی ہے۔فورٹ ولیم کالج کے زیر اہتمام ڈاکٹر گلکرائسٹ نے یہ کتاب انگریزوں کو زبان سکھانے اور ان کو ہندوستانی مسلمانوں کے اس معاشرتی اور تہذیبی پس منظر سے آشنا کرنے کے لیے شائع کی تھی۔یہ کہانیوں کی شکل میں تھی اور ہندوستان کے لوگوں کے رویوں اور اعمال کی عکاسی کرتی تھی۔

تاریخِ آشام:

میر بہادر علی حسینی کا یہ فارسی ترجمہ تاریخِ آشام (آسام) کے عنوان سے لکھا گیا۔''تاریخ آسام'' ولی احمد شہاب الدین طالش نے فارسی زبان میں لکھی تھی۔اس کتاب میں اورنگ زیب عالمگیر کی سلطنت میں نواب عمدۃ الملک میر محمد سعید اردستانی کی کوچ بہار اور آسام کی فوجی مہمات کے چشم دید واقعات و حالات درج ہیں۔طالش نے اپنی کتاب کا نام ''فتحیہ عبریہ'' رکھا تھا جو ۱۶۶۲ء میں مکمل ہوئی۔دیگر قدیم زبانوں اور قدیم متون کے تراجم کی طرح اس کا مقصد بھی تاریخِ آسام کو آسان اردو نثری ترجمہ میں پیش کرنا تھا۔

میر بہادر علی حسینی کے آسان اردو نثر اور اسلوب کا ایک مختصر نمونہ حسب ذیل ہے:-

''یارو اگر دن بُرا آتا ہے تو نیک کام بھی بد ہو جاتا ہے۔چنانچہ ماں باپ سے زیادہ مہربان اپنے بیٹے بیٹی کے حق میں کوئی نہیں لیکن بعضے وقت ایسا ہوتا ہے کہ وہی ماں باپ اپنے فرزندوں کے دشمن ہوتے ہیں۔مثل ہے گوالا جب گائے کا دودھ دوھتا ہے، تب بچھڑے کے گلے کو گائے کے پاؤں سے باندھتا ہے۔اس وقت وہی پاؤں بچھڑوں کی بیڑی ہوتا ہے اور وہ گوالا اپنا مطلب حاصل کر لیتا ہے۔سنو دوستو! اب شور مت کرو، کچھ ایسا اندیشہ کرو کہ موجب ہر ایک کی مخلصی کا ہو۔یارؤ ہی جو بُرے وقت میں کام آوے۔فراغت میں ہر کوئی کہتا ہے کہ میں تمہارا دوست ہوں۔اگر کسی کو کچھ ضرور کام در پیش ہوا اور اس کے سبب مغموم ہووے تو اس کو لوگ مرد نہیں کہتے بلکہ نامرد مشہور کرتے ہیں۔مُردہؤہ ہے جو حادثہ اس پر پڑے تو دل اپنا مضبوط رکھے اور سوچ بچار اس بات کا کرے کہ اس سے اپنا کام سرانجام ہووے۔''[2]

حیدر بخش حیدری:

فورٹ ولیم کالج کے ماحول کا دلچسپ تضاد یہ تھا کہ اس کے تمام ترمنشی کم وبیش شاعر تھے مگر کالج میں ان کا فریضہ آسان ترین نثری تراجم پیش کرنا تھا۔اس زمانے تک اردو کو رنگین، مسجع اور مقفیٰ عبارات نثر میں لکھی جاتی تھیں۔ایسی نثر کی کیا افادیت تھی جس کے معنی ہی ابلاغ نہ ہوتے تھے۔ذریعہ کا متن Source Text کا ترجمہ ایسی اَدق لغت میں کیا جاتا تھا کہ ذریعہ کے متن کی معنویت ابلاغ نہ ہو سکتی تھی۔فورٹ ولیم کالج انگریزوں نے اچھے اور بُرے، جن مقاصد کے لیے بھی بنایا، ان کو اس اعزاز سے کوئی محروم نہیں کر سکتا کہ کالج نے آسان اردو نثری تراجم کے آغاز کا اہتمام کیا۔کالج کی مجموعی کارکردگی کم تھی یا زیادہ، قطع نظر اس سے، اہم بات یہ ہے کہ آسان اردو نثری تراجم کا آغاز ہو گیا۔یہ آغاز اپنے ارتقائی مراحل طے کرتا رہا اور آخر کار اردو خوانوں پر یہ ثابت ہو گیا کہ آسان اردو نثری تراجم بھی ایک علمی اور ادبی قدر ہیں۔ان کی ضرورت ہمیشہ بڑھتی

رہے گی۔

فورٹ ولیم کالج کے منشیوں میں سید حیدر بخش حیدری اہم ترین نام ہے۔وہ ایک صاحب علم اور درویش خانوادہ سے تعلق رکھتے تھے۔ان کے والد گرامی سید ابوالحسن بہت ہی سادہ منش اور صاحب علم شخصیت تھے۔مالی طور پر ان کا خانوادہ آسودہ حال نہ تھا۔اس کے باوجود وہ صبر ورضا اور شکر وقناعت کرنے والے لوگ تھے۔جب شہر دِلی برباد ہوا تو وہ لالہ سکھ دیورائے کے ساتھ بنارس چلے گئے۔بنارس میں ناظم عدالت نواب علی ابراہیم خان خلیل کی سرپرستی میں سید حیدر بخش حیدری کی تربیت کی اہتمام کیا گیا۔اس کے بعد نواب علی ابراہیم نے حیدری کو قاضی عبد الرشید کے پاس تربیت کے لیے بھیج دیا۔حیدری نے قاضی صاحب سے عربی و فارسی اور مولوی غلام حسین غازی پوری سے حدیث فقہ وتفسیر کی تعلیم حاصل کی۔حیدری اپنی تصنیف ''توتا کہانی'' اور ''مہر وماہ'' میں صراحت سے لکھتے ہیں کہ آسان اُردو اور آسان اُردو نثری تراجم یعنی اُردوئے معلٰی فورٹ ولیم کالج کو مرغوب تھے۔میر بہادر علی حسینی نے ان کا تعارف ڈاکٹر گلکرائسٹ سے کرایا۔ڈاکٹر کرائسٹ نے حیدری کی صلاحیتوں کا اندازہ لگاتے ہوئے چار مئی ۱۸۰۱ء میں چالیس روپے ماہوار پر شعبہ ہندوستانی میں منشی رکھ لیا۔کالج کا ماحول حیدری کے لیے آسانی اور اطمینان کا باعث تھا۔وہ مشکلات کی زندگی بسر کرتا تھا اور کالج کا ماحول اس کو نسبتاً بہت ہی راس آیا اور اس نے قصہ'' مہر وماہ''،''قصہ حاتم طائی''،''طوطی نامہ نخشی'' اور'' قصہ لیلیٰ'' مجنوں جیسے شاہکار فن پارے پیش کیے۔

حیدری کی تصانیف میں درج ذیل خاص اہمیت رکھتی ہیں۔

قصہ مہر و ماہ:

ڈاکٹر گیان چند'' اُردو کی نثری داستانیں'' میں لکھتے ہیں کہ'' مہر و ماہ کے دو نسخے ہیں۔یہ دونوں فارسی میں ہیں اور برٹش میوزیم میں اب بھی دستیاب ہیں۔ان میں سے ایک نسخہ ۶۰۔۱۷۵۹ء میں پانی پت میں لکھا گیا۔حیدری کا ترجمہ اب بھی نایاب ہے۔محققین کا خیال ہے کہ اس کا ترجمہ گُم ہو گیا تھا۔اس لیے حیدری کی فنِ ترجمہ نگاری اور آسان نثر نگاری پر اردو ادب میں آراء نہیں ملتی ہیں۔

قصہ لیلیٰ مجنوں:

قصہ مہر و ماہ کی طرح حیدری کی یہ تصنیف یا ترجمہ بھی دستیاب نہیں ہے۔ڈاکٹر جمیل جالبی رقم طراز ہیں کہ قصہ لیلیٰ مجنوں امیر خُسرو نے صنفِ مثنوی میں لکھا تھا۔خُسرو کا یہ قصہ خواجہ یاسین شاہ جہاں آبادی نے بھی نظم کیا۔مگر اس نظم کی لغت قدیم اردو کی طرح تھی۔ڈاکٹر کرائسٹ نے حیدری کو یہ کام سونپا اور انہوں نے اس کو مکمل کیا۔نامعلوم وجوہات کی بنیاد پر محققین یہی رائے دیتے ہیں کہ یہ قصہ بھی دستیاب نہیں ہے۔یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ یہ قصہ گُم ہو گیا، ضائع کر دیا گیا یا اس کے ساتھ کیا ہوا۔

ہفت پیکر:

'ہفت پیکر'' نظامی گنجوی کی فارسی مثنوی 'ہفت پیکر'' کا شعری اردو ترجمہ تھا۔ڈاکٹر جمیل جالبی تاریخِ ادب اردو جلد سوم میں رقم طراز ہیں:-

> '' گارسیں دتاسی نے'' تاریخ ادبیات ہندوستانی'' میں اطلاع دی ہے کہ 'ہفت پیکر'' کا ایک نسخہ ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ میں موجود ہے اَودھ کے کتب خانے میں بھی اس کا ایک نسخہ تھا جس کا اندراج اسپرنگر نے اپنے کیٹلاگ میں کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ نسخہ ۶۰۰ صفحات پر مشتمل ہے اور ہر صفحے پر ۱۳ ابیات ہیں گویا 'ہفت پیکر'' کم وبیش ۷۸۰۰ اشعار پر مشتمل ہے۔''[3]

یہ نسخہ بھی نایاب ونا پید ہے۔تاہم حیدری کے درج ذیل ترجمہ کے اشعار مختلف تاریخی کتابوں میں حوالہ کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں۔

ہفت پیکر تھا نظامی گنجوی کا کلامِ؟ — میں نے ہندی کر دیا اس کو تمام
جب یہ نسخہ میں نے ہندی میں لکھا — ہفت پیکر نام بھی اس کا رکھا
فارسی کو کر دیا ہندی تمام — تا رہے ہندوستاں میں میرا نام

تاریخِ نادری:

نادر شاہ ہندوستان کے مسلمان حاکم نادر شاہ اور اس کے عہد کی تاریخ کا نام ''تاریخِ جہاں کشائے نادری'' تھا۔ یہ تاریخ نادر شاہ کے منشی محمد مہدی نے فارسی زبان میں تحریر کی۔ حیدر بخش حیدری نے ۱۸۰۹ء میں ''تاریخ نادری'' ہی کے عنوان سے اردو ترجمہ کیا۔ یہ ترجمہ اس نے ولیم ٹیلر کی فرمائش پر کیا۔ حیدری کی یہ ترجمہ کی تصنیف بھی ناپید و عدم دستیاب ہے۔ اردو نثر اور نثری ترجمہ کی تاریخ میں اس کتاب کی خاص اہمیت ہے۔ اردو ادب کی بعض تاریخی کتب میں اس نایاب کتاب کے اقتباسات بھی مشاہدہ میں آتے ہیں۔ ڈاکٹر جمیل جالبی درج ذیل اقتباس نئی اردو نثر کے سیاق و سباق میں پیش کرتے ہیں:-

> ''بیان اس کلام کا یہ ہے کہ گرگیں خاں والی گرجستان نے، جو اس عصر میں عاملِ قندھار تھا، دوراز ے نے اعتدالی کے کھول کر دستِ تسلط دراز کیا، یہاں تک کہ میرویس غلجہ نے، جو اس گروہ کا حاکم تھا، اپنی جان سے عاجز ہو کر بطور تظلم کے بارگاہِ فلک اشتباہ کی طرف سر جھکایا جب کے اردوئے معلائے بادشاہی میں کوئی غم خوار اور دولت سرائے سلطنت میں کوئی دادرس عالی مقدار نہ پایا۔ چار ناچار روئے روت پھیر کہ کعبہ معظّمہ کی طرف روانہ ہوا۔ پھرتے ہوئے تتبع۔۔۔۔ امور و ملاحظہ نزدیک و دور کا کر کے اس وقت قندھار میں پہنچا جس وقت کہ گرگیں خاں اہلِ کاکڑ نے تنبیہ کرنے کو وہ شیخ میں، جو قندھار سے خارج ہے گیا تھا، اس پر جا پڑا اور حملہ کر کے پکڑ لیا۔ مراد خاں افغان کو، جو اس کا خویش تھا، حکم کیا کہ اس کا کام تمام کرے، ایک دم جینے نہ دے۔ بعد اس واردات کے کیخسرو خاں۔۔۔۔ کا بھتیجا معصب سپہ سالاری سے سرفراز ہو کر اپنے چچا کے انتقام لینے کی خاطر مانندِ تیغ دوم با شکوہ کسریٰ و جم افواجِ مختلفہ گروہِ عرب و عجم سے لے کر قندھار کے بھی لینے اور میرویس کی گوش مالی دینے پر مستعد بجاں ہوا۔ ہرات کے ابدالی جو افاغنہ غلجہ سے دشمنی جانی رکھتے تھے، ان کو جمع کر کے ایک برس تک قلعہ محصور رکھا۔ آخر کار اپنی خام خیالی و بد تدبیری سے سر غرور کو پائے قلعہ پر دھر کے اپنے چچا سے جا

> ملا۔۔۔۔'' [4]

گلزارِ دانش:

حیدری کی ''گلزارِ دانش'' ایک معروف داستان کا ترجمہ ہے۔ اس کا اصل متن ''بہارِ دانش'' تھا۔ اس داستان کی زبان فارسی تھی اور اسے شیخ عنایت اللہ کمبوہ نے ۱۶۵۱ء میں تصنیف کیا۔ یہ داستان ہندو دیومالاؤں کا ماخذ تھا۔ تخلیقی داستان نہ تھی۔ اس کا ترجمہ گلزارِ دانش کے نام سے حیدری نے فورٹ ولیم کالج کے زیر اہتمام کیا۔ یہ داستان جہاں دار شاہ اور بہرہ ور بانو کی محبت اور جہاں دار شاہ کی مہمات کے متعلق ہے۔ اس ترجمہ کو آسان اردو نثر میں پیش کیا گیا ہے جو کہ فورٹ ولیم کالج کی اولین ترجیح تھا۔ بدقسمتی سے یہ ترجمہ بھی تشنۂ اشاعت ہے۔

گلدستہ حیدری:

گلدستہ حیدری چار موضوعات کی تحریروں پر مبنی ہے۔ ان میں درج ذیل موضوعات کی تحریریں شامل ہیں۔

مجموعہ مراثی: حضرت امام حسینؑ اور شہدائے کربلا کے مرثیے۔

مجموعہ حکایات: اس میں حیدری نے اپنے مختصر حالات بھی لکھے ہیں اور سو سے زیادہ قصے اور لطیفے یکجا کیے ہیں۔

قصہ مہر و ماہ کا دیباچہ:

قصہ لیلیٰ مجنوں کا دیباچہ:

دیوانِ غزلیات: جس میں غزلوں کے علاوہ قطعے، قصیدے اور متفرق نظمیں شامل ہیں۔

حیدری نے فارسی کی مقبول داستان ''بہارِ دانش'' کے ترجمہ کا نام ''گلزارِ دانش'' کا نام رکھا۔ حیدری کی دیگر کتابوں کی طرح یہ بھی شائع نہ ہوسکی۔ دراصل ڈاکٹر گلکرائسٹ نے حیدری کے لیے اس ترجمہ کے انعام کے طور پر دو سو روپے کی سفارش کی جو کہ رد کر دی گئی۔ اس رنجش اور ناراضگی کی کیفیت میں کتاب کی اشاعت ممکن نہ رہی۔ اس کتاب کا ایک نسخہ برٹش میوزیم لائبریری میں موجود ہے جسے عبادت بریلوی نے وہاں سے حاصل کر کے ''مختصر کہانیاں'' کے نام سے مرتب

کیا اور سب دیباچے اپنے ''مقدمہ'' کے ساتھ شائع کیے۔

گلِ مغفرت:

حیدری نے ملا حسین الواعظ کاشفی کی فارسی کتاب ''روضۃ الشہداء'' کا آسان اردو نثر میں ترجمہ کیا۔ حیدری نے اس کا نام ''گلشنِ شہیداں'' رکھا تھا۔ گلشنِ شہیداں میں سے اسی کا انتخاب تیار کیا اور اس کا نام ''گلِ مغفرت'' رکھا۔ یہ کتاب شہیدانِ کربلا کے ابتلاء، مصائب اور شہادتوں کے متعلق ہے۔ فضل علی فضلی کی کتاب ''کربل کتھا'' کو بھی اسی کتاب کے مندرجات سے منسوب کیا جاتا ہے۔ یہ کتاب ۱۸۱۲ء میں کلکتہ سے شائع ہوئی اور حیدری کی دوسری کتابوں کی طرح یہ بھی عدم دستیاب و ناپید ہے۔ حیدری کی یہ تصنیف آخری ترجمہ تھا۔

طوطا کہانی:

حیدری نے سید محمد قادری کی کتاب ''طوطی نامہ'' کا ترجمہ ''طوطا کہانی'' کے عنوان سے کیا ہے۔ سید محمد قادری نے اپنی کتاب کا ماخذ ضیاء الدین نخشی کی کتاب ''طوطی نامہ'' کو بنایا۔ اردو میں طوطی نامہ کو ''توتی نامہ'' یا ''توتا کہانی'' بھی کہا جاتا ہے۔ دراصل سنسکرت میں حرف ''ط'' نہ ہونے کی وجہ سے طوطا کو ''توتا'' لکھا جاتا ہے۔ اس بات کی صراحت حیدری نے خود ان الفاظ میں کی ہے:-

> ''یہاں پہلی بار اردو میں ''طوطا'' ''ت'' سے لکھا گیا ہے جس کی وجہ حیدری نے یہ بتائی ہے کہ ''ہندی میں حرف طوئے نہیں ہے اور اس احقر نے ''طوطی نامہ'' فارسی کو زبانِ ریختہ میں لکھا اس واسطے طوطی کی ''طوئے'' کو ''تے'' سے بدل کیا۔''[5]

درج بالا بیان میں حیدری سنسکرت ہی کو ہندی قرار دیتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ وہ جس زمانے میں یہ کام کر رہے تھے، ڈاکٹر گلکرائسٹ اردو زبان کو ''ہندوستانی'' کی اصطلاح میں پیش کرتے تھے۔ یہ کہانی ۱۸۰۴ء میں چھپ کر شائع ہوئی۔ فرانسیسی محقق گارسیں دتاسی وضاحت کرتے ہیں کہ ''توتا کہانی'' کا بنیادی قصہ سنسکرت زبان کی تالیف ''شک سپ تتی'' سے ماخذ

ہے۔ اسی طرح ڈاکٹر گیان چند نے لکھا ہے کہ سنسکرت میں اس کہانی کے کئی نسخے ملتے ہیں۔ ضیاء الدین نخشی نے ۱۳۰۰ عیسوی میں لکھا۔ عام طور پر یہ کہانیاں فحش ہی ہیں۔ مختلف ادوار میں ان کہانیوں میں معنویت اور گہرائی کے علاوہ اخلاقیات کے دُروس شامل کرنے کی بھی کوشش کی گئی۔ اکبر بادشاہ کے حکم سے نخشی کی کہانیوں کا سلیس فارسی میں خلاصہ کیا گیا۔ حیدری کی کہانیوں میں ''شک سپ تتی'' کے علاوہ ''پنچ تینتر'' اور ''بیتال پچیسی'' کی حکایات بھی شامل ہیں۔

آرائشِ محفل:

دیو مالائی ادب حقیقت نگاری سے ماوراء ہوتا ہے۔ حقیقت محدود اور دیو مالائی داستان لچکتی اور پھیلتی ہوئی کہانی ہوتی ہے۔ بظاہر تو یوں لگتا ہے کہ دیو مالائی کہانیاں غیر فطری اور غیر حقیقت نگاری کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ ادب میں حقیقت نگاری ایک اہم اسلوب ہے۔ یہ اسلوب بہت ہی قابل قدر اور علمی یا سائنسی اندازِ فکر کی طرف لے جاتا ہے۔ دیو مالائی ادب اس کے برعکس حقیقت میں تخلیق کے تخیل کے رنگ بھرتا ہے۔ انسان، انسان کی بجائے انسان سے بڑی طاقت نظر آنے لگتا ہے۔ تخیل پر مبنی یہ پھیلاؤ اپنے اندر بے شمار امکانات سمیٹ رکھتا ہے۔ ایسی باتیں جو حقیقت نگاری کے انداز میں بیان نہ کی جا سکیں ان کو خیال کی طاقت سے دیو مالائی کہانیوں میں وسعت دے دی جاتی ہے۔ دراصل ایک عام انسان کو دیو مالائی کردار کہانی کر کے اس کے وسیلے سے ایسے کردار، عمل اور اقدار کا ابلاغ کیا جاتا ہے جو محض انسان ہونے کے ناطے سے ممکن ہی نہیں ہو سکتا۔ مثال کے طور پر ہیر رانجھا کی داستان میں ہیر ایک لڑکی تھی۔ حقیقت نگاری کے اصولوں کے مطابق تو ہیر اب بھی ہر گھر میں پیدا ہوتی ہے اور زندگی گزارتی ہے۔ مگر وارث شاہ کے فنکار ہاتھوں اور تخلیقی سوچ نے ہیر کو اس طرح پیکر کیا کہ اس میں ہر عہد کی ہر عورت سما جاتی ہے۔ اس کے جذبے لامحدود، اس کی محبت ایثارِ کُل، اس کا کردار مکمل بغاوت اور اس کی موت آنے والی تمام نسلوں کے لیے سبق۔ ایک عام لڑکی اور ہیر کے دیو مالائی کردار کا یہی فرق ہے کہ اس کے ایک کردار میں دنیا بھر کی لڑکیوں کے سما جانے کی گنجائش موجود ہے۔ دیو مالائی عمل سے درکار یہ ہوتا ہے کہ خیال و تخیل کا ایک ایسا خیمہ نصب کر دیا جائے جو نصب ہونے کے باوجود پھیلتا رہے اور لوگ اس کے سائے میں آتے رہیں، بڑھتے رہیں اور خیمہ اسی حساب سے پھیلتا چلا جائے۔

حاتم طائی بھی ایک انسانی کردار تھا۔انسانوں کے لیے ایثار،فکرمندی،فیاضی اور عدل جیسی اقدار پر عمل کرنے والا آدمی تھا۔اسے تخلیقی سوچ نے ایک دیومالائی کردار بنادیا۔اس کی اقدار دنیا بھر کے عوام کے لیے روشنی کے درس کی طرح ہیں۔حیدری نے فارسی کی کتاب ''ہفت سیر حاتم'' کا ترجمہ ''ہفت سیر حاتم'' کے عنوان ہی سے کیا۔حتمی طور پر یہ ثابت نہیں ہوتا کہ فارسی تحریر کس کی تھی۔مگر ایک بات کی سمجھ آتی ہے کہ جب کوئی ادبی کردار عوام کے گھروں میں کہانی کی طرح داخل ہوا اور ہماری شام کو قِصہ کردے تو عوام کا تخیل بھی کہانی کے کرداروں کو اپنی اقدار کے مطابق بڑا چھوٹا کرنے کا فریضہ سرانجام دیتا ہے۔دنیا میں بہت سی داستانیں مختلف زبانوں میں ایسی ہیں جس کا کوئی قصہ عوام کے ہاتھ آیا اور لوگوں نے اپنی مرضی سے اپنے ارمانوں،خوشیوں،مایوسیوں ،ناکامی یا حوصلہ افزائی کے لیے کہانی کے کرداروں کو اوصاف عطاء کیے۔ایسی کہانیاں ہمیشہ بڑھتی اور تبدیل ہوتی رہتی ہیں اور ان کے سرچشمے کا سراغ کم ہی مل پاتا ہے۔حاتم طائی کی یہ داستان جس کا نام اردو میں حیدری نے آرائشِ محفل رکھا،اس کے سرچشمہ کے متعلق پروفیسر سید وقار عظیم حوالہ کے ساتھ لکھتے ہیں:

> ''ڈاکٹر گیان چند نے اپنی کتاب ''شمالی ہند کی نثری داستانیں'' میں فارسی کے بعض نسخوں کا ذکر کیا ہے۔ان کے بیان کے مطابق اس کا سب سے پرانا نسخہ بوڈلین لائبریری آکسفورڈ میں ہے۔اس کے آخر میں تاریخ کتاب ۱۷۳۱ء/ ۱۱۴۴ھ اور مقام مرشد آباد درج ہے۔بوڈلین لائبریری میں ایک نسخہ ''قصص و آثار حاتم طائی'' ہے۔'' یہ ۱۴۰۶ء/۸۹۱ھ میں ملا حسین واعظ کاشفی نے تالیف کیا۔اس میں حاتم طائی کی زندگی کے حالات درج ہیں۔حاتم طائی کے دوسرے فارسی مخطوطات کے مختلف نام ہیں۔سیاحت حاتم ہفت سیر حاتم اور قصہ حاتم طائی اور حسن بانو۔انڈیا آفس لائبریری میں ایک فارسی مخطوطہ ہے جس کے دو حصے ہیں ۔پہلے حصہ میں ''ہفت سیر حاتم'' ہے اور دوسرے میں ''انصافِ حاتم''۔ملا فیروز لائبریری بمبئی میں ایک قلمی نسخہ ہے جس کا نام ''حاتم نامہ'' ہے۔'' [6]

گُلشنِ ہند:

حیدری کی اتفاقیہ طور پر مرزا محمد علی سے ملاقات ہوئی۔مرزا محمد علی کے پاس اُردو کے متعدد دیوان تھے۔مرزا نے حیدری سے کہا کہ ان دیوانوں کا مطالعہ کر کے اور دیگر معلومات کی وساطت سے شاعروں کا تذکرہ لکھو۔حیدری نے اس پر جی جان سے محنت کی اور ''گُلشنِ ہند'' کے عنوان سے یہ تذکرہ مکمل کیا۔یہ تذکرہ ادبی لحاظ سے کوئی بڑا مقام حاصل نہ کرسکا کیونکہ ایک طرف تو یہ شاعروں کے بہت ہی مختصر حالات زندگی پر مبنی تھا اور دوسری طرف ان کی شاعری کے متعلق کوئی زیادہ معنی خیز رائے مشاہدہ میں نہیں آتی۔

جامع القوانین:

جامع القوانین کی شہرت کا سبب یہ تھا کہ یہ کتاب مدرسوں کے نصاب میں شامل تھی۔یہ کتاب ڈاکٹر گلکرائسٹ نے خصوصی طور پر ترجمہ کروائی۔اس کا مقصد انیسویں صدی میں عدالتوں اور دوسرے ماتحت دفتروں کی کاروائی کو اردو زبان میں پیش کرنا تھا۔انگریزوں نے اس لیے رائج قوانین کے اردو تراجم پر بہت توجہ دی۔

فورٹ ولیم کالج کے منشیوں میں سے اہم منصب میر اَمنؔ کو دیا جاتا ہے۔حیدر بخش حیدری کے مقام کی وُسعت اور بلندی اس کے کام کے حُجم کے مطابق ہے۔غالباً فورٹ ولیم کالج میں وہ سب سے زیادہ کام دینے والا مُنشی تھا۔

حیدر بخش حیدری کی تاریخ پیدائش کی سند کہیں سے میسر نہیں ہوتی۔ہاں البتہ اس نے اس دنیا سے ۱۲۳۹ھ/ ۱۸۲۳ء میں رحلت فرمائی۔

مرزا علی لُطف:

مرزا علی لُطف ایران سے بادشاہ،نادر شاہ کے ساتھ ہندوستان آیا اور دہلی میں قیام کیا۔ڈاکٹر جمیل جالبی مرزا علی لطف کے متعلق لکھتے ہیں کہ وہ دہلی میں پیدا ہوا۔دہلی کی تباہی کے کافی عرصہ بعد بھی جب دہلی کے حالات بہتر نہ ہوئے تو وہ عازمِ لکھنو ہوا۔اسی دربدری کے دوران اس کی ملاقات ڈاکٹر گلکرائسٹ سے ہوئی،جس نے مرزا علی لطف کو ''گلزار ابراہیم'' کو فارسی سے اُردو میں شعرائے کرام کا تذکرہ لکھنے کی فرمائش کی۔''گُلزار ابراہیم علی ابراہیم خلیل کی

تصنیف ہے۔۔مرزا علی لُطف نے ''گلشن ہند'' کے عنوان سے شعراء کا تذکرہ ترجمہ کیا۔اس تذکرے میں انہتر شاعروں کے متعلق لکھا گیا ہے۔ یہ تذکرہ دو جلدوں میں مرتب کیا گیا تھا مگر اب اس کی جلد دوم بالکل ناپید ہے۔ پہلی جلد کو مولانا شبلی کے حواشی اور مولوی عبدالحق کے مقدمہ کے ساتھ انجمن ترقی اردو نے ۱۹۰۶ء میں شائع کیا۔ یہ تذکرہ کوئی زیادہ اہمیت کا حامل نہیں ہے۔اس میں شعراء کے متعلق تحریکی مواد کی کمی کے ساتھ ساتھ تذکرے کی لُغت بھی اس تذکرے کی اہمیت کو کم کرنے کا باعث ہے۔اس تحریر کی زبان تو آسان اردو نثر ہونی چاہیئے تھی مگر مرزا علی لطف مقفع عبارت سے نجات حاصل نہ کرسکا۔مثال کے طور پر میر تقی میر کے متعلق لکھتا ہے کہ:۔

''ناقدردانی سے اغنیا کی اور ناسمجھی سے اہل دنیا کی، اب بازار سخن سازی اس درجہ کاسِد ہے اور ہوائے شہرستان معنی طراز اس مرتبہ فاسد کہ میرؔ سا شاعر جو کہ سحر کاری سخن میں طلسم ساز ہے خیال کا اور جادو طرازی بیان میں معانی پرواز ہے مقال کا، وہ نان شبینہ کا محتاج ہے اور بات کوئی نہیں پوچھتا اس کی آج ہے۔''[7]

اس کے سنِ پیدائش کی بھی کوئی خاص سند موجود نہیں۔تاہم قاضی عبدالودود نے ۱۱۵۷ھ اور ۱۱۷۱ھ کے درمیان متعین کیا ہے۔ڈاکٹر ثمینہ شوکت نے تذکرہ طبقات الشعرا از قدرت اللہ شوق میں،لطف کے ترجمے میں ان کی مثنوی کا ذکر شامل دیکھ کر ان کا سالِ ولادت ۱۱۶۸ھ کے لگ بھگ مقرر کیا ہے۔مرزا علی لطف ۱۲۳۳ھ/۱۸۱۷-۱۸۱۸ میں اس دنیا سے رخصت ہوا۔

نہال چند لاہوری:

نہال چند لاہوری شاہ جہاں آباد میں پیدا ہوا۔اس کے بعد وہ لاہور آبسا اور اپنے نام کے ساتھ لاہور کا ''لاہوری'' کا لاحقہ لگایا۔یہ دراصل اس کی سکونت کو ظاہر کرتا تھا مگر یہ تخلص کی طرح مقبول ہوا۔تلاش روزگار میں نہال چند لاہوری کلکتہ جا پہنچا اور ڈاکٹر گلکرائسٹ نے اس سے ''تاج الملوک اور بکاولی'' کا آسان اردو نثر میں ترجمہ کی سفارش کی۔یہ داستان عزت اللہ بنگالی نے فارسی میں تحریر کی۔نہال چند لاہوری نے اس کا آسان اردو نثر میں ترجمہ کیا اور اس کا نام ''مذہبِ عشق'' رکھا۔نہال چند کی اردو ترجمہ کی نثر فورٹ ولیم کالج کے آدرشوں کی غماز ہے۔مثال

کے طور پر:۔

''حکایت برہمن اور شیر کی، وہ تو نے سنی ہے یا نہیں کہ کسی جنگل میں ایک روز برہمن کا گزر ہوا۔کیا دیکھتا ہے کہ ایک شیر موٹی رسی سے جکڑا ہوا پنجرے میں بند ہے۔وہ اس کو دیکھ کر نہایت غریبی سے گڑگڑانے لگا کہ اے دیوتا! اگر تو میرے اس حال پر رحم کرے اور اس قید سے مجھ کو نجات دے تو اس جاں بخشی کے عوض ایک نہ ایک دن میں بھی تیرے کام آؤں گا۔برہمن سادہ لوح کا دل شیر کے بلبلانے پر بھر آیا مگر عقل کے اندھے کو یہ نہ سوجھا کہ دشمن ہے۔اس کی بات کا اعتبار نہ کیا چاہیئے۔بے تامل قفس کا دروازہ کھول کر اس کے ساتھ پاؤں کھول دیے۔بند سے خلاص ہوتے ہی اس خون خوار نے اس کوتاہ اندیش کو گردن میں پکڑ کر اپنی پیٹھ پر ڈال لیا اور وہاں سے چل نکلا۔''[8]

گل بکاولی کے متعلق فرہنگ آصفیہ میں سید احمد نے روایت کیا ہے کہ بکاولی کا قلعہ ناگ پور کمشنری کے ضلع منڈلہ کی تحصیل رام گڑھ میں موجود ہے۔

نہال چند لاہوری کے سن پیدائش اور وفات کے متعلق کوئی مستند اطلاع اردو ادب کی تاریخ میں نہیں ملتی۔تاہم اس کی تحریروں کی تواریخ سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس کا عرصہ حیات اٹھارویں انیسویں صدی عیسوی میں تھا۔

للّو لال کوی:

للّو لال کوی بھی ڈاکٹر گلکرائسٹ کے منشیوں میں شامل تھا۔ڈاکٹر جمیل جالبی نے تاریخ ادبِ اُردو میں اسے ''للّوُ لال کب'' کے نام سے تحریر کیا۔اس کا اپنا کوئی بڑا تصنیفی اور تخلیقی کام نہ تھا۔پھر بھی وہ فورٹ ولیم کالج کے لیے خاص اہمیت رکھتا تھا۔اسے سنسکرت، برج بھاشا اور اپ بھرنش پر بھرپور عبور حاصل تھا۔فورٹ ولیم کالج کے منشی جب ان زبانوں کی لغت پر کام کرتے تو للّو لال جی ان سب کی مدد کرتا تھا۔مظہر علی خاں ولاؔ کے ترجمہ ''مادھونل اور کنڈلا'' اور ''بیتال پچیسی'' کے ترجمہ و تحریر میں للّو لال کوی کا بہت بڑا حصہ تھا۔

اس کا اہم ترین ترجمہ ''بیتال بتیسی'' ہے۔ یہ کتاب ''سنگھاسن بتیسی'' کے عنوان سے سنسکرت میں تحریر کی گئی تھی۔ شاہ جہاں کے درباری شاعر سندر داس کوی نے ۱۶۳۱ء کے آگے پیچھے اس کا ترجمہ برج بھاشا میں کیا اور للّو لال جی نے ۱۸۰۴ء میں اردو زبان میں پیش کیا۔ یہ ترجمہ فارسی اور دیوناگری اندازِ تحریر میں بھی چھپا۔ للّو لال کی دیگر تصنیفات میں درج ذیل بھی شامل ہیں۔

پریم ساگر:

راج نیتی، سبھابلاس، مہادیو بلاس اور لطائف ہندی: پریم ساگر بھگوت گیتا کے دسویں باب کا ترجمہ ہے۔ پہلی مرتبہ ۱۸۰۳ء میں شائع ہوا۔ راج نیتی کے قصے کہانیوں کے انداز میں اصولِ اخلاق اور طرزِ حکومت کے مختلف پہلو بیان کیے گئے ہیں۔

مہادیو بلاس: عشق ومحبت کی ایک منظوم داستان ہے۔

لطائف ہندی: ہندوستانی لطیفوں اور مزاحیہ کہانیوں کا مجموعہ ہے۔ ۱۸۱۰ء میں فارسی اور دیوناگری دونوں رسم الخطوں میں شائع ہوا تھا۔

سبھا بلاس: ہندی کی منتخب نظموں کا ہندی طالب علموں کے لیے مرتب کیا گیا اس کا پہلا ایڈیشن ۱۸۱۰ء میں شائع ہوا۔

للو لال کوی کی تاریخ پیدائش اور وفات کے متعلق مستند تاریخی شہادتیں موجود نہیں ہیں۔ تاہم اس کی تحریروں کی اشاعت کی تاریخوں سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ اٹھارویں انیسویں صدی کے حصوں میں حیات تھے۔

مظہر علی خاں وِلاؔ:

مظہر علی خاں ولاؔ کا اصل نام مرزا لطف علی تھا مگر وہ مظہر علی خاں کے نام سے مشہور ہوا اور ولاؔ تخلص کرتا تھا۔ اس کے والد اور دادا صاحب علم لوگ تھے۔ شاعری میں خاصی دسترس رکھتے تھے۔ فارسی کے علاوہ سنسکرت اور ہندی کے بھی اچھے عالم تھے۔ اس کے تراجم میں درج ذیل زیادہ اہم ہیں۔

مادھونل اور کام کنڈلا: یہ ترجمہ ۱۸۰۲ء کے اوائل میں سنسکرت کے قصوں سے کیا گیا۔

ترجمہ کریما: شیخ سعدی کے مشہور نصیحت نامے ''کریما'' کا منظوم ترجمہ کیا۔ یہ دعائیہ نظم حضرت محمد ﷺ کا قصیدہ ہے۔ یہ طویل قصیدہ اور اس کے مندرجات تمام مسلمان اپنی دعاؤں کی طرح پڑھتے ہیں۔ اس جملہ سے ''قصیدہ بردہ'' کی نظم کا آغاز ہوتا ہے۔ ''کریما بہ بخشائے بر حالِ ما'' ولاؔ نے اس جملے کا ترجمہ ''میرے حال پر کر تو بخشش خدا'' کے انداز میں کیا ہے۔

ہفت گلشن: ناصر علی خاں واسطی بلگرامی کے حکایات پر مبنی فارسی کتاب کا ترجمہ ولاؔ نے ''ہفت گلشن'' کے عنوان سے کیا۔ اس کتاب کا ایک نسخہ برٹش میوزیم لندن سے حاصل کر کے ڈاکٹر عبادت بریلوی نے ۱۹۶۴ء میں شائع کیا۔ یہ کتاب اخلاقیاتی قدروں کی تشریح کرتی ہوئی کہانیوں قصوں اور حکایات کا مجموعہ ہے۔

بیتال پچیسی: یہ ترجمہ ولاؔ کا سب سے اہم کام ہے۔ اس نے سنسکرت سے پچیس کہانیاں منتخب کیں اور آسان اردو نثر میں ترجمہ کیا۔ یہ کہانیاں چونکہ تہذیب ہند کی پیداوار تھیں اس لیے لوگوں کے لیے ان کی معنوی گہرائی بہت زیادہ تھی۔ اس سے مراد یہ ہے کہ کہانی میں کردار، واقعات، مقامات، مکالمات اور زندگی کا سارا ماحول ہندوستانی تھا۔ یہ امر لوگوں کے لیے کہانی سمجھنے کے لیے بے حد آسانی کا باعث تھا۔ یہی آسانی ترجمہ کار کے لیے بھی میسر تھی۔ یہ ترجمہ اس قدر اچھا ہے کہ دنیا کی بہت سی زبانوں میں اس کی ترجمہ کاری کی گئی ہے۔ سنسکرت سے برج بھاشا میں اس کا پہلا ترجمہ راجہ جے سنگھ سوائی نے ۱۷۴۰ء میں کیا۔ ولاؔ کا ترجمہ براہ راست سنسکرت سے نہیں ہے بلکہ برج بھاشا سے ہے۔

اتالیق ہندی: اتالیق ہندی ولاؔ کی ایک اور ایسی تالیف ہے جس کی ترتیب میں کالج کے بعض اور اہل قلم بھی ان کے شریک تھے۔ یہ کتاب ڈاکٹر گلکرائسٹ نے اس غرض سے مرتب کروائی تھی کہ اس سے کالج کے طلبا کو فارسی پڑھنے میں آسانی ہو۔ کتاب اخلاقی اسباق اور کہانیوں کا مجموعہ

ہے۔

تاریخ شیر شاہی: شہنشاہ اکبر نے عباس خاں بن شیخ علی شہروانی نے شیر شاہ سوری کے عہد کی مکمل تاریخ فارسی میں لکھوائی تھی۔ کپتان جس میں ماؤنٹ نے اس کا ترجمہ ولا کے سپرد کیا اور انہوں نے اسے ۱۸۰۵/۱۲۲۰ھ میں ختم کیا۔لیکن یہ ترجمہ شائع نہیں ہو سکا۔۱۸۶۵ء میں گارسان دتاسی نے اس کا فرانسیسی ترجمہ شائع کیا تھا۔ولا کے ترجمہ کا قلمی نسخہ انڈیا آفس کی لائبریری میں محفوظ ہے۔

جہانگیر نامہ: گارسان دتاسی کے بیان کے مطابق ولا نے تزکِ جہانگیری کے ایک حصے کا ترجمہ کیا تھا۔دتاسی کے اس بیان کی تائید کسی اور نے نہیں کی اور نہ کہیں اس کا کوئی مطبوعہ یا قلمی نسخہ دستیاب ہوا۔اس لیے اس کے متعلق کچھ کہنا مشکل ہے۔

مرزا کاظم علی جوان:

مرزا کاظم علی جوان دہلی کی بربادی کے بعد لکھنو چلا گیا۔اسے فورٹ ولیم کالج میں ترجمہ کے منشی کی ملازمت مل گئی۔وہ عربی اور فارسی کے علاوہ برج بھاشا بھی بہت اچھی طرح جانتا تھا۔نواز کبیشر نے کالی داس کے مشہور ڈرامہ ''شکنتلا'' کا ترجمہ برج بھاشا میں کیا۔مرزا کاظم علی جوان نے للّو لال کوی کی مدد سے اس کا اردو ترجمہ مکمل کیا۔اس ترجمہ کا نام بھی ''شکنتلا'' ہی رکھا گیا۔یہ ترجمہ نثر اور نظم، دونوں اصناف پر مبنی ہے۔اس کے علاوہ کاظم علی جوان نے ''بارہ ماسہ'' نظم کیا جس کا نام ''دستورِ ہند'' رکھا گیا۔بارہ ماسہ کا تصور بہت ہی دلچسپ ہے۔ایک تولہ وزن میں بارہ ماسہ ہوتے ہیں۔وزن کی یہ اکائیاں عام طور پر سونے چاندی یا کسی اور بہت ہی قیمتی چیز کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔اسی تصور کے متوازی سال کے بارہ مہینوں کو بھی بارہ ماسہ کے انداز میں پیش کیا گیا۔بارہ مہینوں میں عوامی تہوار، میلے ٹھیلے، کھیلیں اور دیگر تفریحی مصروفیات ایسی نظموں کا موضوع ہوتی تھیں۔کاظم علی جوان کے بارہ ماسہ کے متعلق ڈاکٹر عبیدہ بیگم نے اپنی کتاب ''فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات'' میں ''دستورِ ہند بارہ ماسہ'' کی بجائے صرف ''دستورِ ہند'' قرار دیا

ہے۔اس کا سبب یہ ہے کہ ڈاکٹر گلکرائسٹ نے تہذیب ہند کے تفریحی و تہوار کے موضوعات کی بجائے اپنے قوانین کو زیادہ اہمیت دینے پر زور دیا۔اسی امر کا نتیجہ تھا کہ یہ بارہ ماسہ عوام کے مزاج سے مختلف ثابت ہوا۔مرزا کاظم علی جوان کی تاریخ پیدائش کی سند کہیں سے دستیاب نہیں ہوتی ہاں مگر اس کی تصانیف اور اس کے عہد کے ذکر سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اٹھارویں انیسویں صدی کے حصوں میں حیات تھے۔

شیخ حفیظ الدین احمد:

شیخ حفیظ الدین احمد ایک صاحب علم خانوادے کا چشم و چراغ تھا۔اس کا والد شیخ بلال الدین کلکتہ کے مدرسہ نیٹو کالج میں استاد کے فرائض سرانجام دیتا رہا۔وہ فورٹ ولیم کالج میں اردو اور فارسی کا استاد مقرر رہا۔اس نے ۱۸۰۳ء میں ابوالفضل کی ''عیار دانش'' کا اردو ترجمہ ''خرد افروز'' کے عنوان سے کیا۔اس ترجمہ کا انگریزی زبان میں بھی ترجمہ ہوا۔عیار دانش میں کلیلہ دمنہ کا قصہ ہے جس کی اصل سنسکرت ہے۔سنسکرت سے فارسی تک پہنچنے میں اس قصے نے کئی مرحلے طے کیے ہیں۔کہتے ہیں کہ کلیلہ دمنہ کہانیوں کے ان سنسکرت ذخیروں سے ماخوذ ہے جو پنچ تنتر، ہتوپدیش اور رکھتا سرت ساگر کے نام سے مشہور ہیں۔کہا جاتا ہے نوشیرواں کے حکم سے چھٹی صدی عیسوی کے وسط میں حکیم برزویہ ہندوستان جا کر یہ قصہ لایا اور اسے پہلوی زبان میں لکھا۔بعض بیانات کے مطابق پہلوی کا ترجمہ بزرجمہر نے کیا ہے۔اسے ۷۵۰ء میں عبداللہ ابن المقفع نے پہلوی سے عربی میں ترجمہ کیا۔نصر اللہ نامی ایک شخص نے عربی سے فارسی میں ۱۱۲۱ء میں ترجمہ کیا۔ملا حسین بن علی واعظ کاشفی نے نصر اللہ اور مقفع دونوں سے استفادہ کر کے انوار سہیلی لکھی۔کلیلہ و دمنہ کے سلسلے کی یہ سب سے مشہور کتاب ہے۔اس کا سنہ تالیف وترتیب ۱۴۷۰ء اور ۱۵۰۵ء کے درمیان ہے۔انوار سہیلی میں عربی الفاظ کی کثرت تھی اس لیے ابوالفضل نے انوار سہیلی کو مختصر اور آسان کر کے عیار دانش لکھی۔حفیظ الدین کی کتاب عیار دانش ہی کا ترجمہ ہے۔

وہ ۱۸۱۵ء میں فورٹ ولیم کالج کی ملازمت سے سبکدوش ہو کر دہلی کے ریذیڈنٹ مسٹر مٹکاف کا میر منشی مقرر ہو گیا۔شیخ حفیظ الدین احمد کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات کے متعلق بھی کوئی حتمی تواریخ مشاہدہ میں نہیں آتی۔ہاں البتہ دیگر شواہد سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ بھی دیگر بہت

سے مُنشیوں کی طرح اٹھارویں انیسویں صدی میں بہ حیات تھا۔

خلیل علی خاں اشکؔ:

خلیل علی خاں اشکؔ نے کام تو کافی کیا لیکن نام زیادہ نہ پا سکا۔فورٹ ولیم کالج میں اس کی محنت کے نتائج داستانِ امیر حمزہ، اکبر نامہ، قصہ گُلزارِ چین اور رسالہ کائنات کی شکل میں رُو پذیر ہوئے۔ان سب میں داستان امیر حمزہ سب سے قابل ذکر ہے۔اس میں امیر حمزہ کے متعلق یہ کتاب چار حصوں پر مشتمل ہے۔ڈاکٹر جمیل جالبی اس کتاب پر رائے زنی کرتے ہوئے لکھتے ہیں،''اس کی کوکھ سے بعد میں نول کشور پریس کی چھیالیس ضخیم جلدیں جنم لیتی ہیں۔'' کہانیاں طویل ہونے کے باوجود بہت مربوط ہیں اور چار حصے آپس میں ضم ہوتے نظر آتے ہیں۔ان کہانیوں کی خاص بات یہ ہے کہ امیر حمزہ جو ایک عرب دیو مالائی کردار تھا، اسے ہندوستان کے دیو مالائی کردار کے طور پر ہندوستان کے ماحول میں پیش کیا گیا ہے۔لیکن چونکہ یہ کہانی دیگر عوامی کہانیوں کی طرح سینہ بہ سینہ چلتی تبدیلیوں اور اضافوں کو قبول کرتی گئی اس لیے اس میں ہندوستان کا عوامی پن بہت نمایاں نظر آتا ہے۔حالانکہ اشکؔ کی اس کتاب کی بنیاد فارسی میں امیر حمزہ کے متعلق قصے تھے۔اس کتاب کے متعلق یہ مشاہدہ بھی درست ثابت ہوتا ہے کہ داستان امیر حمزہ کوئی ترجمہ نہ تھا بلکہ پرانی داستان کی آسان اردو نثر میں نئی بیان کاری کی تھی۔اس کے متعلق پروفیسر وقار عظیم رائے دیتے ہیں:-

> ''اس دیباچے سے ظاہر ہے کہ اشک نے کسی خاص کتاب کا ترجمہ نہیں کیا بلکہ امیر حمزہ کے متداول قصے کو اپنی زبان میں لکھا ہے۔''[9]

خلیل علی اشک خود بھی اپنی داستان امیر حمزہ کی پیش کاری کے متعلق کہتا ہے:-

> ''آموزان ہندی اس قصہ کو اردوئے معلیٰ میں لکھا تا کہ صاحبان مبتدیاں کے پڑھنے کو آسان ہووے۔''[10]

درج بالا عبارت سے ظاہر ہے کہ خلیل علی خاں اشک خود بھی پروفیسر وقار عظیم کی اس رائے کی توثیق کرتا ہے کہ اس کی داستان امیر حمزہ ترجمہ نہ تھی۔اس کتاب کا مرکز داستان کا آسان اردو نثر میں بیان کرنا تھا تا کہ اہل ہند پر داستان امیر حمزہ ابلاغ ہو سکے۔ڈاکٹر گیان چند داستان امیر حمزہ کے

سرچشمہ کے بارے میں خیال رکھتے ہیں کہ اس کا ماخوذ فارسی زبان کی تالیف تھا جس کا نام ''رموزِ حمزہ'' تھا۔اشک خود بھی اپنی کتاب کے سرچشمہ کو ''ملا جلیل بلخی'' کی تصنیف قرار دیتا ہے۔

ابوالفضل کے ''اکبرنامہ'' کا ترجمہ بھی اشکؔ نے اسی نام سے کیا مگر یہ کتاب اب تک شائع شدہ ثابت نہیں ہوتی۔اس کے علاوہ رائل ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے کتب خانے میں نصیر الدین ہاشمی (مولف دکن میں اردو) کو اشکؔ کی دو کتابیں ملیں۔ان میں سے ایک ''گلزار چین'' تھی۔چین کی یہ داستان بھی ہندوستان کے ماحول میں پیش کی گئی۔گلزار چین کو قصہ رضوان شاہ اور نگار خانہ چین بھی کہتے ہیں۔نصیر الدین ہاشمی نے جس نسخہ کی نقل کلکتہ کی لائبریری سے حاصل کی اسے ڈاکٹر عبادت بریلوی نے اپنے مقدمے کے ساتھ پیش کر دیا۔''رسالہ کائنات'' کو بھی ڈاکٹر عبادت بریلوی نے مرتب کر کے ۱۹۶۵ء شائع کر دیا۔ڈاکٹر عبیدہ بیگم نے بھی اپنے تحقیقی مقالہ میں اس کے متعلق مزید تفصیلات فراہم کی ہیں۔ڈاکٹر عبیدہ بیگم نے خلیل علی خاں اشک کی ان چار کتابوں کے علاوہ منتخب الفوائد ۱۸۱۱ء اور انتخاب سلطانیہ ۱۸۰۵ء کا سراغ بھی لگایا ہے۔میر خلیل علی خاں اشکؔ کی اردو لغت عہد حاضر کی اردو شکل لگتی ہے۔مثال کے طور پر وہ داستان امیر حمزہ میں لکھتا ہے:-

> ''ان دنوں موسم گرما تھا۔دل آرام نے بوڑھے کو کہا: ان دنوں تم کو بڑی محنت معلوم ہوتی ہوگی۔تم یہ کام کرو کہ پہاڑ تلے کہیں بڑا گڑھا تلاش کر کے ان میں لکڑیوں کو جمع کرو کہ جاڑے میں مہنگی بکیں۔اس نے پھر سمجھا کہ سچ کہتی ہے۔خدا کے فضل سے گھر میں کھانے کو ہے۔پہاڑ کے دامن میں ایک غار تلاش کر کے اس میں لکڑیاں جمع کر کے ڈھیر کیا اور اپنے گھر میں آ کر آسودگی سے رہنے لگا۔کتنے دن بعد جب جاڑے کا موسم آیا، اتفاقاً بادشاہ اس پہاڑ کے نیچے شکار کھیلنے کو آیا اور اس روز وہاں اترا۔اس روز رات کو ایسی برف پڑی کہ تمام لشکر مارے سردی کے مر جاتا۔لوگوں نے جا کر ان لکڑیوں کے ڈھیر پر سے پتھر دور رکھے اور آگ لگا دی اور تمام رات سارے لشکر نے آگ تاپ تاپ کر اپنی جانیں بچائیں۔صبح بادشاہ کوچ کر کے اپنے قلعے میں داخل ہوا۔جب وہ لکڑ ہارا

دو تین دن کے بعد اس غار پر آیا کیا دیکھتا ہے کہ تمام لکڑیاں جل کر راکھ ہوگئیں۔ بیٹھ کر خوب رویا۔لیکن اس مکان میں سونے کی کان تھی۔اس آگ کی گرمی سے تاؤ کھا کر سِلیں پتھر کی صورت بن کر رہ گئیں۔اس بوڑھے نے واسطے دل آرام کے دکھلانے کی گئی گرا ہم اس کوئلے سے بھر لیے اور ایک اس میں سے پتھر کی سِل اٹھائی کہ یہ عورتوں کے مصالحہ پیسنے کو خوب ہے۔دل آرام کو وہ کوئلے دکھلائے اور وہ سِل دی۔دل آرام کی آنکھوں میں اس پتھر کے اوپر کچھ نقش سے نظر آئے۔از بس کہ عاقلہ تھی، چھری کی نوک سے کھرچ کر دیکھے تو سونا ہے۔بہت خوش ہوئی۔خدا کا شکرانہ ادا کیا اور بوڑھے سے پوچھا: ایسے پتھر وہاں اور بھی ہیں؟ کہا بہت پڑے ہیں۔'' [11]

دیگر بہت سے منشیوں کی طرح خلیل علی خاں اشکؔ کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات کی کوئی سند نہیں ملتی۔تاہم اس کے متعلق، اور اس کی کتابوں کی اشاعت بارے معلومات سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس کی پیدائش اور وفات کا تعلق اٹھارویں صدی اور انیسویں صدی میں پڑتا ہے۔

مولوی امانت اللہ شیدا:

مولوی امانت اللہ شیداؔ عربی فارسی کا بہت بڑا عالم تھا۔اس نے اسلامی فقہ پر ''ہدایت الاسلام'' کے نام سے عربی میں کتاب لکھی۔ابھی یہ کتاب مکمل نہ ہو پائی تھی کہ شیدا کے علم و فضل کے متعلق ڈاکٹر گلکرائسٹ کو خبر ہوئی۔اس نے بڑے احترام سے شیداؔ کو تراجم کے لیے قائل کیا۔شیداؔ نے سب سے پہلے عربی میں ہدایت الاسلام کو ''ہدایت الاسلام'' کے عنوان سے اردو میں ترجمہ کیا۔یہ ترجمہ ۱۸۰۴ء میں شائع ہوا۔اس کے علاوہ اس نے فارسی کی معروف کتاب ''اخلاق جلالی'' کا ترجمہ ''جامع الاخلاق'' کے نام سے کیا۔''اخلاق جلالی'' جلال الدین دوانی کی تحریر ہے۔دوانی کی اس تحریر کا عربی میں ''لوامع الاشراق فی مکارم از اخلاق'' نام ہے۔

بینی نرائن جہاں:

بینی نرائن جہاں ایک خوش حال خاندان کا چشم و چراغ تھا۔اس کا خانوادہ لاہور سے

تھا۔اس کے والد راجہ لکشمی نرائن لاہور کے رئیس تھے اور ان کے بھائی رائے کھیم نرائن صاحب علم اور شاعر تھے۔وہ رِند تخلص کرتے تھے۔گردش زمانہ نے اسے مجبوریوں کی زد میں لا کر کلکتہ لا پھینکا۔سید حیدر بخش حیدری کی وساطت سے وہ کپتان ٹامس روبک گلکرائسٹ سے متعارف ہوا اور ترجمہ کاری کے لیے فورٹ ولیم کالج میں ملازم ہوا۔کالج کے زمانہ کے دوران اس نے دو کتابیں لکھیں ''چار گلشن'' اور ''دیوانِ جہاں''۔گارسان دتاسی کے مطابق انہوں نے شاہ رفیع الدین دہلوی کی فارسی کتاب تنبیہ الغافلین کا ترجمہ بھی کیا تھا۔چار گلشن، جو زمانے کی ترتیب کے لحاظ سے بینی نرائن کی پہلی تالیف ہے، ایک عشقیہ داستان ہے جس میں شاہ کیواں اور فرخندہ کی محبت کا قصہ بیان کیا گیا ہے۔کتاب کے دیباچے میں مولف نے لکھا ہے کہ اس کا منظر نامہ ایک مدت سے ان کے ذہن میں تھا۔ایک مرتبہ (۱۸۱۰ء/۱۲۲۵ھ میں) انہوں نے یہ قصہ منشی امام بخش کو سنایا تو انہوں نے پسندیدگی کے بعد اسے نثر میں لکھنے کی تاکید کی۔قصہ مکمل ہو گیا تو کپتان ٹامس روبک اور کپتان ولیم ٹیلر کو دکھایا گیا انہوں نے بھی اسے پسند کیا اور معاوضہ دے کر اسے کالج کے لیے خرید لیا۔لیکن یہ قصہ چھپ نہیں سکا۔برٹش میوزیم کے کتب خانے میں البتہ محفوظ ہے۔

دیوان جہاں اردو شاعروں کا تذکرہ ہے جو جہاں نے کپتان روبک کی فرمائش پر مرتب کیا تھا۔اس کی تاریخ ترتیب ۱۸۱۴ء/۱۲۲۹ھ ہے اور اس میں ۱۲۵ کے قریب شاعروں کا مختصر حال درج ہے۔

یہ تذکرہ چھپا نہیں۔اس کا ایک نسخہ برٹش میوزیم میں محفوظ ہے۔تذکرے کا نمونہ اسی نسخے سے حاصل کیا گیا ہے۔جہاں کی تیسری تالیف تنبیہ الغافلین جو شاہ رفیع الدین صاحب کی اسی نام کی فارسی کتاب کا ترجمہ ہے مولانا سید احمد شہید بریلوی کے ارشاد پر اردو میں منتقل کی گئی تھی۔اس کا ایک قلمی نسخہ انڈیا آفس کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔

انجمن ترقی اردو ہند علی گڑھ (دہلی کے کتب خانے میں بینی نرائن جہاں کی ایک غیر مطبوعہ قلمی داستان ''باغِ عشق'' محفوظ ہے۔یہ داستان عبد الرحمٰن جامی کی مشہور منظوم فارسی داستان لیلیٰ مجنوں کا اردو نثر میں ترجمہ کیا ہے۔ان میں سے بہار عشق، گلزار حسن اور گل صنوبر تین کتابوں کے نام بالکل نئے ہیں۔قصہ گل صنوبری کا نام بینی نرائن نے غالباً نو بہار رکھا تھا۔گلزار حسن میں یوسف و زلیخا کا قصہ بیان کیا گیا ہے۔ان کا ذکر نو بہار کے دیباچہ میں بھی مشاہدہ ہوتا

ہے۔

بنی نرائن جہاں کو ''تنبیہ الغافلین'' کا ترجمہ کا بھی اعزاز حاصل ہے۔ تاہم بہت سے مسلمان نقادوں نے اس کی پیش کردہ آیات اور احادیث کے متعلق بہت سے تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ اس کے متعلق گارسان دتاسی کا بیان ہے کہ وہ مسلمان بھی ہو گیا تھا۔ اس کی تاریخ پیدائش اور وفات کے متعلق کوئی مستند اطلاعات نہیں ہیں۔ ہاں البتہ بہت سی دیگر شہادتوں سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اٹھارویں اور انیسویں صدی کے حصوں میں حیات تھا اور اس دنیا سے رخصت ہوا۔

مرزا جان طپش:

مرزا جان طپش کا اصل نام مرزا محمد اسماعیل ہے۔ اس کے آباء بخارا کے رہنے والے تھے۔ اس کے والد مرزا یوسف بیگ بخارا چھوڑ کر دہلی آ گئے۔ مرزا جان طپش کا براہ راست فورٹ ولیم کالج سے کام کے لحاظ سے کوئی خاص تعلق نہ تھا۔ ہاں البتہ اس کی علمی اہمیت کی وجہ سے کالج میں اہمیت حاصل تھی۔ بالکل ایسے ہی جیسے للو لال کوی کو۔ مرزا جان طپش عربی، فارسی کے علاوہ سنسکرت کا بہت بڑا ماہر تھا۔ اسی حوالے سے اس کا تعلق فورٹ ولیم کالج اور اس کے منشیوں سے بنتا ہے۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ طپش کی شاعری کے ''کلیات'' فورٹ ولیم کالج نے خرید کر شائع کیے۔

طپش مرزا جواں بخت جہاندار شاہ کے دربار میں فوجی خدمات پر مامور ہوا اور ۱۱۹۸ھ میں انہیں کے ساتھ لکھنو گیا۔ وہیں شعر و سخن کی مجلسوں میں ان کے ذوق شعر گوئی کو جلا ملی۔ لکھنو سے مرزا جواں بخت کے ساتھ بنارس گئے اور ۱۲۰۱ھ تک وہیں رہے۔ اس کے بعد ڈھاکہ چلے گئے اور وہاں شمس الدولہ نواب سید احمد علی خاں کے مصاحب مقرر ہوئے اور انہی کے کہنے پر ''شمس البیان فی مصطلحات ہندوستان'' لکھی۔ اردو کے محاورات اور روز مرہ اس کتاب کا موضوع ہیں۔ اس کتاب سنہ ترتیب ۱۷۹۲ء/۱۲۰۷ھ ہے۔ اس طرح اس موضوع پر یہ پہلی کتاب ہے۔ کتاب پہلی مرتبہ مرشد آباد ڈھاکہ سے ۱۸۴۹ء/۱۲۲۵ھ میں شائع ہوئی۔ کتاب میں اردو محاوروں کے معنی فارسی میں لکھے گئے ہیں اور مثال میں اردو کے اساتذہ کے اشعار درج ہیں۔ مثالیں میرؔ، سوداؔ، ولیؔ، سراجؔ عزلتؔ اور ان کے علاوہ دوسرے شاعروں سے لی گئی ہیں۔ اس میں ۲۷۵ محاوروں کو ردیف وار ترتیب دیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر:۔

انگاروں پر لوٹنا:

شعلہ خو جب سے نظر آتا نہیں   تب سے انگاروں پہ لوٹے ہے ولیؔ

رفو چکر:

رفو گر کو کہاں طاقت کہ زخم عشق کو ٹانکے   اگر دیکھے مرا سینہ رفو چکر میں آجاوے

طپش کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ ۱۷۴۴ء میں پیدا ہوا۔ غالب امکان ہے کہ وہ انیسویں صدی کی دوسری دہائی تک حیات تھا۔

عبداللہ مسکین:

گریرسن (لنگویسٹک سروے آف انڈیا) فیلن اور کریم الدین (طبقات الشعرائے ہند) کی وساطت سے مسکین کے جو حالات فراہم ہوئے ان کا خلاصہ یہ ہے کہ ڈاکٹر گلکرائسٹ کے زمانہ قیام میں یہ کالج میں ملازم ہوئے تھے اور ان کے وطن چلے جانے کے بعد بھی عرصے تک وہیں رہے۔ فورٹ ولیم کالج میں رہ کر انہوں نے جو کام کیا ہے اس میں مستقل تالیف شامل نہیں۔ گریرسن کا بیان ہے ''بیاض ہندی'' کی تالیف میں وہ ڈاکٹر گلکرائسٹ کے شریک تھے۔ ڈاکٹر گلکرائسٹ نے اپنی قواعد اردو میں اصطلاحات کی وضاحت اور صرف و نحو کے مسائل کی تشریح کے لیے ان کے بہت سے اشعار نقل کیے ہیں۔ اس لیے وہ عام فہم اور عام پسند تھے۔

مسکین اردو میں مرثیہ گو کی حیثیت سے مشہور ہیں اور ان کے مراثی کا ایک مجموعہ مرتب ہو چکا تھا۔ اس مجموعہ کے متعلق اسپرنگر نے لکھا ہے کہ وہ شاہان اودھ کے کتب خانے میں موجود تھا اور اس کا نام مجموعہ ہائے مسکین تھا۔ جن لوگوں نے مرثیہ گوئی کی تاریخ لکھی ہے انہوں نے مسکین کا سرسری ذکر کیا ہے۔

مرزا محمد فطرت:

مرزا محمد فطرت لکھنو کے رہنے والے تھے۔ کسی ذریعہ سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ فورٹ ولیم کالج سے ان کا تعلق کب ہوا اور کب تک قائم رہا۔ صرف گریرسن کے حوالے سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ ۱۸۰۱ء سے کچھ پہلے انہوں نے جارج ہاڈلے کی قواعد اردو میں کچھ ترمیم کی تھی اور اس ترمیم کے بعد ۱۸۰۱ء میں یہ کتاب لندن سے شائع ہوئی تھی۔ اصل کتاب پہلی مرتبہ ۱۷۷۳ء میں چھپی

تھی۔

فورٹ ولیم کالج کے لیے فطرت نے ول ہنٹر کی مدد سے بائیبل کا ترجمہ کیا تھا۔ یہ ترجمہ پہلی مرتبہ ۱۸۰۵ء میں شائع ہوا۔ آج کل بائیبل کا جو نسخہ بائیبل سوسائٹی کی طرف سے تقسیم ہوتا ہے وہ جزوہ ترمیم کے علاوہ فطرت ہی کا کیا ہوا ترجمہ ہے۔ اس کی زبان میں سادگی اور متانت ہے اور اس طرح کی کتاب کے لیے یہ طرز بہت موزوں ہے۔

میر معین الدین فیض:

میر معین الدین نام تھا اور فیض تخلص۔ ان کے بزرگ سمرقند کے رہنے والے تھے۔ گیارہ بارہ نسل پہلے آباؤ اجداد میں سے کوئی دہلی چلا گیا اور یہاں سکونت اختیار کر لی۔ فیض یہیں پیدا ہوئے اور یہیں تعلیم حاصل کی۔ دہلی تباہ ہوئی تو شہر چھوڑ کر غازی پور چلے گئے۔ جن دنوں ڈاکٹر گلکرائسٹ نے زبان اردو کی تحصیل و تحقیق کے لیے مختلف شہروں کا دورہ کیا وہ غازی پور بھی گئے اور یہاں ان کی ملاقات فیض سے ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب ان کے علم و فضل اور ذوق سے متاثر ہوئے اور انہیں اپنے ساتھ کلکتہ لے گئے اور کالج میں ملازم رکھ لیا۔ ڈاکٹر گلکرائسٹ کے کہنے سے فیض نے ۱۸۰۳ء/۱۲۱۸ھ میں حضرت شیخ فریدالدین عطار کے پندنامہ کا منظوم ترجمہ کیا اس کا نام چشمہ فیض رکھا۔ اس کتاب کے ایک قلمی نسخہ کا ذکر اسپرنگر نے اپنی فہرست میں کیا ہے۔ یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ کتاب چھپی یا نہیں۔

سید حمیدالدین بہاری:

سید حمیدالدین بہاری کے حالات پردہ اخفا میں ہیں۔ برٹش میوزیم کی ایک کتاب الوان نعمت کے متعلق بلوم ہارٹ کا بیان ہے کہ وہ ڈاکٹر گلکرائسٹ کے ایما پر سید حمیدالدین نے مرتب کی تھی۔ اس کتاب کے سنہ تالیف کا پتہ نہیں چلتا۔ نہ ہی یہ اندازہ ہوتا ہے کہ سید حمیدالدین نے اس کی ترتیب کالج کے ملازم کی حیثیت سے کی تھی یا یوں ہی ڈاکٹر گلکرائسٹ کے کہنے سے اپنے طور پر کر دی تھی۔

کتاب کا حجم ڈھائی سو صفحے ہے۔ اس کے چوبیس باب ہیں جن میں ہر ایک باب کو خوان کہا گیا ہے۔ ان خوانوں میں ان سب کھانوں اور مٹھائیوں کا حال درج ہے جو اس زمانے میں مسلمانوں میں رائج تھے۔ ہر کھانے کے ذکر کے ساتھ اس کے اجزاء اور پکانے کی ترکیب بھی وضاحت سے لکھی گئی

ہے۔ آخری باب میں طعام خانہ کی اصطلاحوں کی ایک فرہنگ بھی شامل ہے۔

فورٹ ولیم کالج کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس کی وجہ سے بہت سے شعراء درباروں میں قصیدے لکھنے، پڑھنے کی بجائے علمی اداروں میں باوقار انداز میں کام کرنے لگے۔ شاعری از خود کوئی ذریعہ معاش نہ تھی۔۔ شعراء درباروں میں اس کو معاشی حصول کے لیے تعریف و توصیف، قصیدہ و نظم کے لیے استعمال کرتے تھے۔ فورٹ ولیم کالج کے مُنشی کم از کم اس ذلت آمیز ذریعۂ معاش سے بچ نکلے۔ وہ باوقار ثابت ہوئے۔

حوالہ جات

[1] ڈاکٹر جمیل جالبی، تاریخ ادبِ اردو، جلد سوم، ص ۴۲۷، مجلس ترقی ادب، لاہور، ۲۰۰۶ء

[2] مشمولہ تاریخِ ادبِ اردو، جلد سوم از ڈاکٹر جمیل جالبی، ص ۵۰۸، مجلس ترقی ادب، لاہور، ۲۰۰۶ء

[3] ڈاکٹر جمیل جالبی، تاریخِ ادبِ اردو، جلد سوم، ص ۴۷۱، مجلس ترقی ادب، لاہور، ۲۰۰۶ء

[4] مشمولہ تاریخ ادبِ اردو، جلد سوم، ڈاکٹر جمیل جالبی، ص ۴۷۳-۴۷۲، مجلس ترقی ادب، لاہور، ۲۰۰۶ء

[5] مشمولہ تاریخ ادبِ اردو، جلد سوم، ڈاکٹر جمیل جالبی، ص ۴۶۷-۴۶۶، مجلس ترقی ادب، لاہور، ۲۰۰۶ء

[6] فورٹ ولیم کالج، تحریک اور تاریخ، پروفیسر سید وقار عظیم، ص ۴۷، الوقار پبلی کیشنز لاہور

[7] مشمولہ فورٹ ولیم کالج، تحریک اور تاریخ، سید وقار عظیم، ص ۱۰۴، الوقار پبلی کیشنز لاہور

[8] مشمولہ تاریخ ادب اردو، جلد سوم، ص ۴۹۷، ڈاکٹر جمیل جالبی، مجلس ترقی ادب لاہور، ۲۰۰۶ء

[9] مشمولہ فورٹ ولیم کالج، پروفیسر سید وقار عظیم، ص ۱۳۰، الوقار پبلی کیشنز ۵۰، لوئر مال، لاہور، ۱۹۹۵ء

[10] مشمولہ فورٹ ولیم کالج، پروفیسر سید وقار عظیم، ص ۱۳۰، الوقار پبلی کیشنز ۵۰، لوئر مال، لاہور، ۱۹۹۵ء

[11] مشمولہ تاریخ ادب اردو، جلد سوم، ڈاکٹر جمیل جالبی، ص ۵۴۳-۵۴۲، مجلس ترقی ادب لاہور۔ ۲۰۰۶

☆☆☆

٦

دارالترجمہ عثمانیہ

تہذیبوں کی تاریخ بے حد کرشماتی اور حرکی Dynamic ہوتی ہے۔ایک تہذیب میں چھوٹی چھوٹی بہت سی تہذیبیں بھی ہوسکتی ہیں۔ بڑی تہذیب کے سائے میں چھوٹی چھوٹی تہذیبوں کے دائرے میں بے شمار ثقافتیں مشاہدہ کی جاسکتی ہیں۔تہذیبِ ہند کا جغرافیہ دنیا کے بہت بڑے حصے پر مشتمل ہے۔لسانیات کے اعتبار سے اگر ''ہندی ایرانی زبانیں'' اور ''ہندی چینی زبانیں'' ہندوستان کا جغرافیہ تصور کی جائیں تو ہندوستان کی تہذیبی سرحدیں ایران سے لے کر ہندوستان، نیپال، برما، افغانستان اور چین تک پھیلی ہوئی ہیں۔فارسی زبان کے تعلق کے حوالے سے ایران کے علاوہ یہ جغرافیہ رُوسی ریاستوں تاجکستان ،ازبکستان، قازقستان، آذر بائیجان، ترکمانستان اور دیگر علاقوں تک پھیلتا دکھائی دیتا ہے۔زبانوں کا جغرافیہ سیاسی اور ریاستی جغرافیہ سے مختلف ہوتا ہے۔ان سے زیادہ بھی ہوسکتا ہے اور کم بھی۔یہ بھی ہوسکتا ہے کہ زبان کا جغرافیہ بہت سی ریاستوں میں پھیلا ہوا ہو۔مثال کے طور پر اردو زبان نہ صرف پاکستان کی ریاست کا حصہ ہے بلکہ جدید بھارت کا بھی۔دونوں ریاستیں الگ الگ اور غیر منحصر ہیں مگر ان کی زبان کا جغرافیہ اپنے پھیلاؤ میں دونوں ریاستوں کو اشتراک کا رشتہ فراہم کرتا ہے۔انگریزی اور دیگر بہت سی ترقی یافتہ زبانوں کا جغرافیہ عالمی نوعیت کا ہے۔

تقسیمِ ہند سے پہلے کے ہندوستان میں ایک تہذیب کے سائے میں بہت سی ذیلی تہذیبیں اور ان کے نتیجے میں بے شمار ثقافتیں جنم لے چکی تھیں۔علمِ ترجمہ کے خصوصی حوالہ کے مطالعہ کے لیے تحقیق کو اسی حد تک محدود رکھنا لازم ہے۔حیدرآباد دکن انہی علامتوں کا حقیقی ثبوت ہے۔حیدرآباد دکن قدیم ہندوستان میں بہت سے مختلف علاقوں، خطوں کی طرح ایک جزیرہ تھا۔یہ جزیرہ پانی میں نہ تھا اپنے کردار میں تھا۔پورے ہندوستان کی تہذیب میں اس کے اعمال

بہت ہی منفرد تھے۔سیاسی اور ریاستی طور پر بادشاہوں کا جزیرہ۔عوامی احترام ومحبت کے حوالہ سے تصوف کا مُلک۔ادبی تحاریک کے حوالے سے ایک منفرد علاقہ۔یہ علاقہ چودھویں صدی میں بہمنی خاندان کی خودمختاری کے اعلان سے خاص ہوگیا۔بہمنی خاندان کے اقتدار حاصل کرنے کے بعد بہت سی مثبت اور منفی تبدیلیاں روپذیر ہوئیں۔خاص طور سے تہذیب ہند کے حوالہ سے۔یہ دوسرے علاقوں کی تبدیلیوں سے مختلف تھیں۔

بادشاہت کی عطائیں اور نوازشات بھی شاہانہ ہی تھیں۔ان کا مخصوص مرکز عوامی فلاح نہ تھا بلکہ اپنی پہچان اور انفرادیت کا اہتمام تھا۔مگر کیا کیا جائے کہ بادشاہت کے علاوہ کوئی سیاسی متبادل ہی تہذیب وثقافت میں موجود نہ ہو۔اس لیے وہی سچ ثابت ہوا جو پیش کیا جاسکتا تھا یعنی بادشاہتوں کی عطائیں اور نوازشات۔عوام ان نوازشات کا مرکز تو نہ تھے مگر وہ اتنے مجبور ومقہور تھے کہ انہیں جو کوئی، جو کچھ بھی دے دیتا وہ اسے شکریہ کی نظروں سے دیکھتے ہوئے حاصل کر لیتے۔ان کے اپنے کوئی حقوق نہ تھے۔وہ صرف شاہوں شہزادوں کے احسانات میں زندہ رہتے تھے۔ان کو تاریخ کے جبر سے جو خیرات ملتی تھی وہ اسی پر قناعت کرتے تھے۔ڈاکٹر یوسف حسین خان کا یہ جملہ اس تشریح کی توثیق کرتا ہے

> ''اعلیٰ حضرت بندگانِ عالی کی تخت نشینی کے وقت مدارس کی تعداد ایک ہزار کے قریب تھی جس میں پینسٹھ ہزار طلبا تعلیم پاتے تھے اور آج مدارس کی تعداد ساڑھے چار ہزار ہے اور طلبا کی تعداد تیس لاکھ ستائیس ہزار۔''[1]

درج بالا حوالہ کے اقتباس سے یہ تو ظاہر ہوتا ہے کہ کئی ہزار مدارس میں اس سے زیادہ ہزار طالب علم تھے۔مگر یہ بالکل ثابت نہیں ہوتا کہ یہ سب کچھ عوام کے لیے اہتمام کیا گیا تھا۔یقینی بات ہے کہ شاہوں نے جو کچھ اپنی عظمت کے خمیر اور تعمیر کے لیے کیا اس کے اثرات عوام تک بھی پہنچتے تھے۔ایسا تو کوئی واقعہ ہو ہی نہیں سکتا کہ کسی ریاست یا سماج میں وقوع پذیر اور اُس خواستہ یا نا خواستہ اثرات عوام تک نہ پہنچیں۔ایسے واقعات کے پس منظر میں عوام کے لیے نیک ارادے نہ ہوتے تھے بلکہ اپنی ہی خواہشات اور تسکین ہوتی تھی۔

''ہوتا ہے نہاں گرد میں، صحرا میرے ہوتے''

غالبؔ

غالبؔ کی موجودگی میں پورا صحرا اگر دا گر د ہو جاتا ہے۔ یہ پھیلاؤ غالبؔ نہیں پھیلاتا بلکہ اس کی وجہ سے خود ہی پھیل جاتا ہے۔

مگر قابل ذکر بات یہ ہے ان کی اقدار کی بنیاد میں عوامی فلاح کا کوئی خمیر نہ تھا۔ یہ تو ایسے ہی ہے جیسے کسی نواب کا نوکر اسے پنکھا جُھلا رہا ہو اور نواب کو ہوا فراہم کر رہا ہو۔ مگر نواب کے اس پنکھے سے تھوڑی بہت ہوا اس تک بھی پہنچ رہی ہو۔ پھر بھی شاہوں کی نیتوں پر شک نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ تاریخ کا وہ عہد ایسا ہی تھا اور کسی کے پاس عوام کے جدید جمہوری حقوق کا تصور نہ تھا۔ حوالہ کے اسی اقتباس کے صرف ایک جملے میں شاہوں کے لیے تین توصیفات موجود ہیں، ''اعلیٰ حضرت''، بندگانِ عالیٰ''، ''تخت نشینی''۔ اس لُغت سے ان کرداروں کی تشریح ہوتی ہے جو ہر بھلائی اپنے حق میں کرتے تھے۔ قطع نظر اس سے کہ اس بھلائی کی بچت کھچت عوام تک بھی پہنچ جاتی تھی۔ مگر ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ ایسی بھلائی عوام کے لیے کی جاتی تھی۔

عہد بہمنی یا عادل شاہی عہد شہنشاہت ۱۴۹۰ء سے ۱۸۸۶ء تک پھیلا ہوا ہے۔ اس خاندان کے حکمران ابراہیم عادل شاہ نے پہلی مرتبہ اردو زبان کو سرکاری زبان کا منصب عطا کیا۔ اسی زمانہ میں ابوالقاسم فرشتہ نے ''تاریخِ فرشتہ'' تصنیف کی۔ ابراہیم عادل شاہ ثانی کی ''نورس'' خاص اہمیت رکھتی ہے۔ اس کتاب میں لکھے گئے گیت راگ اور راگنیوں میں گائے جاتے ہیں۔ عادل شاہ کے ''کلیاتِ شاہی'' خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ اس عہد میں نصرتیؔ ملک الشعراء کی ''گلشنِ عشق''، ''علی نامہ''، ''تاریخ سکندری'' تحریر کیں۔ اس کی مثنویاں اردو ادب کے خزانے کا خاص حصہ ہیں۔

تاریخ ادب میں قطب شاہی عہد خاص اہمیت رکھتا ہے۔ ملا وجہی اور اس کی ''سب رس'' اس عہد کا بہترین نمونہ ہے۔ یہ پہلی غیر مذہبی نثری کتاب تھی۔ ملا وجہی نے ''قطب مُشتری'' نامی مثنوی لکھ کر محمد قطب قلی شاہ اور بھاگ متی کی داستان عشق کو کمالِ لازوال تک پہنچا دیا۔ قطب شاہی دور ہی میں غواصیؔ نے ''سیف الملوک و بدیع الجمال'' اور ''طوطی نامہ'' کے عنوان سے مثنویاں لکھیں۔ اسی عہد میں ابن نشاطیؔ نے ''پھولبن'' نامی مثنوی تحریر کی۔

چودھویں صدی عیسوی سے حیدرآباد دکن مسلمانوں کے زیر نگیں رہا۔ شاہوں سلطانوں

کے ایک خاندان کی موجودگی میں قرب و جوار کی ایک اور ریاست میں کوئی اور شاہ و سلطان حکمران ہوتے تھے۔ بہمنی خاندان میں ۱۳۴۷ء میں اپنی خودمختاری کا اعلان کیا۔ اسی طرح عادل شاہی خاندان کی فرماں روائی کا عہد ۱۴۹۰ء سے ۱۸۸۶ء تک پھیلا ہوا ہے۔ قطب شاہی خاندان کے سلاطین کا عہد حکمرانی ۱۵۰۸ء سے ۱۶۸۷ء پر مشتمل ہے۔ آصف جاہی سلاطین کا عہد شاہی ۱۷۱۶ء سے ۱۹۴۸ء تک چلا جاتا ہے۔ ان تمام شاہی خاندانوں اور حکمرانوں نے حیدرآباد دکن کو مخصوص ماحول دیا جس میں علم و فضل اور فنون لطیفہ کے فروغ کی کافی گنجائش موجود تھی۔ اس بات کا بار بار اعادہ بے معنیٰ ہے کہ وہ یہ سب نیکیاں اپنے حق میں کرتے تھے۔ ہاں البتہ اس کا کوئی بچا کھچا نتیجہ عوامی افادیت کی شکل میں نکلتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ انہی زمانوں میں ایک طرف مطلق العنانیت کا قہر و جبروت ہندوستان کے عوام پر نازل تھا۔ دوسری طرف ہندوستان کی سرزمین تصوف کے مرہم سے عوام کی دل جوئی کر رہی تھی۔ یہ کہنا درست تو نہیں کہ تصوف آمریت، شہنشاہت، مطلق العنانیت یا فرعونیت کے خلاف ردعمل ہوتا ہے۔ لیکن اگر ایسی بات کہہ دی جائے تو اس سے انکار بھی ممکن نہیں۔ اس امر کا بہت ہی سادہ سا جواز ہے کہ جہاں ظلم بڑھتا ہے وہاں مظلوم کے حق میں آوازیں اٹھنا شروع ہو جاتی ہیں۔ ظلم، آمریت، شہنشاہت کے ریاستی اداروں اور ان کے آلات کار کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ اس کی نوعیت بہت ہی رسمی اور منظّم ہوتی ہے۔ اس کے مقابلے میں تصوف غیر رسمی تصورات اور ان کے اظہار پر مبنی کسی اُمید کی آرزو کی طرح ہوتا ہے۔ مختلف مذاہب کے سایہ میں تصوف کی مختلف شکلیں جنم لیتی ہیں۔ ہندوازم، عیسائیت، یہودیت اور اسلام اور بُدھ مت کے زیر سایہ فروغ پانے والے تصوف کی شکلیں اور طریق مختلف ہیں۔ مگر ان سب میں ایک قدر مشترک ہے کہ یہ انسانوں کے حق میں کسی درد کے ہوتے درماں کی دعا کی طرح ہوتے ہیں۔ یہ ناگزیر ہوتے ہیں۔ تصوف انفرادیت سے اجتماعیت تک کا مسافر بادل ہوتا ہے۔ لوگ اس کی طرف دعائیہ اور رحم طلب نظروں سے دیکھتے ہیں۔ ممکن ہے کہ بقائے انسانیت تک تصوف کی اہمیت کو کوئی کم نہ کر سکے۔ اسے عہد جدید میں ایک نام انسان پرستی Humanism کا بھی دیا جاتا ہے۔

سلاطین کے مذکورہ زمانوں میں بہت سے صوفیائے کرام دکن کے مختلف علاقوں میں اردو زبان کو فروغ کی صلاحیت سے نوازا۔ صوفیائے کرام کے خطبات، عوام سے بات چیت، حمد و

نعت، قوالی اور گیت وغیرہ اردو کے فروغ کے تخلیقی آلات کی طرح تھے۔ عہد بہمنی اور اس سے قبل صوفیائے کرام نے بھی اپنے پیغامِ محبت دکن کے مختلف علاقوں میں اردو زبان میں پہنچایا۔ شیخ عین الدین گنج العلم، خواجہ بندہ نواز گیسو دراز، شمس العشاق شاہ میراں جی اور برہان الدین جانم نے تصوف سے متعلق نظم و نثر میں چند مختصر رسالے تصنیف کیے۔ جب بہمنی سلطنت کمزور ہوگئی تو دکن میں پانچ نئی سلطنتیں وجود میں آئیں۔ یہ سلطنتیں بیجا پور میں عادل شاہی گولکنڈہ میں قطب شاہی، احمد نگر میں نظام شاہی، برابر میں عماد شاہی اور بیدر میں بیدر شاہی کے نام سے قائم ہوئیں۔ صوفیائے کرام کے ادبی خیالات اردو ادب میں بذات خود کوئی رسمی حیثیت نہیں رکھتے۔ مگر صوفیائے کرام کے کیے کے ایک نتیجے سے انکار یا فرار کی کوئی گنجائش نہیں کہ ان کے رویے، عوام سے سلوک، بات چیت، حمد و نعت، مرثیہ، قوالی اپنے تمام تر غیر رسمی پن کے باوجود رجحان ساز Trend Setter تھے۔

درج بالا پس منظر کی روشنی میں یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ حیدر آباد دکن کی سرزمین علمی لحاظ سے زرخیز تھی۔ شاہوں شہزادوں سے لے کر صوفیائے کرام اور درویشوں تک سب کے سب علم کے فروغ کی ممکنہ کوششوں میں مصروف رہے۔ آصف جاہی حکمرانوں کا عہد حکمرانی ۱۶۷۱ء سے ۱۹۴۸ء تک پھیلا ہوا ہے۔ ساتویں آصف جاہی حکمران میر عثمان علی خاں نظام حیدر آباد نے فروغ علم و ترجمہ کے لیے قابل قدر خدمات سرانجام دیں۔ اس سے قبل نواب افضل الدولہ آصف جاہ خامس اور میر محبوب علی خاں آصف جاہ سادس نے بھی بہت اہم کردار ادا کیا۔ میر تُراب علی خاں سالار جنگ شجاع الدولہ مختار الملک ۱۸۵۵ء میں دارالعلوم کی بنیاد ڈالی۔ ۱۸۵۷ء میں سٹی ورنیکولر سکول قائم ہوا۔ ۱۸۶۱ء میں سول انجینئرنگ کا ادارہ قائم کیا گیا۔ ۱۸۷۲ء میں چادر گھاٹ ورنیکولر سکول قائم کیا گیا۔ اس سکول میں مدراس یونیورسٹی کے میٹرک کے امتحانات لیے جاتے تھے۔ ۱۸۸۴ء میں اردو زبان کو سرکاری زبان کا منصب عطاء کیا گیا۔ اس ضمن میں نصیر الدین ہاشمی لکھتے ہیں:-

> ''ایک خاص گشتی ۱۳۰۱ء/۱۸۸۴ء میں جاری ہوئی اور اس میں تفصیل کے ساتھ تمام امور کا اظہار کیا گیا اور اب تمام دفاتر مکمل طور سے اردو میں منتقل ہوگئے۔'' [2]

اس کے علاوہ فروغ تعلیم کے لیے ایجوکیشن بورڈ قائم کر دیا گیا۔ ہر ضلع میں بورڈ کے ماتحت سکول قائم کیے گئے۔ مگر شاہ و دربار کی پہچان کے طور پر ''محبوب کالج'' اور ''مدرسہ عالیہ'' صرف امیروں اور نوابوں کے بچوں کی تعلیم کے لیے مخصوص تھے۔ عوام کے لیے تعلیمی ادارے اور طرح کے تھے۔ اُن کا معیار بہت ہی کم تر تھا۔

آصف شاہی سلاطین نہ صرف فروغ تعلیم و ترجمہ کے لیے ادارے قائم کر رہے تھے بلکہ شعراء، ادیبوں اور ترجمہ نگاروں کی سرپرستی بھی کرتے تھے۔ دہلی کی بربادی کی وجہ سے نواب مرزا خاں داغ، امیر احمد مینائی اور جلیل کو حیدر آباد آنے کی دعوت دی گئی۔ یہ شعراء ان کے دربار میں نہایت عزت و احترام کے دن گزارتے رہے۔ میر عثمان علی خاں سے پہلے میٹریکولیشن اور انٹر میڈیٹ تک 'دار العلوم' میں اردو اور 'نظام کالج' میں انگریزی ذریعہ تعلیم تھی۔ مگر آصف جاہی سلاطین اس بات کی ضرورت کو بہت شدت سے محسوس کرتے تھے کہ حیدر آباد دکن میں کوئی یونیورسٹی ہونی چاہیئے۔ نواب میر محبوب علی خاں نے اس کوشش کا آغاز کیا اور اس کے دس سال بعد عماد السلطنت سالار جنگ ثانی نے ۱۸۸۳ء میں یونیورسٹی کا تصور پیش کیا۔ ۱۸۹۴ء میں نظام کالج کے کانووکیشن میں وقار الامراء نے یونیورسٹی کے قیام کے خیالات کا اعادہ کیا۔ اس کے بعد دارالعلوم کے طلباء نے ایجوکیشنل کانفرنس کا انعقاد کیا۔ اس کانفرنس میں یونیورسٹی کے قیام کے لیے پرزور مطالبہ کیا گیا۔ انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد کے سیکرٹری بابائے اُردو مولوی عبدالحق نے یونیورسٹی کے قیام کو ناگزیر قرار دیا۔ بابائے اُردو کے مطالبے کے زیر اثر ۱۹۱۳ء میں مسٹر اے۔ ٹی۔ مہیو A.T. Mahiew نے مشیر تعلیم کے طور پر ریاست میں یونیورسٹی کے قیام کی تجویز پیش کی۔ اس کے بعد بابائے اردو کی تحریک میں سر راس مسعود بھی شامل ہوگئے۔ ۲۶ اپریل ۱۹۱۷ء کے دن نظام حیدر آباد میر عثمان علی خاں کی سالگرہ تھی۔ اس موقع تک یونیورسٹی کے قیام کے لیے کافی کچھ کیا جا چکا تھا۔ نظام حیدر آباد نے اس خوشی کے موقع پر یونیورسٹی کے قیام کا اعلان کیا اور کہا کہ اس یونیورسٹی کا نام عثمانیہ یونیورسٹی ہوگا۔ یہی لمحہ یونیورسٹی کے قیام کا آغاز تھا۔ ۲۶ اپریل ۱۹۱۷ء کے روز عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام کی منظوری دے دی گئی۔ یہ سال جنگ عظیم دوم کے اختتام اور کمیونسٹ روس کے قیام کا سال تھا۔

جو نصاب عثمانیہ یونیورسٹی سے قبل سکولوں میں پڑھایا جاتا تھا اس کے کچھ تراجم تو شمس

الامراء کے دارالترجمہ میں ہوئے اور کچھ دارالعلوم میں۔مگر یہ سب ناکافی تھا۔اس کے لیے عثمانیہ یونیورسٹی کے اندر ترجمہ کے ادارے کی ضرورت تھی۔اس ضرورت کے پیش نظر ایک نیا شعبہ ''شعبہ تالیف وترجمہ'' یعنی دارالترجمہ عثمانیہ وجود میں آیا۔اس ادارے میں نصاب کے تعین سے لے کر جدید ترین کتابوں اور علوم کے تراجم کے منصوبے بنائے گئے جس مقصد کے لیے دارالترجمہ میں سات کمیٹیاں بنائی گئیں۔ان کمیٹیوں کے اغراض ومقاصد درج ذیل تھے۔

۱۔ارکان دارالترجمہ۔
۲۔ارکان مجلس وضع اصطلاحات۔
۳۔مجلس علم اہل وفن جن سے وضع اصلاحات کے سلسے میں مشورہ لیا جاتا تھا۔
۴۔مجلس انتخابات نصابات علوم وفنون کی کتابوں کا انتخاب کرنے والی کمیٹی۔
۵۔مجلس نظر ثانی۔
۶۔مجلس نقطہ نظر سے ترجموں پر غور کرنے والی کمیٹی۔
۷۔ادبی نقطہ نظر سے ترجموں کو دیکھنے والی کمیٹی۔

اس کے علاوہ انجینئر نگ کمیٹی کا کام انگریزی میں انجینئر نگ کے نصاب کے لیے کتابوں کے تراجم کرانا تھے۔ان مقاصد کے حصول کے لیے عبدالرحمٰن خاں، پروفیسر سمیع اللہ اور مسٹر گیڈگل، ڈاکٹر مجیب الاسلام، احمد حسین، ڈاکٹر امیر عارفی، سر اکبر حیدری، بابائے اردو مولوی عبدالحق، سر راس مسعود، وحیدالدین سلیم، سید علی حیدر نظم طباطبائی، علامہ عبداللہ عمادی، مولوی عنایت اللہ، مولوی حاکم علی، سید علی رضا، شیخ برکت علی، محمد عثمان، میجر فرحت علی، فضل کریم اور مفتی شاہ نواز کے علاوہ دیگر اہم نام اور کردار تھے۔دیگر موضوعات کے علاوہ طب و میڈیسن کی کتابیں بھی ترجمہ کی گئیں۔سائنس، فزکس اور کیمسٹری کی متعلقہ کتابوں کے تراجم کیے گئے اور لیبارٹریاں بھی قائم کی گئیں۔اس کے بعد ۱۹۳۵ء میں ناظم دارالترجمہ کے عہدہ پر مولوی عنایت اللہ کی جگہ پروفیسر الیاس برنی کو تعینات کیا گیا۔جرمنی، فرانسیسی، عربی کے ساتھ سنسکرت کے تعلیم وتراجم کے لیے بھی کلاسوں کا اجراء کیا گیا۔عثمانیہ یونیورسٹی ۱۹۴۴ء تک تکمیل کے مراحل میں داخل ہو چکی تھی۔ڈاکٹر نظام الدین ناظم دارالترجمہ تھے۔یونیورسٹی کی تکمیل کو صرف دو برس ہی گزرے تھے کہ ۱۹۴۷ء میں عثمانیہ یونیورسٹی بند کر دی گئی۔انگریزوں کی سرپرستی میں تہذیب ہند، ہندو مذہب کی

ریاست بھارت اور مسلمانوں کی ریاست پاکستان میں تقسیم ہوگئی۔سرحدوں کی لکیریں انسانوں کے خون کے دریاؤں کی طرح تھیں۔ان کے ہوتے ہوئے ایک ہی تہذیب کے کٹے ہوئے باشندے الگ الگ ہو جانے کے باوجود نہ تو ایک دوسرے کے بغیر رہ سکتے تھے نہ بھول سکتے تھے اور نہ ایک دوسرے کے ہو کر رہ سکتے تھے۔وہ ہمیشہ کے لیے ایک دوسرے کے لاشعور میں اتر گئے۔تاہم عہد جدید کی کوئی روشنی ان کے شعور کے کام نہ آسکی۔دونوں ریاستوں نے ایٹم بم بنا کر کسی بھی اچھے اور امن کے امکان کو مقابلے اور مسابقت کی جنگ کی پیشن گوئی بنا دیا۔وہ تو ہوا جو سو ہوا، اس کا قلق اپنی جگہ دارالترجمہ عثمانیہ بھی ۱۹۴۷ء میں انہی حادثات کی بھینٹ چڑھ گیا۔عثمانیہ یونیورسٹی بند کر دی گئی۔دارالترجمہ کے کام کو روک دیا گیا۔اب حیدرآباد دکن میں عثمانیہ یونیورسٹی کی بجائے حیدرآباد یونیورسٹی موجود ہے۔اتفاقاً ایک ہی برس ۱۹۴۷ء میں ہندوستان بھی تقسیم ہو گیا اور عثمانیہ یونیورسٹی بھی اپنے انجام کو پہنچی۔

دارالترجمہ عثمانیہ کے زیر اہتمام سید ہاشم فرید آبادی نے سترہ ۱۷ کتابیں ترجمہ وتالیف کیں۔ان میں ۱۴ چودہ تاریخ اور ۳ تین جغرافیہ کی ہیں۔تاریخ کی ۱۴ چودہ کتابوں میں ۹ نو انگریزی سے ترجمہ اور ۵ پانچ تالیفات ہیں۔اس کے علاوہ اس نے ''حالات ہند از اکبر تا اورنگزیب'' اور پنجاہ سالہ تاریخ مرتب کیں۔حبیب الرحمٰن نے ''اصول معاشیات'' اور ''دنیا کی پستی کے اسباب'' تراجم کی شکل میں پیش کیے۔معاشیات کے تمام مترجمین مولوی رشید احمد، پروفیسر الیاس برنی، احمد محی الدین انصاری، مولوی محمد نصیرالدین، محمد احمد سبزواری اور محمد عاقل نے اکیس ۲۱ انگریزی تصانیف کے ترجمے کیے اور ان میں سے ۱۹ انیس تراجم شائع کیے گئے۔قاضی تلمذ حسین نے ''دستور سلطنت انگلشیہ'' کو ترجمہ کے طور پر پیش کیا۔اس کے علاوہ اس نے ۲۰ بیس دیگر کتابوں کے تراجم بھی کیے۔یہ عام طور پر سیاسی موضوعات کے تراجم تھے۔سیاست کے مترجمین قاضی تلمذ حسین، سید علی رضا، کے۔سی۔رائے سکسینہ، عبدالمجید صدیقی، مولوی رحم علی ہاشمی اور عبدالقوی فانی نے ۱۹ اُنیس انگریزی تصانیف کے ترجمے کیے۔ان میں ۴ چار تراجم دستور انگلستان کے بھی شامل ہیں۔ان میں سے ۱۴ چودہ تراجم شائع ہوئے۔خلیفہ عبدالحکیم نے دارالترجمہ کے لیے ۴ چار کتابوں کا ترجمہ کیا۔ان میں ۳ تین اصل جرمن اور ایک انگریزی کتاب سے اردو میں ترجمہ کیا۔فلسفے میں ترجمے کی نوعیت کے لیے Alfered

Waber کی تصنیف تاریخ فلسفہ History of Philosophy اہم ترین ہے۔اس کے علاوہ ''افکار اقبال''،''اسلامک آئیڈیالوجی''،''تشبیہات رومی''،''داستان دانش''اور''افکار غالب'' قابل قدر پیش کاری ہیں۔مولوی احسان احمد نے ۱۶سولہ کتابوں کا ترجمہ کیا۔ان میں سے ۷سات نفسیات،۴چار فلسفے،۴چار اخلاقیات اور ایک منطق کی اصل انگریزی تصانیف سے ترجمے کیے۔مولوی عبدالباری نے دارالترجمہ کے لیے مابعدالطبیعات کی ۳تین،اخلاقیات کی ۲دو،نفسیات کی ایک،نباتات کی ایک،اور اخلاقیات کی ایک کتاب کا''اخلاقیات'' کے عنوان سے ترجمہ کیا۔اخلاقیات کے دوسرے مترجمین حکیم سید عبدالباقی،مرزا ہادی رسوا،معتضد ولی الرحمٰن اور مولوی احسان احمد نے ۱۲بارہ تصانیف کا ترجمہ کیا جن میں ۱۰دس انگریزی اور ۲دو عربی زبان سے ترجمے کیے ہیں۔یہ ۱۲بارہ تراجم شائع ہوئے ہیں۔مرزا محمد ہادی رسوا کے تراجم میں ''خونی عاشق''،''خونی جورو''،''شیطان کا عاشق'' اہم ترین ہیں۔اس نے مثنوی ''امید وبیم''،''مرقع لیلی'' کے علاوہ اردو ادب کا لازوال ناول''امراؤ جان اداء'' تحریر کیا۔یہ ناول اردو ادب کے صنف ناول میں ابتداء کی حیثیت رکھتا ہے۔اس نے دارالترجمہ میں مجموعی طور پر ۱۱گیارہ تصانیف کا ترجمہ کیا۔یہ تراجم ۴چار فلسفے،۳تین اخلاقیات،۲دو منطق پر مشتمل ہیں۔ان ۱۱گیارہ تراجم میں سے ۱۰دس انگریزی اور ایک عربی زبان سے ہیں۔منطق میں مولوی احسان احمد،سید حیدر علی اور عبد الماجد نے ایک ایک کتاب کا ترجمہ کیا۔

موضوعات کے لحاظ سے بھی تراجم کی تفریق وتخصیص پیش کی جاسکتی ہے۔انجینئرنگ کے شعبے میں مولوی محمد احمد مرزا،قاضی محمد حسین،للت موہن مکھرجی،مسٹر بالا پرشاد،محمد عزیز الرحمان،مولوی سید منظور حسین،سید عبدالرحمٰن،مسٹر لوکندر بہادر،مولوی مرزا مہدی علی،محمد رضاء اللہ،مولوی محمد حسین مہاجر،مولوی محمد عظمت اللہ،خواجہ نعمت اللہ،غلام محمد خاں،سید دلدار حسین،محمد اسداللہ،محمد عبداللہ حسین،محمد حفیظ اللہ،سید علی رضا،محفوظ علی،مرزا محمد علی بیگ،معین الدین اور سید محمود عالم نے قابل قدر تراجم کیے۔پروفیسر ضیاءالدین نے اس موضوع پر انگریزی سے ۹نو تراجم کیے۔اس کے تراجم میں ''خماؤ کا نظریہ Theory of Bending'' بھی شامل ہے۔قانون کے موضوع پر تراجم کے حوالہ سے مولوی مسعود علی،رائے بیج ناتھ،سید علی رضا،ڈاکٹر میر سیادت علی،ڈاکٹر محمد حمید اللہ،پروفیسر حسین علی اور میر محبوب علی اہم ترین نام ہیں۔مولوی مسعود علی نے

قانون کی ۵پانچ کتابیں اردو میں ترجمہ کیں۔ان میں سے سب سے زیادہ اہم ''قدیم قانون Ancient Law'' سمجھی جاتی ہے۔اس کے علاوہ سائنس کے حوالے سے فزکس،کیمسٹری،نباتات،ارضیات،حیوانات اور ریاضی کے تراجم کیے گئے۔فزکس کے مترجمین میں محمد عبدالرحمٰن خاں،چودھری برکت علی،پروفیسر وحید الرحمٰن،مرتی نخے راؤ،مولوی نصیر احمد اور سید عبدالجلیل کے نام شامل ہیں۔پروفیسر محمد عبد الرحمٰن خاں کی تصانیف''مقالاتِ سائنس'' اور ''تحفۃ النظار'' ہندوستان اور یورپ میں شائع ہوئیں۔اس نے دارالترجمہ کے لیے انگریزی کے ۹نو ترجمے اور تین ۳کتابیں تالیف کیں۔ان میں سے ۲دو ریاضی اور ایک فزکس کی ہے۔اس طرح ان کے ۱۲بارہ تراجم وتالیفات ہیں۔علم کیمیاء کے موضوع پر چودھری برکت علی،پروفیسر فیروز الدین مراد،ڈاکٹر مظفر الدین قریشی،ڈاکٹر خواجہ حبیب حسن،مولوی سید محمد اعظم،مولوی محمد احمد خاں اور بلد یوسنگھ نے ۱۷سترہ انگریزی تصنیفات کا ترجمہ کیا۔پروفیسر محمد سعید الدین اور مولوی عبدالباری نے نباتیات کی ۳تین کتابوں کے تراجم کیے۔مولوی رحیم اللہ اور پروفیسر محمد سعید الدین کے ۴چار تراجم حیوانات کی کتابوں پر مبنی ہیں۔مرزا محمد علی بیگ نے ارضات کی ایک کتاب کا ترجمہ کیا۔ریاضی کے موضوع پر پروفیسر محمد حسین،مولوی نذیر احمد،شیخ برکت علی،ڈاکٹر رضی الدین صدیقی،خاں فضل خاں،کشن چند اور محمد عبد الرحمٰن نے حساب،الجبراء اور جیومیٹری کی ۳۳ تینتیس کتابوں کا ترجمہ کیا۔۱۲بارہ کتابیں بھی تالیف کیں۔ڈاکٹر غلام دستگیر نے بچہ کی پیدائش اور زچہ کی صحت کے متعلق گائنا کالوجی Gynecology کی کتاب کا ترجمہ کیا۔عُقم Sterility اس کا خاص موضوع تھا۔طب یونانی کے متعلق E.P. Poptan کی تصنیف Practical Medicine Part-I کا ترجمہ کیا۔خاص طور سے کالی کھانسی ہندوستان کے ماحول اور بیماریوں سے بہت ہی متعلق موضوع تھا۔دارالترجمہ میں طب اور میڈیسن کے مترجمین ڈاکٹر محمد عثمان،ڈاکٹر غلام دستگیر،ڈاکٹر مفتی شاہ نواز۔ڈاکٹر محمد حسین،ڈاکٹر محمد حسین،ڈاکٹر محمد اشرف الحق،ڈاکٹر فضل کریم،ڈاکٹر خلیل الرحمٰن،ڈاکٹر مختار حسین،ڈاکٹر حیدر علی،ڈاکٹر حسن علی خاں،ڈاکٹر حامد حسن،ڈاکٹر خورشید حسن اور علامہ کبیر الدین نے جن موضوعات کے ترجمے کیے ان کی تعداد ۴۵پینتالیس ہے۔ان میں سے ۳۴چونتیس تراجم شائع ہوئے۔۲دو کتابیں تالیف کی گئیں جن میں سے ایک کتاب ''مُصطلحات'' کی بھی شامل ہے۔یہ دونوں تالیفات شائع ہوئیں۔اس طرح

۳۶ چھتیس تراجم وتالیفات شائع ہوئے۔تعلیم کے شعبے میں غلام ربانی،سجادمرزااور ملک سردارعلی نے ایک ایک ترجمہ انگریزی سے کیا۔اسلامیات کے موضوع پرسید ابوالخیر مودودی،سید ابراہیم ندوی، پروفیسر جمیل الرحمٰن،سید ہاشمی ندوی،سید احمد اللہ ندوی،محمد خلیل الرحمٰن،مولوی حمید الدین ،عبدالحلیم شرر کے علاوہ علامہ عبداللہ عمادی اردو مترجمین اور مؤلفین کے حوالہ سے خاص اہمیت رکھتے ہیں۔علامہ عمادی نے ابن سعد کی کتاب ''الطبقات الکبریٰ'' کا ترجمہ ''طبقات کبیر'' کے عنوان سے کیا۔عبدالحلیم شرر نے ۸ آٹھ نثری تراجم اور۲ دوشعری تراجم کے علاوہ ۲ دوڈرامے،۳ تین سفر نامے اور کئی مضامین تحریر کیے ہیں۔اس کے علاوہ شرر نے تاریخ اسلام پر۲ دو کتابیں تالیف کیں ۔دارالترجمہ میں تاریخ کے موضوع پر مترجمین نے ۳۸ اڑتیس عربی کی اور۲ دوفرانسیسی کتابوں کے تراجم کیے۔

دارالترجمہ عثمانیہ نے تھوڑے سے وقت میں بڑا سارا کام کیا۔اردوزبان میں علم وادب کے ارتقاء میں اس ادارے کا اوراس کے سرپرستوں کا خاص حصہ ہے۔آصف شاہی سلاطین نے ہندوستان کی تاریخ میں جوعلمی اور ترجمہ کا حصہ ڈالا وہ کسی بھی لحاظ سے منفرد ہے۔ان کی زیر سرپرستی کم وبیش ۵۵۰ ساڑھے پانچ سو کتابوں کے تراجم کیے گئے۔موضوعات کے لحاظ سے ان کی تفصیل درج ذیل انداز میں پیش کی جاتی ہے۔

کتابوں کے موضوعات	تعداد
تاریخ ہند	۵۳
انگلستان	۷
یورپ	۱۳
یونان	۸
روم	۸
تاریخ اسلام	۳۴
جغرافیہ	۵
سیاسیات	۲۰
دستور انگلستان	۴

کتابوں کے موضوعات	تعداد
معاشیات	۳۸
عمرانیات	۶
فلسفہ	۳۴
منطق	۶
مابعدالطبیعات	۳
نفسیات	۱۲
اخلاقیات	۱۳
طبیعات	۲۳
کیمیا	۸
نباتیات	۸
حیوانیات	۸
قانون	۱۷
طب	۴۰
ہندسہ انجینئری	۳
تدریس	۳
ریاضیات	۳۳
متفرقات	۵
کل تعداد	۵۰۳

درج بالا فہرستوں میں کچھ تراجم شائع نہ ہو سکے اور بہت سے شائع کر دیے گئے۔مجموعی طور پر ۲۲۶ تراجم آراستہ اشاعت ہوئے اور ۲۷۷ کی اشاعت نہ ہوسکی۔[3]

حوالہ جات

[1] عہد ثانی،ص ۱۸،خزینہ تاریخ،ڈاکٹر یوسف حسین خاں ۱۳۴۶ء،فصلی دارلطبع جامعہ عثمانیہ۔ مشمولہ دارالترجمہ عثمانیہ کی علمی اورادبی خدمات اوراردوزبان وادب پراس کے اثرات،ڈاکٹر مجیب الاسلام،ص ۲۰،ستیہ وتی،کوایجوکیشنل کالج، یونیورسٹی آف دہلی،اشوک وہار دہلی، ۱۹۷۸ء

[2] دکن میں اردو،نصیرالدین ہاشمی،ص ۶۱۰،بارششم ۱۹۶۳،نسیم بک ڈپو،لکھنؤ، بھارت

[3] مشمولہ دارالترجمہ عثمانیہ کی علمی اورادبی خدمات اوراردوزبان وادب پراس کے اثرات،ڈاکٹر مجیب الاسلام،ص ۱۳۶۔۱۳۷،ستیہ وتی،کوایجوکیشنل کالج، یونیورسٹی آف دہلی،اشوک وہار دہلی،۱۹۷۸ء

☆☆☆

۷

دارالترجمہ عثمانیہ کی مطبوعات

نام کتاب	مترجم	اصل کتاب
آئین اکبری جلداول فارسی سے ترجمہ ۱۹۳۸ء	فداعلی طالب	ابوالفضل آئین اکبری حصہ اول
آئین اکبری جلداول حصہ دوم فارسی سے ترجمہ۔۱۹۳۹ء	فداعلی طالب	ابوالفضل آئین اکبری جلداول حصہ دوم
آئین اکبری جلددوم فارسی سے ترجمہ۔۔۱۹۳۹ء	فداعلی طالب	ابوالفضل آئین اکبری جلددوم
آب رسانی حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	مولوی محمد احمد مرزا	GovernmentC.E.V. SanitaryEngineeringPI. Water Suppl;y
آبرسانی حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۰ء	مولوی محمد احمد مرزا	Government C.E.V. Roorkee Treatise Section XI Sanitary Engineering P. II
آبپاشی کےکام اول انگریزی سے ترجمہ۔غیرشائع	مولوی سیدعلی رضا	Roorkee Treatise Section X Irrigation Works Vol. I
آبپاشی کےکام جلددوم انگریزی سے ترجمہ۔غیرشائع	مولوی سیدعلی رضا	Roorkee Treatise Section X Irrigation Works Vol. II
آبپاشی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۶ء	مولوی محمد رضاءاللہ	Ellis Col, X.W.H. Irrigation

اسلام فن تعمیر ہندوستان میں جلد دوم انگریزی میں ترجمہ۔۱۹۳۲ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Fergusan James. History of India and Eastern Architecture Vol. II
اصول سیاسیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۲ء	قاضی تلمذ حسین	Gilchrist RN Principles of Political Science
ارتقائے نظم حکومت یورپ۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۹ء	قاضی تلمذ حسین	Sidgwick H. The Development of European Policy.
اندلس کا تاریخی جغرافیہ۔۱۹۲۷ء	محمد عنایت اللہ	Enayatullah, Mohd. A Historical Geography of Spain
انقلاب یورپ۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۶ء	سید حسن عابد جعفری	Stephens H.M. Revolutionary Europe, 1789-1815
اقبال نامہ جہانگیر۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	مولوی محمد ابولا ذکر مائل	Mirza Mohd. Urf Matamed Khan Bakshi. History of Jahangir
امپریل گزیٹر آف انڈیا جلد دوم۔وسطی کی تاریخ اور جنوبی ہند کے ہندوؤں کا زمانہ۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	سید غلام ربانی	Imperial Gazatter Vol.II. History of India CLS. VIII and IX
اصول معاشیات جلد اول۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۷ء	مولوی رشید احمد	Taussing F.W. Principles of Economics Vol. I

اصول معاشیات جلد دوم۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	مولوی رشید احمد	Taussing F.W. Principles of Economics Vol. II
اصول معاشیات۔۱۹۲۲ء	محمد الیاس برنی	Elias Burny Mohd. Principles of Economics (Urdu Compilation)
اصول وطریق محصول۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۷ء	محمد حبیب الرحمٰن	Armitage S,otj. Principles And Methods of Taxation
اخلاقیات۔۱۹۳۲ء	عبدالجبار ندوی	Dewey J and J.H. Tufts. Ethics
اصول نفسیات۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۷ء	معتضد ولی الرحمٰن	Angell J.R. Psychology
اساس نفسیات۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	معتضد ولی الرحمٰن	Me Dogall William Out Lines of Psychology.
افادیت۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	معتضد ولی الرحمٰن	Mill J.S. Utilitarianism
اصول نفسیات جلد اول۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۷ء	احسان احمد	James William .Principles of Psychology Vol. I
اصول نفسیات جلد دوم۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	احسان احمد	James William .Principles of Psychology Vol. II

اصول نفسیات جلد سوم۔ انگریزی سے ترجمہ ۱۹۴۰ء	احسان احمد	James William .Principles of Psychology Vol. III
اصول فلسفہ ہنود۔ انگریزی سے ترجمہ ۱۹۳۲ء	احسان احمد	Engar P.T. Srinivasa . Out Lines of Indian Philosophy
ابتدائی حیوانیات برائے طلبہ طب۔ انگریزی سے ترجمہ ۱۹۴۹ء	محمد سعید الدین	Borradile L.A. Elementary Zoology For Medical Students
احصاء کا ابتدائی رسالہ۔ حصہ اول۔ انگریزی سے ترجمہ ۱۹۲۶ء	قاضی محمد حسین	Gilisan G.A. An Elementary Treatise on Calculus P.I
احصاء کا ابتدائی رسالہ حصہ دوم۔ انگریزی سے ترجمہ ۱۹۲۸ء	قاضی محمد حسین	Gilisan G.A. An Elementary Treatise On Calculus P II
اول علم ہیئت کروی۔ انگریزی سے ترجمہ ۱۹۳۹ء	محمد نذیر الدین	Ball Sir Robert. A Treatise on Spherical Astronomy I
اصطلاحات ریاضیات۔ ۱۹۴۸ء		The Compilation of T.B. Mathematical Terms
انگریزی کتاب۔ ۱۹۳۸ء		Lectures on Quantum Mechanics Vol I English Edition

احصائے تفرقی و تکملی۔ ۱۹۳۹ء	کشن چندو، رضی الدین صدیقی	Raziuddin Siddiqui. Differential and In Integral Calculus
اصول صحت اور صحت عامہ انگریزی سے ترجمہ	ڈاکٹر محمد عثمان	Ghosh Birendra Math. A Treatise on Gygiene and Public Health
امراض اطفال انگریزی سے ترجمہ	ڈاکٹر غلام دستگیر	Burnot James. Manual of Diseases of Children
امراض النساء اول۔ انگریزی سے ترجمہ ۱۹۳۹ء	ڈاکٹر غلام دستگیر	Eden T.W. and Lockyer. Gyanalogy Vol I.
امراض النساء دوم۔ انگریزی سے ترجمہ ۱۹۴۴ء	ڈاکٹر غلام دستگیر	Eden T.W. and Lockyer. Gyanalogy Vol II
امراض چشم جلد اول۔ انگریزی سے ترجمہ ۱۹۴۰ء	ڈاکٹر خورشید حسن	May C.H. and C. Worth. Mannual of Diseases of the Eye Vol. I
امراض چشم جلد دوم۔ انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۴۱ء	ڈاکٹر خورشید حسن	May C. H. & C.Worth Mannual of Diseases of the Eye Vol. II
امراضیات اور مرضی تشریح۔ انگریزی سے ترجمہ	ڈاکٹر فضل کریم خاں	Green Mannual of Pathology & Morbid Anatomy

اطلاقی میکانیات جلداول۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۶ء	ضیاءالدین انصاری	Cunningham Lieut Col. A. Applied Mechanics Vol.I P I
اطلاقی میکانیات جلداول حصہ دوم۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۶ء	ضیاءالدین انصاری	Cunningham Lieut Col A Applied Mechanics Vol I PII
اطلاقی میکانیات جلد دوم۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۶ء	ضیاءالدین انصاری	Cunningham Lieut Applied Mechanics Vol Ii
اطلاقی میکانیات انگریزی سے ترجمہ۔	مولوی سید دلدار حسین	Goodmen John Mechanics & Field Engineering
انجینری کارخانے کے عملی چالیس سبق ۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۰ء	مولوی سید دلدار حسین	Mitchelle E. & E.G Davy Forty Lesson in Engineering Workshop
اشیائے تعمیر انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	مولوی محمد اسد اللہ	Roorkee Treatise Srction I Building Material
ارضیات متعلقہ ساخت صفحۂ ارض وطبقات انگریزی سے ترجمہ	مرزا محمد علی بیگ	Guckic James Structural & Field Geology
التبنیہ واشراف عربی سے ترجمہ۔۱۹۲۶ء	عبداللہ عمادی	مسعودی ابوالحسن علی التبنیہ واشراف
الملل والنحلل جلداول عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۵ء	عبداللہ عمادی	Abn-I-Hassan Al Malal Wa N Nihalal Vol. III

احکام السلطانیہ عربی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	سید ابراہیم	ماوردی قاجی القبضاہ ابوالحسن احکام السلطانیہ
الاحاطہ فی اخبار غرناطہ جلد دوم۔عربی سے ترجمہ۔ ۱۹۳۲ء	سید احمد اللہ ندوی	ابن الشطیب لسان الدین الاحاطہ فی اخبار غرناطہ جلداول جلداول
الاحاطہ فی اخبار غرناطہ جلد دوم۔عربی سے ترجمہ۔۱۹۳۶ء	سید احمد اللہ ندوی	ابن الشطیب لسان الدین الاحاطہ فی اخبار غرناطہ جلد دوم
اصول قانون معاہدہ انگلستان انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۰ء	پروفیسر حسین علی مرزا	Anson Sir W.R. Principles of the English Law of Contract
انتخاب اصول دھرم شاستر انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۴ء	رائے بیجناتھ	Ghose J.C The Principles of Hindu Law
اصول قانون شہادت جلداول۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۴ء	میر سیادت علی	Best U.M Principles of Law of Evidence Book I
اصول قانون شہادت جلد دوم۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۴ء	میر سیادت علی	Best U.M Principles of Law of Evidence Book II to End
اسفار اربعہ اول عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۱ء	مولوی مناظر احسن گیلانی	صدرالدین شیرازی اسفار اربعہ حصہ اول عربی
اسفار اربعہ دوم عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۲ء	مولوی مناظر حسن گیلانی	صدرالدین شیرازی اسفار اربعہ دوم عربی

اصول شرح محمدی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	مولوی سید علی رضا	Ameer Ali Sir S. Students Hand Book of Mohammadan Law
اصول قانون حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۵ء	سید علی رضا	Salmond J.W Jurispridence P I
اصول قانون حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	سید علی رضا	Salmond J.W Jurispridence P II
ابتدائی مدارس میں طریقہ۔انگریزی سے ترجمہ۔	غلام ربانی	Symoil Ch. Asifia State
اصول تعلیم حصہ اول۔۱۹۴۱ء	ملک سردار علی خاں	ملک سردار علی خاں۔اصول تعلیم حصہ اول
اصول فقہ اسلام انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	مولوی مسعود علی	Abdur Rahim Mohammadan Jurisprudence
اصول شرح اسلام انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۹ء	مولوی مسعود علی	Mulla Sir D.F. Principles of Mohammadan Law
ابن رشد وفلسفہ ابن رشد انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۹ء	نواب معشوق یار جنگ بہادر	Renan The Life & Writtings of Averros
اسفار اربعہ سوم عربی سے ترجمہ۔	مولوی سید ابوالاعلی مودودی	صدرالدین شیرازی اسفار اربعہ جلد سوم عربی
اسفار اربعہ چہارم عربی سے ترجمہ	سید میرک شاہ دیوبندی	صدرالدین شیرازی اسفار اربعہ جلد چہارم عربی

بلاد فلسطین وشام عہد حکومت اسلامی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Le Strange G Palestine Under Moslems
بہمنی تاریخ فارسی سے ترجمہ	فدا علی طالب	بہمنی ابوالفضل تاریخ بہمنی
بادشاہ نامہ شاہجہاں نامہ جلد اول فارسی سے ترجمہ	فدا علی طالب	صالح کنبو محمد عمل صالح۔جلد اول۔تصحیح کردہ۔مولوی غلام یزدانی
بادشاہ نامہ شاہجہاں نامہ جلد دوم	فدا علی طالب	صالح کنبو محمد عمل صالح۔جلد دوم۔تصحیح کردہ۔مولوی غلام یزدانی
بادشاہ نامہ شاہجہاں نامہ جلد سوم	فدا علی طالب	صالح کنبو محمد عمل صالح۔جلد سوم۔تصحیح کردہ۔مولوی غلام یزدانی
بنگال کی ابتدائی تاریخ مالگزاری انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	محمد عبدالستار	Assoli F.D. Early Revenue History of Bengal & The Fifth Report 1812
بابرنامہ	شاہ مرزا نصیرالدین حیدر	Naseer Uddin Hyder Mirza The Babar Nama
بدھ متی ہند وانگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۲ء	ڈاکٹر سید سجاد	David T.W.X.R Budhist India
بنیاد نفسیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۵ء	احسان احمد	Stout & Thoulers Ground Work of Psychology
برطانوی حکومت ہند انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۱۹ء	الیاس برنی	Anderson G. British Administration in India

برطانوی ہند کا نظام سیاسی۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	سید نجیب اشرف	Horn E.A. The Political System of British India
پیرک لیز اور اتھنس کا دور اقبال مندی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۲ء	محمد عنایت اللہ	Abbotte Peri cles & The Golden Age of Athens
پیمائش حصہ اول انگریزی سے ترجمہ	مسٹر لوکندر بہار	Roorkee Treatise Section XIV Surveying P.I
پیمائش حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	مولوی محمد رضاء اللہ	C.J. Well Roorkee Treatise Section XIV
پُلیں انگریزی سے ترجمہ۔	مولوی غلام محمد خاں	Roorkee Treatise Section XIV Bridges
تاریخ ہند جلد اول برائے انٹرمیڈیٹ۔۱۹۲۰ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Hashmi Syed Intermediate History of India Urdu Compilation Vol II
تاریخ ہند جلد دوم برائے انٹرمیڈیٹ۔۱۹۲۱ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Syed Intermediate History of India Urdu Compilation Vol II
تاریخ ہند میٹریکولیشن۔۱۹۲۲ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Syed Intermediate History of India Urdu Compilation
تاریخ ہند جلد سوم برائے انٹرمیڈیٹ۔۱۹۲۱ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Syed Intermediate History of India Urdu Compilation Vol. III

تاریخ ہند جلد چہارم برائے انٹرمیڈیٹ۔۱۹۲۲ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Syed Intermediate History of India Urdu Compilation Vol. IV
تاریخ انگلستان اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۷ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Ran Somecyril An Advance History of England P.I
تاریخ انگلستان دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۱ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Ran Somecyril An Advance History of England P.II
تاریخ یونان انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۱۹ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Bury J.B. The Studies Roman Empire
تاریخ یورپ حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۲ء	مولوی عبد الماجد۔قاضی تلمذ حسین	Thatcher O.J. & Fischwilla. A History of Europe P.I
تاریخ وسط ہند جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۷ء	میر محمود علی	MalcolmJ.Memorialof Central India Vol. I
تاریخ انگلستان انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۰ء	مولوی ظفر علی خاں ،مولوی سید علی رضا	Buckley A.B. History of England
تاریخ اہل انگلستان جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۱۹ء	قاضی تلمذ حسین	Green J.R. A Short History of England People Vol. I
تاریخ اہل انگلستان جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۱ء	قاضی تلمذ حسین	Green J.R. A Short History of English People Vol. II

تاریخ اہل انگلستان جلد سوم۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۱ء	قاضی تلمذ حسین	Green J.R. A Short History of English People Vol.III
تاریخ اہل انگلستان جلد چہارم۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۱ء	قاضی تلمذ حسین	Green J.R. A Short History of English People Vol. IV
تاریخ اہل انگلستان جلد پنجم۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۴ء	قاضی تلمذ حسین	Green J.R. A Short History of English People Vol. V
تاریخ یورپ حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	قاضی تلمذ حسین	Thatcher J. & Faschwill A General History of Europe P.II
تقریب السیاسیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۹ء	قاضی تلمذ حسین	Seeley J. An Introduction of Political Science
تاریخ یونان جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۷ء	یارون خان شروانی	Adolf Holm, History of Greeke Vol. I
تاریخ یونان جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۴ء	ہارون خاں شروانی	Adolf Holm, History of Greeke Vol. II
تاریخ یونان جلد سوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	ہارون خاں شروانی	Adolf Holm, History of Greeke Vol. III
تاریخ یونان جلد چہارم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۶ء	ہارون خاں شروانی	Adolf Holm, History of Greeke Vol. IV

تاریخ دکن عہد حالیہ۔۱۹۴۴ء	ڈاکٹر یوسف حسین خاں	Dr. Yousaf Hussain Khan, Historyof Daccan Modern Period
تاریخ ہند عہد جدید۔۱۹۴۷ء	ڈاکٹر یوسف حسین خاں	Dr. Yousaf Hussain Khan, History of India Modern Period
تاریخ کامل حصہ اول عربی سے ترجمہ۔۱۹۲۲ء	پروفیسر جمیل الرحمٰن	ابن الاثیر الخبر ی۔تاریخ کامل حصہ اول عہد بنی امیہ
تاریخ یورپ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	حمید احمد انصاری	Grant A.J. A History of Europe
توازن قوت انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۶ء	حمید احمد انصاری	Hassall A, The Balance of Power 1715-1789
تاریخ جمہوریہ روما جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۵ء	حمید احمد انصاری	Hail Land, W.E. The Roman Republic Vol.I
تاریخ جمہوریہ روما جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۶ء	حمید احمد انصاری	Hail Land W.E. The Roman Republic Vol. II
تاریخ جمہوریہ روما جلد سوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	حمید احمد انصاری	Hail Land W.E. The Roman Republic Vol. III
تاریخ جمہوریہ روما جلد چہارم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۵ء	حمید احمد انصاری	HailLandW.E.TheRoman Republic Vol. IV

تاریخ جمہوریا روما جلد پنجم انگریزی سے ترجم۔۱۹۲۶ء	حمید احمد انصاری	Hail Land W.E. The Roman Republic
تاریخ روما انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۲ء	حمید احمد انصاری	Pelhan H.E. Outlines of Roman History
تاریخ فیروز شاہی فارسی سے ترجمہ۔	فدا علی طالب	ضیاءالدین برنی تاریخ فیروز شاہی
تاریخ فیروز شاہی فارسی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	فدا علی طالب	عفیف شمس سراج تاریخ فیروز شاہی
تاریخ داؤدی	فدا علی طالب	عبداللہ۔تاریخ داؤدی
تاریخ فرشتہ جلد اول فارسی سے ترجمہ۔۱۹۲۶ء	فدا علی طالب	فرشتہ۔تاریخ فرشتہ جلد اول
تاریخ فرشتہ جلد دوم فارسی سے ترجمہ۔۱۹۲۶ء	فدا علی طالب	فرشتہ۔تاریخ فرشتہ جلد دوم
تاریخ فرشتہ جلد سوم فارسی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	فدا علی طالب	فرشتہ تاریخ جلد سوم
تاریخ فرشتہ جلد چہارم فارسی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	فدا علی طالب	فرشتہ تاریخ فرشتہ جلد چہارم
تاریخ ہند عہد برطانیہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	حکیم محمد عبدالسلام	Mar Shaman J.C. An Abridgement of the History of India British Period
تاریخ یورپ جدید انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۵ء	مولوی رشید احمد	Philips W. A Modern Europe 1815-1899
تاریخ تیموری	خجستہ بیگم	Khajista Sultana Begum, Tarikh-e-Timuri
تاریخ مبارک شاہی۔فارسی سے ترجمہ	محمد مقتدی خاں شروانی	یحییٰ ابن احمد عبداللہ سہروردی۔تاریخ مبارک شاہی
تاریخ گول کنڈہ۔۱۹۳۶ء	عبدالمجید صدیقی	Abdul Majeed Siddiqi, History of Golkunda

تاریخ دستور انگلستان انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	عبدالمجید صدیقی	Adams G. B. The Constitutional History of England
تاریخ فاطمین مصر جرمن سے ترجمہ۔۱۹۴۸ء	زاہد علی	Wuston Feld F Geschichite Der Fatimiden Khalifen German
تاریخ دستور انگلستان انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۲ء	سید علی رضا	Chambers A.M. A Constitutional History of England
تاریخ دستور انگلستان انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۱۹ء	سید علی رضا	Montague F.C. The Elements of English Constitution History
تاریخ سیاسیات انگریزی سے ترجمہ،۱۹۲۵ء	مولوی عبدالقوی فانی	Jenks E. A History of Politics
تاریخ سیاسیات انگریزی سے ترجمہ،۱۹۲۵ء	مولوی رحم علی ہاشمی	Pollack F, An Introduction to the History of the Science of Politics
تاریخ معاشیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	مولوی رشید احمد	Ingram J.K. A History of Political Economy
تاریخ فلسفہ اسلام انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۹ء	مرزا محمد ہادی	Boer Dr. T.J. De. The History of Philosophy in Islam
تاریخ فلسفہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۹ء	احسان احمد	Webb C. J. A History of Philosophy

تاریخ اخلاقیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۵ء	احسان احمد	Sidgwick H. A Short History of Ethics
تفرقی مساواتیں انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	قاضی محمد حسین	Edwards J. Differential Equations
ترسیمات ومساوات۔۱۹۲۱ء	قاضی محمد حسین	Mohd Hussain Qazi Graphs & Equations Urdu Compilation
تفرقی مساواتیں انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۴ء	محمد نذیر الدین	Piaggio H.T.H Differential Equations
ترقیات ریاضی وسائنس۔۱۹۴۹ء		The Compilation of T.B. Nations Mathematics & Science
تجربی فعلیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	ڈاکٹر محمد عثمان	Schaffer Sir, Esharpey Expermental Physiology
تشریح اناٹمی ہشتم احشائیات تشریح اور سطحی نشانات ۱۹۳۴ء	ڈاکٹر محمد عثمان	Gray Henry, Anatomy P VIII Spanchnology Surface Markings
تشریح علمی جلد سوم۔۱۹۴۵ء	ڈاکٹر محمد عثمان	Cunningham Manual Practicals Anatomy Vol. III
تشریح اناٹمی حصہ اول تسبیجات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	ڈاکٹر اشرف الحق	Gray Henry Anatomy P. I Histology

تشریح اناٹمی جنسیات حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔	ڈاکٹر اشرف الحق	Gray Henry Anatomy P II Emberology
تشریح اناٹمی حصہ سوم عظمیات۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	ڈاکٹر اشرف الحق	Gray Henry Anatomy P III Osteology
تشریح اناٹمی حصہ چہارم مفصلیات۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	ڈاکٹر اشرف الحق	Gray Henry Anatomy P IV Osteology
تشریح اناٹمی حصہ پنجم عضلیات۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	ڈاکٹر اشرف الحق	Gray Henry Anatomy P V Osteology
تشریح عملی جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	ڈاکٹر فضل کریم خاں	Cunnigham Manual of Practical Anatomy Vol. I
تشریح عملی جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	ڈاکٹر مفتی شاہ نواز	Cunningham Manual Practical Anatomy Vol. II
تشریح اناٹمی حصہ ششم عروقیات۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۵ء	حکیم کبیر الدین	Gray Henry Anatomy P. VI Anaiology
تشریح اناٹمی ہفتم عصبیات۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	ڈاکٹر فضل کریم ومفتی شاہ نواز	Gray Henry Anatomy P VII Neurology
تعمیروں کا نظریہ اور تجویز جلد دوم۔انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	ضیاءالدین انصاری	Andrews E.S Theory & Design of Structures Vol. II
تقدمہ کی مثالیں انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	مولوی محمد حسین مہاجر	Roorkee Treatise Section V Examples of Estimating
تاریخ طبری عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۰ء	عبداللہ عمادی	تاریخ طبری جلد چہارم طبری۔عہد بنی عباس

تاریخ کامل عربی سے ترجمہ۔	سید ابوالخیر مودودی	ابن الاثیر الخبر ی۔تاریخ کامل عہد رسالت
تاریخ کامل حصہ اول عربی سے ترجمہ۔۱۹۳۷ء	سید ابوالخیر مودودی	ابن الاثیر الخبر ی تاریخ کامل حصہ اول عہد بنی عباس
تاریخ کامل حصہ دوم عربی سے ترجمہ۔۱۹۳۷ء	سید ابوالخیر مودودی	ابن الاثیر الخبر ی تاریخ کامل
تاریخ کامل حصہ سوم عربی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	سید ابوالخیر مودودی	ابن الاثیر الخبر ی تاریخ کامل۔حصہ سوم۔عہد بنی عباس
تاریخ کامل حصہ چہارم عربی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	سید ابوالخیر مودودی	ابن الاثیر الخبر ی تاریخ کامل۔حصہ چہارم۔عہد بنی عباس
تاریخ کامل حصہ پنجم عربی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	سید ابوالخیر مودودی	ابن الاثیر الخبر ی تاریخ کامل۔حصہ پنجم۔عہد بنی عباس
تاریخ کامل حصہ ششم عربی سے ترجمہ۔	سید ابوالخیر مودودی	ابن الاثیر الخبر ی تاریخ کامل۔حصہ ششم۔عہد بنی عباس
تاریخ یعقوبی عربی سے ترجمہ۔	سید ابوالخیر مودودی	احمد بن ابی یعقوب بن جعفر تاریخ یعقوبی
تاریخ اسلام جلد اول۔۱۹۲۵ء	عبدالحلیم شرر	Abdul Haleem Sharar History of Islam Vol.I
تاریخ اسلام جلد دوم۔۱۹۲۵ء	عبدالحلیم شرر	Abdul Haleem Sharar History of Islam Vol.II

تاریخ دولت عثمانیہ حصہ اول فرانسیسی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	مولوی رشید احمد و مولوی سید حمید الدین	Jeanquere Dela Historie De Empire Ottoman Vol. I French
تاریخ کامل حصہ دوم عربی سے ترجمہ۔۱۹۲۷ء	سید ہاشمی ندوی	ابن الاثیر الخبر ی تاریخ کامل حصہ دوم عہد بنی امیہ
تاریخ طبری جلد اول عربی سے ترجمہ۔۱۹۳۹ء	سید محمد ابراہیم ندوی	طبری ابوجعفر بن حریر تاریخ طبری جلد اول عہد رسالت
تاریخ طبری جلد دوم عربی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	سید محمد ابراہیم ندوی	طبری ابوجعفر بن حریر تاریخ طبری جلد دوم عہد رسالت
تاریخ طبری جلد سوم عربی سے ترجمہ۔۱۹۲۶ء	سید محمد ابراہیم ندوی	طبری ابوجعفر بن حریر تاریخ طبری جلد سوم عہد رسالت
تاریخ طبری جلد چہارم عربی سے ترجمہ	سید محمد ابراہیم ندوی	طبری ابوجعفر بن حریر تاریخ طبری جلد چہارم عہد رسالت
تاریخ دولت عثمانیہ جلد دوم فرانسیسی سے ترجمہ۔۱۹۳۵ء	مولوی رشید احمد و مولوی سید حمید الدین ایم پکھتال	Jeanquere Dela Historie De. L Empire Attoman Vol. II
تاریخ فلسفہ جدید جلد اول جرمن سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	خلیفہ عبدالحکیم	Hoffding Dr. H. Geschichte Der Never Philosophic Vol. I German

تاریخ فلسفہ جدید دوم جرمن سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	خلیفہ عبدالحکیم	Hoffding Dr. H. Geschichte Der Never Philosophic Vol. II German
تاریخ فلسفہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	خلیفہ عبدالحکیم	Weber A History of Philosophy
تاریخ فلسفۃ الاسلام عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۱ء	خلیفہ عبدالحکیم	Lutfi M Falasfatul Islam Arabic
تاریخ ہندی فلسفہ جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۵ء	رائے شیولال موہن	Das Guptas A History of Indian Philosophy Vol. I
تاریخ ہندی فلسفہ جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۵ء	رائے شیولال موہن	Das Guptas A History of Indian Philosophy Vol. II
تاریخ ہندی فلسفہ جلد سوم۔انگریزی سے ترجمہ۱۹۴۵ء	رائے شیولال موہن	Das Guptas A History of Indian Philosophy Vol. III
جغرافیہ عالم۔حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۴ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Marsden E & T.A Smith GeographyFor SeniorClasses P.I
جغرافیہ عالم۔حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۴ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Marsden E & T.A Smith GeographyFor SeniorClasses P.II
جغرافیہ خلافت مشرقی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۰ء	پروفیسر جمیل الرحمٰن	Lestran Ge G Lands of the Eastern Caliphate

جمہوریہ افلاطون انگریزی سے ترجمہ	مرزا محمد ہادی	Plato The Republic of Aflatoon
جدت نفسیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۵ء	احسان احمد	Woodworth R.S. Contemporary Schools Of Psychology
جبرومقابلہ حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۱۹ء	قاضی محمد حسین	Halls H.S. & S.R. Kinght Highter Algebra P.I
جبرومقابلہ حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	محمد شیخ برکت علی	Hall H.S. & S.R. Knight Higher Algebra P.II
جراحی واطلاقی تشریح حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۷ء	ڈاکٹر غلام دستگیر	Traver Sir F. Surgical Applied Anatomy P.I
جراحی واطلاقی تشریح حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۷ء	ڈاکٹر غلام دستگیر	Traver Sir F. Surgical Applied Anatomy P.II
جدید قانون بین الاقوام فرانسیسی سے ترجمہ۔۱۹۴۵ء	ڈاکٹر محمد حمید اللہ	Nys Eles Origines Driot International French
جدید تدریس انگریزی سے ترجمہ۔	محمد سجاد مرزا	Sir Jan Asifia State Adimis Lib Hyd
چنائی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۰ء	مولوی سید منظور حسین	Roorkee Treatise Section II Masony Raverty

حواشی طبقات ناصری انگریزی سے ترجمہ۔	سید ہاشمی۔ضی تلمذ حسین محمد عبدالستار۔مولوی عنایت الدین	H.G. Notes on Tabkhate-e-Nasiri
حکمرانی انگلستان انگریزی سے ترجمہ۔	قاضی تلمذ حسین	Low Sidney Governance of England
حکومت ہائے یورپ حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۵ء	قاضی تلمذ حسین	Ogg F.A The Governments of Europe P. I
حکومت ہائے یورپ حصہ دوم۔۱۹۳۷ء	قاضی تلمذ حسین	Ogg F.A The Governments of Europe P. II
حدیقہ نفسیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	عبدالباری ندوی	Stout G.E. A Manual of Psychology
حکمۃ الاشراق مع خلاصہ وشرح عربی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	مرزا محمد ہادی	شہاب الدین مقتول سہروردی۔حکمۃ الاشراق
حکایت فلسفہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۲ء	احسان احمد	Durant W. The Story of Philosophy Lamb Horace Dynamics
حفظانی انجنیری حصہ دوم۔۱۹۳۲ء	مولوی محمد احمد مرزا	GovernmentC.E.V.Sanitary Engineering P.II
حرارتی انجن کا نظریہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۸ء	مولوی مرزا مہدی علی	Inchley 1952 Theory of Heat Engine

خیالات سیر سیر در انگلستان انگریزی سے ترجمہ	قاضی تلمذ حسین	Barker Earnest Political Thought in England From Harbert to the Present Day
خصوصی قانون روما انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	مولوی میر محبوب علی	Lege R.W Roman Private Law
خلاصہ طبقات العرض ہند انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	مولوی مرزا محمود علی بیگ	Redenbuurg E.W. A Summary of the Geology of India
داستان نندکمار جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۰ء	مولوی محمد حیدر	Stephen Sir J.F Nun Comar & Impey Vol. I
دستور سلطنت انگلشیہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۶ء	قاضی تلمذ حسین	Bagehat W. The English Constitution
داستان نندکمار مواخذہ سرامپی جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۰ء	مولوی محمد احمد سبزواری	Gadgil D.XX R. Industrial Evolution of India in Recent
دستور نفسیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	احسان احمد	James William Text Book of Psychology
ڈیمون تھینس انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۷ء	قاضی تجمل حسین	Pickard Cambridge A.W Demon Thense
ڈیلہوزی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۲ء	سید محمود شوکت	Hunter Sir W.W. Dalhauise
ڈپلے اور کلائیو انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۷ء	مولوی مسعود علی	Dodwell Henry Dupilex & Clive

ذرائع محاصل سلطنت مغلیہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۸ء	مولوی عبدالستار	Thomas E. Revenue Resources of Mughal Empire
زراور ذرائع مبادلہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	مولوی احمد محی الدین	Jevons W.S. Money & Mechanism of Exchange
رنجیت سنگھ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۲ء	مولوی نظیر حسین فاروقی	Griffen Sir L. Rajit Singh
ریل کی سڑکیں انگریزی سے ترجمہ۔	ضیاء الدین انصاری	Roorkee Treatise Section IX Railways
رسالہ تعمیر عمارت انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۷ء	مولوی محمد عظمت اللہ	Roorkee Treatise VI Section Building Construction
رومی مثنوی شریف فارسی سے ترجمہ	مولوی محمد معین الدین	حضرت مولانا جلال الدین رومی مثنوی شریف فارسی
سیاسی تاریخ ہند جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	ڈاکٹر ابن حسن	Malcolm Jaor General Sir J. The Political History of India Vol. I
سیاسی تاریخ ہند جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	ڈاکٹر ابن حسن	Malcolm Jaor General Sir J. The Political History of India Vol. II
سیرت ابن ہشام اول عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۶ء	قطب الدین احمد محمودی	Mohd Abdul Malik Abne Hisham Seerat Abne Hashim

سیرت ابن ہشام دوم عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۷ء	قطب الدین احمد محمودی	Mohd Abdul Malik Abne Hisham Seerat Abne Hashim
سیاسی ادارات ونظریات ہنود انگریزی سے ترجمہ۔	مسٹر کے۔سی رائے سکسینہ	Sarkar B.K. The Political Institutions & The Theories of Hindus
سکون سیالات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۱ء	قاضی محمد حسین	Loney S.L. The Elements of Hydrostatics
سکونیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۵ء	محمد نذیر الدین	Lamb Horace Statics
سکونیات اعلیٰ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	شیخ برکت علی	Loney S.L An Elementary Treatise on Statics Higher
سکونیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۱۹ء	خاں فضل خاں	Loney S.L The Elements of Statics
سریریاتی طریقے انگریزی سے ترجمہ	ڈاکٹر فضل کریم خاں	Hutchison R & D. Hunter Clinical Method
سڑکیں انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	مولوی غلام محمد خاں	Roorkee Treatise Section VIII
شخصی قانون بین الاقوام انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۰ء	مولوی مسعود علی	Westlake J A Treatise on Private International Law

صنعتی تاریخ انگلستان انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۸ء	مولوی رشید احمد	Warner Townsend Landmark in English Industrial History
صحیفہ جرثومیات انگریزی سے ترجمہ	ڈاکٹر مفتی شاہنواز و ڈاکٹر فضل کریم	Muir & James Ritche Manual of Bacteriology
صنعتی برق انگریزی سے ترجمہ	مسٹر بالا پرشاد و مولوی افضل علی	Davidage H. T & R Hutchinson Technical Electricity
صفاری احصاء حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۹ء	قاضی محمد حسین و کشن چند	Lanb Horace Infinitesimal Calculus P. I
صفاری احصاء حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۹ء	قاضی محمد حسین و کشن چند	Lanb Horace Infinitesimal Calculus P. II
صفاری احصاء حصہ سوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۹ء	قاضی محمد حسین و کشن چند	Lanb Horace Infinitesimal Calculus P. III
طبقات ناصری فارسی سے ترجمہ	فدا علی طالب	ابو عمر عثمان منہاج سراج برجانی طبقات ناصری
طریق اور تفکرات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	عبدالباری ندوی	Descartes Rene Discourse on Method & Metaphysical Meditations
طبیعی کیمیا حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	فیروز الدین مراد	Walker J An Introduction to Physical Chemistry P. I

طبیعی کیمیا حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	فیروز الدین مراد	Walker J An Introduction to Physical Chemistry P. II
طبیعی کیمیا انگریزی سے ترجمہ	مولوی محمد احمد	Fenton M. T.H. Out Lines of Physical Chemistry
طبیعی مناظر۔۱۹۳۹ء	محمد عبدالرحمٰن خاں	Abdul Rehman Khan Physical Optics
طبیعات عملی جلد دوم آواز اور روشنی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۱ء	محمد عبدالرحمٰن خاں	Allen H.S & H.Moore Practical Physics P. III Magnetism & Electricity
طبعیات حصہ سوم نور انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۱ء	محمد عبدالرحمٰن خاں	Duncan J & S.G. Starling A Text Book of Physics III
طبعیات حصہ چہارم آواز انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۱ء	محمد عبدالرحمٰن خاں	Duncan J. & S.G Starling A Text Book of Physics IV Sound
طبعیات حصہ پنجم مقناطیس انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۴ء	محمد عبدالرحمٰن خاں	Duncan J & S.G Starling A Text Book of Physics V Magnetism
طبعیات حصہ ششم برق انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۸ء	محمد عبدالرحمٰن خاں	Duncan J & S.G Starling A Text Book of Physics VI Electricity

طبعیات عملی حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۰	محمد عبدالرحمٰن خاں	Schuster A & C.H Less Practiccal Physics P. II
طبعیات عملی حصہ سوم انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۱ء	محمد عبدالرحمٰن خاں	Schuster A & C.H Less Practiccal Physics P. III
طبعیات حصہ اول بنیادی پیمائش انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۱۹ء	چودھری برکت علی	Gregory R & H.E Hadley A Class Book of Physics P. I Fundamental Measurement
طبعیات حصہ دوم حرارت انگریزی سے ترجمہ ۱۹۲۰ء	چودھری برکت علی	Gregory R & H.E Hadley A Class Book of Physics P. II Heat
طبعیات حصہ سوم نور انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۰ء	چودھری برکت علی	Gregory R & H.E Hadley A Class Book of Physics P. III Light
طبعیات حصہ چہارم آواز انگریزی سے ترجمہ۔	چودھری برکت علی	Gregory R & H.E Hadley A Class Book of Physics P. IV Sound
طبعیات حصہ پنجم مقناطیس انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۱ء	چودھری برکت علی	Gregory R & H.E Hadley A Class Book of Physics P. V Magnetism

طبعیات حصہ ششم برق انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۱ء	چودھری برکت علی	Gregory R & H.E Hadley A Class Book of Physics P. VI Electricity
طبعیات برائے میٹریکولیشن حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔	چودھری برکت علی	Gregory R & A.T. Simmon Lessons in Science Physics P. I
طبعیات ہندسی مناظر انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۴۵ء	مرتیخے راؤ	Huston Rao Geometrical Optics
طبعیات عملی حصہ اول مادہ کے خواص اور حرارت انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۳۱ء	پروفیسر وحید الرحمٰن	Allen H.S & H. Moore Practical Physics P. I Properties of Matter
طبعیات حرکت انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۸ء	مولوی نصیرالدین	Ducan J & S.G. Starling A Text Book of Physics
طب قانونی وسمومیات حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۳۷ء	ڈاکٹر محمد حسین	Dixan Mann J & W. A Brend Forsenic Medicine & Texacology P. I
طب قانونی وسمومیات حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۳۷ء	ڈاکٹر محمد حسین	Dixan Mann J & W. A Brend Forsenic Medicine & Texacology P. II
طبقات کبیر حصہ اول عربی سے ترجمہ۔ ۱۹۴۴ء	عبداللہ عمادی	ابن سعد ابوعبداللہ کاتب الواقدی طبقات کبیر حصہ اول

طبقات کبیر حصہ دوم عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۴ء	عبداللہ عمادی	ابن سعد ابو عبداللہ کاتب الواقدی طبقات کبیر حصہ دوم
طبقات کبیر حصہ سوم عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۴ء	عبداللہ عمادی	ابن سعد ابو عبداللہ کاتب الواقدی طبقات کبیر حصہ سوم
طبقات کبیر حصہ چہارم عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۴ء	عبداللہ عمادی	ابن سعد ابو عبداللہ کاتب الواقدی طبقات کبیر حصہ چہارم
طبقات کبیر حصہ پنجم عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۵ء	عبداللہ عمادی	ابن سعد ابو عبداللہ کاتب الواقدی طبقات کبیر حصہ پنجم
طبقات کبیر حصہ ششم عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۶ء	عبداللہ عمادی	ابن سعد ابو عبداللہ کاتب الواقدی طبقات کبیر حصہ ششم
طبقات کبیر حصہ ہفتم عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۶ء	عبداللہ عمادی	بن سعد ابو عبداللہ کاتب الواقدی طبقات کبیر حصہ ہفتم
طبقات کبیر حصہ ہشتم عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۶ء	عبداللہ عمادی	بن سعد ابو عبداللہ کاتب الواقدی طبقات کبیر حصہ ہشتم
علم السیاست انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۴ء	قاضی تلمذ حسین	Leacock S. The Element of Political Science
عروج فرانس انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۵ء	سید فخر الحسن	Wakeman Ho The Ascendanry of France
علم اخلاق انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	عبدالباری ندوی	Maekengie J.S. A Manual of Ethic
علمی نباتیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	عبدالباری ندوی	Rangachri R.B.K. Practical Botany
علم اخلاق انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	احسان احمد	Stephen Sir Leslie The Science of Ethic

علمی نامیاتی کیمیا انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	مولوی حاکم علی	Cohen J. B . Practical Organic Chemistry
علمی کیمیا ۔۱۹۴۷ء	ڈاکٹر مظفر الدین قریشی	Muzaffar Uddin Qureshi A Course of Practical Chemistry
علمی حیوانات انگریزی سے ترجمہ۔	مولوی محمد رحیم اللہ	Marshal A. M & Churst St. A Junior Course of Practical Zoology
علمی کیمیا انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۵ء	قاضی محمد حسین	Bruce J & Harry Harper Practical Chemistry
علم مثلث مستوی اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۱۹ء	قاضی محمد حسین	Loney S.L Plane Trignometry
علم ہندسہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۵ء	قاضی محمد حسین	Hall H.S. & Stevens A Treatise on Plane Geometry
علم ہندسہ جلد پنجم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۰ء	قاضی محمد حسین	Hall H.S & Stevens A Treatise on Plane Geometry Vol. V
علم ہندسہ نظری انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۷ء	محمد نذیر الدین	Ask With E.H.A Course of Pure Geometry

علم مثلث مستوی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۶ء	محمد نذیر الدین	Hobson E.W. A Treatise of Plane Trignometry
علم مثلث کروی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۶ء	محمد نذیر الدین	Todhunter I & J.G Leathem Spherical Trignometry
علم ہیئت کروی دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۰ء	محمد نذیر الدین	Ball Sir Robert A Treatise of Spherical Astronomy
علم حرکت زرہ واجسام استوار انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	شیخ برکت علی	Loney S.L.Dynamics of A Particle & Riggid Bodies
علم مثلث تحلیلی حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔	شیخ برکت علی	Loney S.L. Analytical Trignometry P. II
علم ہیئت۔۱۹۴۰ء	شیخ برکت علی	Parker G.B. The Elements of Astronomy
علم ہندسہ مستوی۔۱۹۳۶ء	شیخ برکت علی وخواجہ معین الدین	Barkat Ali & Moinuddin Plane Geometry
علم حرکت انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۰ء	خاں افضل خاں	Loney S.L. The Elements of Dynamics
عمل طب حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۷ء	ڈاکٹر محمد عثمان	E.P. Poptan Practice of Medicine P. I

عمل طب حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۱ء	ڈاکٹر محمد عثمان	E.P. Poptan Practice of Medicine P. II
عمل طب حصہ سوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۳ء	ڈاکٹر محمد عثمان	E.P. Poptan Practice of Medicine P. III
عمل طب حصہ چہارم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۴ء	ڈاکٹر محمد عثمان	E.P. Poptan Practice of Medicine P. IV
عملیتی وجراحی انگریزی سے ترجمہ۔	ڈاکٹر محمد حسین	Waring Sir H.J Manual of operative Surgery
علم الولادت حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۷ء	ڈاکٹر خلیل الرحمٰن	Midwife RY. P. I
علم الولادت حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۹ء	ڈاکٹر خلیل الرحمٰن ومحمد حسین	Midwifery P. II
علم الجراحت حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔	ڈاکٹر مختار حسین	Rose & Careless Manual of Surgery P. I
علم الجراحت حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔	ڈاکٹر مختار حسین	Rose & Careless Manual of Surgery P. II
علم الادویہ حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔	ڈاکٹر حسن علی خاں	Ghosh Rakhaldas Meteria Medica P. I
علمی نباتیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	مولوی عبدالباری	Rangacha R1 R.B.K Practical Botany
عمل طب انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۸ء	محمد حسین	Practice of Medicine
علم الادویہ حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔	ڈاکٹر حامد حسین وڈاکٹر غلام دستگیر	Ghosh Rakhaldas Meteria Medica P. II

غیر نامیاتی کیمیا انگریزی سے ترجمہ	مظفر الدین قریشی	Partington J.R.A Text Book of Inorganic Chemistry
غیر نامیاتی کیمیا حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۹ء	مولوی سید محمد اعظم	Smith Alexander InorganicChemistryP.II
غیر نامیاتی کیمیا انگریزی سے ترجمہ	مولوی محمد احمد خاں	Cavan R.M & G.D. Lander Systematic Inorganic Chemistry
غیر نامیاتی کیمیا حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۸ء	چودھری برکت علی	Smith Alexander Inorganic Chemistry
فلسفہ نتائجیت انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۳۷ء	عبدالباری ندوی	James William Pragmatism
فلسفہ مذہب انگریزی سے ترجمہ۔	مرزا محمد ہادی	Hofding Dr. H The Philosophy of Religion
فعلیات وحیاتی کیمیا جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۴۵ء	ڈاکٹر محمد عثمان	Halliburton W.D. Hand Book of Philosophy & Biochemistry
فعلیات وحیاتی کیمیا جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۴۶ء	ڈاکٹر غلام دستگیر	Halliburton W.D. Hand Book of Philosophy Vol. II
فعلیات وحیاتی کیمیا جلد سوم انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۴۵ء	ڈاکٹر محمد حسین	Halliburton W.D. Hand Book of Philosophy & Biochemistry Vol. III

فلزیات انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۴۱ء	مولوی محمد عبداللہ حسن	Read E.L. Metallurgy
فروح البلدان جلد اول عربی سے ترجمہ۔ ۱۹۳۲ء	سید ابوالخیر مودودی	بلاذری احمد بن یحیٰی بن جابر البغد ادی فتوح البلدان جلد اول
فروح البلدان جلد دوم عربی سے ترجمہ۔ ۱۹۴۰ء	سید ابوالخیر مودودی	بلاذری احمد بن یحیٰی بن جابر البغد ادی فتوح البلدان جلد دوم
فیدرس لائسس ادر یروطاغورس انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۳۴ء	مرزا محمد ہادی	Plato The Pleedrus Lysis & Protagorus of Plato
فلسفہ کی پہلی کتاب انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۸ء	ڈاکٹر میر ولی الدین	Rappopert A.S. A Primer of Philosophy
فلسفہ کے دائمی مسائل انگریزی سے ترجمہ۔	خواجہ عبدالقدوس	Calpins M.W The Persistent Problems of Philosophy
فصوص الحکم عربی سے ترجمہ۔ ۱۹۴۶ء	محمد عبدالقدیر	Mohiuddin Abnul Arabic Fusil Hikm Arabic
قسطن طین اعظم انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۳ء	محمد عنایت اللہ	Firth J.B Constatine
قدیم تاریخ ہند انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۲ء	پروفیسر جمیل الرحمٰن	Smith V.A. The Early History of India
قانون تارت ٹروٹ انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۲۴ء	رائے بیجناتھ	Under Hill A Law of Troto
قانون روج ہنود جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔ ۱۹۴۱ء	مولوی اکبر علی موسوی	Mayne J.D Treatise An Hindu Law & Usage Chapter Vol. I

قرون وسطیٰ کا اسلامی فلسفہ جرمن سے ترجمہ۔۱۹۴۴ء	ڈاکٹر سید وحید الدین	Goldziher Algemeine Geshiec Werder Philosophy Die Islamic Kindie Judishe Philosophy
قانون دستوری انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	مولوی مسعود علی	Dicey A.U Law of The Constitution
قدیم قانون انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۳ء	چودھری برکت علی	Main H.S Ancient Law
کیمیا برائے میٹریکولیشن حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۲ء	چودھری برکت علی	Bailey G.H.X & H.W Bausor Metriculation Chemistry P. I
کیمیا برائے میٹریکولیشن حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	چودھری برکت علی	Bailey G.H.X & H.W Bausor Metriculation Chemistry P. II
کیمیا برائے میٹریکولیشن حصہ سوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۱ء	چودھری برکت علی	Bailey G.H.X & H.W Bausor Metriculation Chemistry P. III
کیمیا برائے میٹریکولیشن انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۱ء	چودھری برکت علی	Greogory R & A.T. Simmons Lessons in Science Chemistry
کیمیاتی فعلیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۵ء	ڈاکٹر مفتی شاہنواز	Hali Burton W.D. Essential of Chemical Physiology
کتاب الوزراء عربی سے ترجمہ	سید ابوالخیر مودودی	ابوالحسن ہلال الصابی کتاب الوزراء
کتاب الخراج عربی سے ترجمہ۔۱۹۳۰ء	سید ابوالخیر مودودی	ابو یوسف قاضی امام کتاب الخراج

کتاب اخلاق نقوماجس انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۰ء	مرزا محمد ہادی	Aristolle The Nicomachean Ethic
لارڈ کارنواس انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	محمد عبدالستار	Seton Karr W.S. Corn Wallis
لارڈ کلائیو انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۶ء	ڈاکٹر ابن حسن	Malleson Col. G.B Cline
مصطلحات طب جلداول		
معاشی حالات ہند از اکبر تا اورنگ زیب انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Moreland W.H From Akbar to Aurangzeb A Stuudy in India Economic History
مساوی عمرانیات فرانسیسی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	یوسف حسین خاں	Worms Ranela Sociologic French
سبادی عمرانیات۔۱۹۲۳ء	ڈاکٹر سید عابد حسین	Blackmar F.W. Elements of Sociology
آثر عالمگیری فارسی سے ترجمہ۔۱۹۳۲ء	فدا علی طالب	محمد ساقی مستعد خاں آثر عالمگیری
مادھو جی سندھیا انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	منشی فاضل حکیم محمد	Keen H.G Madhava Rao Sindhia
معاشیات ہند جلداول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۰ء	مولوی رشید احمد	Jather G.B. & G. Beri India Economics Vol. I
مبادلات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	مولوی رشید احمد	Todd J.A Mechanism of Exchange
مالیات ہند اور بینک کا کاروبار انگریزی سے ترجمہ۔	مولوی رشید احمد	Shirras G.E. Indian Finance & Banking

مفہوم زر انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۶ء	مولوی رشید احمد	Withers H The Meaning of Money
معاشیات ہند جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۵ء	مولوی رشید احمد	Jather J & Beri Indian Economics Vol. II
معاشیات ہند انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۰ء	محمد الیاس برنی	Banerjea P. A Study of Indian Economics
مقدمہ معاشیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۱۹ء	محمد الیاس برنی	Moreland W.H. An Introduction to Economics for Indian Students
معیشت الہند۔۱۹۲۹ء	محمد الیاس برنی	Elias Burny Mohd Indian Economics
معاشی تاریخ ہند جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	مولوی محمد نصیر الدین	Dutt Ramesh The Economics History of India Vol. I
معاشی تاریخ ہند عہد ملکہ وکٹوریہ جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۶ء	مولوی نصیر الدین	Dutt Ramesh The Economics History of India Vol. II
معاشی تاریخ انگلستان انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۵ء	مولوی محمد عاقل	Briggs & Jordan Economic History of England
مقدمہ مابعد الطبیعات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	عبدالباری ندوی	Bergson Henri An Introduction of Metaphysics

مباحث مشرقیہ حصہ اول جلد اول عربی سے ترجمہ۔۱۹۴۹ء	حکیم سید عبدالباقی	Imam Fakhruddin Mohd Bin Omer Rafi Mabahi The E. Mashriqi Vol. I
مباحث مشرقیہ جلد دوم عربی سے ترجمہ۔۱۹۵۰ء	حکیم سید عبدالباقی	Imam Fakhruddin Mohd Bin Omer Rafi Mabahi The E. Mashriqi Vol. II
مفتاح المنطق حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	مرزا محمد ہادی	Joseph H W.B An Introduction to Logic I
مفتاح المنطق حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۳ء	مرزا محمد ہادی	Joseph H W.B An Introduction to Logic II
معاشرتی نفسیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۷ء	مرزا محمد ہادی	Me Dougall William An Introduction to Social Psychology
مبادی علم النفس انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۲ء	مرزا محمد ہادی	Stoute G.F. The Ground Work of Psychology
مفتاح الفلسفہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۹ء	مرزا محمد ہادی	Kulpe O An Introduction to Philosophy
مقدمہ نفسیات متقابلہ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۱ء	معتضد ولی الرحمٰن	Margan C.L An Introduction to Comparative Psychology

منطق ابتدائی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۳ء	احسان احمد	Greighton J An Introductory Logic
مقدمہ فلسفہ انگریزی سے ترجمہ۔	احسان احمد	Paulsen F An Introduction to Philosophy
مقدمہ اخلاقیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۷ء	احسان احمد	Green T.H. Prolego Mean of Ethics
منطق استخراجی و استقرائی۔۱۹۱۹ء	عبدالماجد	Abdul Majid Logic Deductive & Inductive
مرقات عربی سے ترجمہ۔۱۹۲۱ء	سید حیدر حسینی	فضل امام مرقات
مبادی نباتیات حصہ اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	محمد سعید الدین	Lowson & Sahni A TextBookofBotanyP.I
مبادی نباتیات حصہ دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۲ء	محمد سعید الدین	Low & Sahni A Text Book of Botany P. II
مینڈک اور کینچوا انگریزی سے ترجمہ	مولوی محمد رحیم اللہ	Bhatic B.L An Elementary Text Book of Zoology For Indian Students Rana Tigrina & Pheretima Pasthuma
منڈلیت انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۷ء	مولوی محمد رحیم اللہ	R.C. Punnet Mandilism

ماسکونیات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴ء	محمد نذیر الدین	Besant H & A.S Ramseya A Treatise on Hydromechanics Hydrostatics
مساواتوں کا نظریہ جلد اول۔ انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۴	محمد نذیر الدین	Burnside V. S & A.W Panton Theory of Equations Vol. I
مساواتوں کا نظریہ جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۶ء	محمد نذیر الدین	Burnside V. S & A.W Panton Theory of Equations Vol. II
ہندسہ مستوی انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۴۰ء	قاضی محمد حسین	Hall S & S.R. Knight Plane Geometry
ہندسہ مجسمات انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۰ء	قاضی محمد حسین	Hall S & S.R Knight Solid Geometry
ہندسہ تحلیلی۔۱۹۴۹ء	وینکٹ چاری	Venkatchari Analytical Geometry
ہندسی مخروطات۔۱۹۳۷ء	شیخ برکت علی و خواجہ معین الدین	Barkat Ali & Moinuddin Geometri
یورپ کا عصر جدید جلد اول انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۵ء	قاجی تلمذ حسین	Fyffe C.A A History of Modern Europe Vol. I
یورپ کا عصر جدید جلد دوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۶ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Gooch G.P A History of Modern Europe Vol. II

یورپ کا عصر جدید جلد سوم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۰ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Gooch G.P A History of Modern Europe Vol. III
یورپ کا عصر جدید جلد چہارم انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۶ء	سید ہاشمی فرید آبادی	Gooch G.P A History of Modern Europe Vol. IV
یورپ سولہویں صدی میں انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۳۸ء	محمد رحیم الدین	Johnson A.H Europe In the Sixteenth Century
یونانی شہنشاہیت انگریزی سے ترجمہ۔۱۹۲۴ء	محمد عنایت اللہ	Furgusson W.S. Greek Imperialism

[1]

[1] دارالترجمہ عثمانیہ کی علمی اور ادبی خدمات اور اردو زبان وادب پر اس کے اثرات، ڈاکٹر مجیب الاسلام، ص ۲۵۹۔۳۱۸، اردو اکادمی دہلی، بھارت، ۱۹۸۷ء۔

☆☆☆

۸

مرحوم دہلی کالج

تہذیبوں کی شرح معروضی اصولوں کا تقاضا کرتی ہے۔معروضی اصول بغیر کسی لگن اور لگاوٹ کے تہذیبوں کی تشریح کرتے ہیں۔محل موضوع کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اٹھارویں سے بیسویں صدی تک کی تبدیلیوں کا مختصر مطالعہ درکار ہے۔ایک لحاظ سے یہ ساری تبدیلیاں بربادیوں کی طرح تھیں اور دوسری طرف نئے امکانات کی طرح۔بربادیوں سے خوف زدہ ہوں یا نئے امکانات کی منزلوں کی طرف سفر کریں، یہ فیصلہ بہت ہی مشکل ہے۔مگر یہ فیصلہ یا سفر فطرت نے اپنے انداز میں آسان ترین بھی کر دیا ہے کہ ان تبدیلیوں کو ہونا ہی ہوتا ہے۔انسان اُلجھتے یا سُلجھتے رہتے ہیں اور سفر بربادیوں کا ہو یا نئے امکانات کا ہو، جاری رہتا ہے۔اسے کوئی نہیں روک سکا اور نہ کوئی روک سکتا ہے۔ایسے عوامل کو ارتقائی عمل کہتے ہیں اور یہ ارتقائی تضادات ناگزیر ہوتے ہیں۔

تہذیب سے لگن فطرت کی عطاء ہے۔یہ اس جذبے کا نام ہے جس میں سے فرد اور معاشرہ جنم لیتے ہیں۔معروضیت پرائے پن کے اعلان کی طرح ہوتی ہے۔ہاں البتہ موضوعیت اپنے کلمہءِ اظہار کی طرح ہوتی ہے۔ذات کی اس پرستش کو معروضیت کی عظمتوں پر قربان بھی نہیں کیا جاسکتا۔اٹھارویں سے بیسویں صدی تک انگریزوں کی سامراجیت، معاشی استحصال اور حکمرانی تہذیبِ ہند کے ہر نفر کیلئے موضوعی انداز میں سوچنا دردناک عمل ہے۔مگر کیا یہ درد اختیار میں ہے نہیں، ایسا نہیں۔یہ حیات کا تقاضا ہے۔اسے ہونا ہی ہوتا ہے اور اس کے نتیجے میں نئے امکانات جنم لیتے ہیں۔

انگریزوں کی موجودگی میں تہذیب ہند کی بربادیوں کی داستان بہت طویل ہے۔انگریزوں کی تہذیب ہند میں جدید عوامل کی حصہ داری بہت ہی مختصر ہے۔مگر تہذیب ہند میں یہ مختصر حصہ داری اتنی قدروں کی حامل ہے کہ اس سے پہلے کے لاکھوں کروڑوں سالوں میں

تہذیب ہند کے شاہوں، راجوں، مہاراجوں، پنڈتوں، پروہتوں نے نہ کیا جو کچھ انگریز دو تین سو سال میں کر گئے۔ اس مطالعہ میں مایوسی کا یہ احساس تو نہیں رکھنا چاہئے کہ انگریز نہ آتے تو بہت سی جدید تبدیلیاں بھی وقوع پذیر نہ ہوتیں۔ مگر یہ امید پرستی جائز ہے کہ یہ جدید تبدیلیاں صرف انگریزوں ہی کے دور میں رُو پذیر ہوئیں اور اس سے پہلے کبھی نہ ہو سکیں۔ پھر بھی اس عمل میں معروضیت کی سوچ کے حوالے سے امید اور خوشی کا احساس ہوتا ہے اور موضوعیت کی حدت میں احساس و ادراک جلتا ہے۔

ڈاکٹر مولوی عبدالحق نے دہلی کالج کو ''مرحوم دہلی کالج'' کے نام سے نوازا ہے۔ اس نام پر زیادہ توجہ نہ بھی دی جائے تو کام چل سکتا ہے۔ مگر ڈاکٹر مولوی عبدالحق جیسے عالم کی کہی بات کو کیسے نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ یہ کالج کیوں بنا اور کیوں مرحوم ہو گیا، علمِ ترجمہ کے ارتقاء کے حوالہ سے بہت ہی اہم موضوع ہے۔ مدرسہ غازی الدین ۱۷۹۲ء میں دہلی میں قائم ہوا۔ مدرسہ غازی الدین، نواب غازی الدین خاں فیروز جنگ ثانی خلف نواب نظام الملک آصف جاہ نے تعمیر و قائم کیا۔ مولوی عبدالحق ۱۹۴۵ء میں لکھتے ہیں کہ وہاں اس عہد میں بھی اینگلو عربیک کالج قائم ہو چکا ہے۔ یہ کالج بننے سے پہلے سکول تھا۔ مسٹر ٹامسن وزیٹر نے شمالی علاقوں کے اورینٹل کالجز کے متعلق ۴۲-۱۸۴۱ میں لکھا کہ اورینٹل کالج دہلی سولہ سال سے قائم ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ دہلی کالج کی ابتداء ۱۸۲۵ء میں ہوئی۔ ہندوستان میں جدید تعلیم کے فروغ کے لیے انگریز حکومت نے ایک لاکھ مختص کیے۔ اس عطیے میں سے دہلی کالج کے لیے پانچ سو روپے مقرر کیے گئے۔ مسٹر ٹیلر اس کالج کے پرنسپل مقرر ہوئے۔ سر چارلس مٹکاف نے ۱۸۲۸ء میں کالج کے لیے ۲۵۰ روپے مزید منظور کیے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ نواب اعتماد الدولہ سید فضل علی خاں بہادر وزیر بادشاہِ اَودھ نے دہلی کے ریذیڈنٹ سے استدعا کی کہ وہ کالج کی ترقی کے لیے ایک لاکھ ستر ہزار کی رقم عطیہ کرنا چاہتے ہیں۔ انگریزوں نے نواب کی درخواست قبول کر لی لیکن وہ قریب المرگ ہونے کی وجہ سے وصیت کر گئے:-

''میں ایک لاکھ ستر ہزار کی رقم نیک نیتی سے اس کالج کی امداد کے واسطے
برٹش گورنمنٹ کی تحویل میں چھوڑتا ہوں۔'' [1]

نواب نے یہ وصیت نامہ اپنے داماد حامد علی خاں کے نام لکھا۔ ۱۹۳۰ء میں نواب کا انتقال ہو گیا اور

اس کی وصیت کے مطابق ساری رقم کالج کی انتظامیہ کو ادا کر دی گئی۔ انگریزوں نے نواب کو اس عطیے کے نتیجے کے طور پر کالج کے انتظامی امور اور پروفیسروں کے انتخاب کا اعلان کیا تھا۔ نواب کی وفات کے بعد اس کا عطیہ تو وصول کر لیا گیا مگر اس کو کی گئی کسی پیش کش پر عمل نہ کیا گیا۔ ۱۸۳۵ء علمی لحاظ سے ایک انقلاب انگیز سال تھا۔ ایک تو جتنے مدارس تھے، خواہ سرکاری یا غیر سرکاری، ان سب میں مشرقی السنہ وعلوم، عربی، سنکرت، فارسی کی تعلیم دی جاتی تھی۔ طریقہ تعلیم بھی مشرقی تھا اور ذریعہ تعلیم بھی مشرقی زبانیں تھیں۔ کلکتہ مدرسہ اور کلکتہ سنسکرت کالج میں انگریزی تعلیم کا اضافہ کر دیا گیا۔ زبانوں کی تعلیم کے سلسلے میں:-

''سنسکرت اور عربی کی ترقی کی خاطر ان قدیم زبانوں میں تراجم کے لیے
فیاضی سے امداد دی جاتی تھی۔۔۔ عربی سے سنسکرت میں ایک کتاب کے
ترجمہ کے لیے بتیس ہزار روپے کی منظوری دی گئی'' [2]

اگر تجزیہ میں تعصب کی گنجائش ہوتی تو یہ نتیجہ بھی اخذ کیا جا سکتا ہے کہ عربی کی عظیم داستان اور قصیدہ کے خزانوں کے تراجم ہندوستان کی سب سے بڑی زبان میں کروانے کی کوشش کی جا رہی تھی تا کہ زیادہ سے زیادہ ہندوستانی آبادی پر اثر انداز ہوا جا سکے۔ عہد جدید کے تہذیب ہند کے ماہر ولیم ڈیلرمپل William Dalrymple کی وسیع و عریض تحقیق سے یہ مختصر نتیجہ بھی اخذ کیا جا سکتا ہے۔۔ دہلی کالج میں ۱۸۴۳ء میں مشرقی اور مغربی شعبوں کو ضم کر دیا گیا۔ دونوں شعبوں کی تعلیم کو ایک کر دینے کا مقصد یہ تھا کہ دونوں شعبوں میں تاریخی، اخلاقی اور سائنٹفک مضامین کی تعلیم یکساں طور پر دی جائے۔ ان مضامین کے ذیل میں حساب، جیومیٹری، الجبرا نیچرل فلاسفی، جغرافیہ، تاریخ ہند، معاشیات ''پولیٹیکل اکانومی'' اور اصول قانون ''جورس پروڈنس'' کا خاص طور پر ذکر کیا گیا تھا۔ کالج کے پرنسپل مسٹر بتروس کا خیال تھا کہ ایسے مضامین اور تنگ خیالی میں کمی پیدا ہو گئی ہو جو صرف عربی فارسی پڑھنے والوں میں پیدا ہو جاتی ہے۔ ان علوم کے مطالعہ سے وسعت ونظر میں اور زیادہ کُشادگی ہو جاتی ہے۔ جب موجودہ نسل کے اساتذہ رخصت ہو جائیں گے اور ان کے جانشین وہ ہوں گے جنہوں نے نئے جدید طریقے پر تعلیم پائی ہو تو روشن خیالی میں اور بھی زیادہ ترقی ہو جائے گی۔

گزشتہ عہد میں احصائے تفرقات Differential Calculus، علم

مثلث Trignomethy اقلیدس، نیچرل فلاسفی، الجبرا، جغرافیہ، مضمون نویسی یہ سب مضامین مشرقی اور مغربی شعبوں میں موجود تھے۔البتہ تاریخ کے مضمون میں کچھ فرق تھا۔انگریزی شعبے میں مارشمین، ہیوم، گبن وغیرہ کی تاریخیں تھیں اور مشرقی شعبے میں مختصر خاکہ تاریخ اور جامع التواریخ تھی۔وجہ یہ تھی کہ انگریزی تاریخیں جو انگریزی شعبے میں پڑھائی جاتی تھیں ان کا ترجمہ اردو میں موجود نہ تھا اور یہ مجبوری تھی۔دہلی کالج میں علم وترجمہ کا کام ۱۸۴۷ء تک جاری رہا۔اس کے بعد ہندوستان میں انگریزوں کے خلاف نفرت نے سر اٹھایا اور انگریزوں نے اپنے اپنے ہتھیار۔نتیجہ کے طور پر دہلی کالج نظرانداز ہوتا رہا اور ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی یا غدر آن وارد ہوا۔
دہلی کالج کی بے بسی ۱۸۶۴ء تک پھیلتی گئی اور اس کے بعد دہلی کالج پروفیسر ہیٹن Hatton کی نگرانی میں کام کرنے لگا۔جب پروفیسر ہیٹن انبالہ سرکل کا انسپکٹر مقرر ہوا تو اس کی جگہ ایڈمنڈ وِلمٹ Edmand Wilmot کا تقرر ہو گیا۔اسی عہد میں مسٹر سی۔کے۔کوک۔بی۔اے سن جان کالج کیمبرج کا تقرر انگریزی زبان کے پروفیسر کے طور پر ہوا۔مسٹر کوک کی سربراہی میں ۱۸۷۷ء تک چلتا رہا۔اس کے امتحانات کلکتہ یونیورسٹی کی طرف سے لیے جاتے تھے۔گویا دہلی کالج کلکتہ یونیورسٹی کا دہلی کیمپس تھا۔۱۸۷۷ء میں مسٹر پروفیسر لائٹنر نے دہلی کالج کو پنجاب یونیورسٹی لاہور میں ضم کر دیا۔ڈاکٹر لائٹنر اس وقت گورنمنٹ کالج لاہور کے سربراہ تھے۔اس بات کی تشریح نہیں کی جاسکتی کہ اس نے ایسا کیوں کیا۔ہاں البتہ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ وہ لاہور میں ہونے کی وجہ سے لاہور کے تعلیمی اداروں کو ترقی اور توسیع دینے کے لیے ایسا فیصلہ کر گیا تھا۔شاید اسے معلوم بھی ہو کہ جو اضافہ اس نے لاہور میں کیا۔اُس دہلی میں کیا۔کمی آ گے۔تاہم بڑی طرف سے لوگ نہ صرف بڑے کام کرنے میں بلکہ غلطیاں بھی بڑی بڑی کر سکتے ہیں۔

گویا کالج کی عمر ۱۸۲۵ء سے ۱۸۷۷ء تک باون سال بنتی ہے۔باون سالہ جوان کی موت پر ڈاکٹر مولوی عبدالحق دہلی کالج کو ''مرحوم'' نہ لکھتے تو اور کیا کہتے۔یہ تہذیبی بحران کا ایک نتیجہ تھا۔اس کی سزا تہذیب ہند کے عوام کے لیے تھی اور جزا انگریزوں کے لیے۔مگر پھر وہی بات کہ تہذیب ہند کے محفوظ زمانوں میں علم مقیّد تھا۔انگریزوں کے لائے ہوئے بحران میں ہندوستان کی بربادیوں میں علم کے نئے امکانات بھی جڑیں پکڑ رہے تھے۔یہ متضاد نقطہ نظر کسی ابہام Ambiguity کا باعث نہیں ہونا چاہیئے۔یہ معروضی تجزیہ ہے۔اس کا یہ نتیجہ بھی درست

ہے کہ انگریزوں کی سامراجیت کے سائے میں جدید علوم کی نرسریاں Nurseries کام کرنے لگیں۔

انگریزوں کی آمد اور ہندوستان میں عہد جدید کے آغاز کے متعلق بہت کچھ لکھا گیا۔خاص طور سے علم شعر میں ''شہر آشوب'' لکھے گئے۔جب شہروں پر تباہیاں اور بحران نازل ہوتے ہیں تو افراد، ثقافت اور سماج سب چیزوں کی جڑیں اُکھڑنے لگتی ہیں۔ایسے میں کوئی کیا خوشی کے گیت لکھے گا۔میر تقی میرؔ، میر دردؔ، میرزا رفیع سوداؔ، مصحفیؔ، نظیرا کبر آبادیؔ اور غالبؔ جیسے شاعروں نے شہر آشوب لکھے۔ان کے علاوہ بھی بہت سے شعراء نے اس موضوع پر درد والم کا اظہار کیا:۔

میر تقی میر:۔

- کیا بُو دو باش پُوچھو ہو پُورب کے ساکنوں
ہم کو غریب جان کے ہنس ہنس پُکار کے
- دِلّی جو ایک شہر تھا عالم میں انتخاب
رہتے ہیں منتخب ہی جہاں روزگار کے
- اس کو فلک نے لُوٹ کے وِیرانہ کر دیا
ہم رہنے والے ہیں اُسی اُجڑے دیار کے
- روشن ہے اس طرح دلِ ویراں میں ایک داغ
اُجڑے نگر میں جیسے جلے ہے چراغ ایک
- شاید کہ مُند گئی ہے قمری کی چشم گریاں
کچھ ٹُوٹ سا چلا ہے پانی چمن کی جُو کا

میر دردؔ:۔

- اُٹھتی نہیں ہے خانۂ زنجیر سے صدا
دیکھو تو کیا سبھی یہ گرفتار ہو گئے
- کیا اختیار اپنا، جوں اس گُل ہے اس چمن پر
گُل چیں سے کیا چلے ہے؟ کیا زور باغباں پر

مرزا رفیع سوداؔ:۔

- دل اک سینے میں ہے، یا قطرہ سیماب ہے؟ کیا ہے
قفس میں مرغ ہے، مایا ہی بے آ؟ کیا ہے
- نہیں معلوم اس سینے میں کیا جوں شمع جلتا ہے
دھواں نوکِ زباں سے بات کرنے میں نکلتا ہے
- مری تو سُن لے کہ مانندِ شمعِ بزمِ اَخیر
پگھل چکا ہے سراپا، زبان باقی ہے

قائمؔ:۔

- دیکھا ہے لاکھ رنگ سے میں نے زمانے کو
میری نظر میں ہے قائم یہ کائنات تمام

مصحفیؔ:۔

- تا بات کھل نہ جائے لوگوں کے ڈر کے مارے جو خط لکھا وہ میں نے پانی ہی میں ڈبویا
- آن کر غم کدہ دہر میں جو بیٹھے ہم شمع ساں، اپنے تئیں آپ کو رو بیٹھے ہم

مظہر جانِ جاناں پکارتے ہیں:-

- یہ حسرت رہ گئی، کیا کیا مزے سے زندگی کرتے اگر ہوتا چمن اپنا، گل اپنا، باغباں اپنا!

میر حسنؔ:-

- جوں شمع دمِ صبح، میں یہاں سے سفری ہوں ٹک منتظرِ جنبشِ بادِ سَحری ہوں
- دیکھا نہ میں نے خبر سایہِ بازوِ شکستہ حرماں زدہِ حسرتِ بے بال و پَر ہی ہوں

جرأتؔ:-

- اب اضطراب دل سے یہی گھر میں سوچ ہے گر زلزلہ یہی ہے، تو سارا مکاں گرا

فغاںؔ:-

- جب تک رہے قفس میں یہی شغل نت رہا سر کو جھکا جھکا کے پر و بال دیکھنا
- مے نہیں، مینا نہیں، ساغر نہیں، ساقی نہیں جی میں آتا ہے لگا دوں آگ مے خانے کے تئیں

دہلی کالج کی خصوصی اور تہذیب ہند کی عمومی تباہی پر شعرائے کرام نے جس تخلیقی انداز میں آہ و زاری اور گریہ و فُغاں کیا وہ اُردو زبان میں ادبِ عالیہ میں شامل کیا جاتا ہے۔ خواجہ منظور حُسین نے ''اردو غزل کا خارجی رُوپ، بہرُ وپ'' کے عنوان سے ''شہر آشوب'' کی بے شمار مثالیں دی ہیں۔

حوالہ جات

[1] مرحُوم دہلی کالج، ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب، ص۱۰، انجمن ترقی اردو ہند دہلی، ۱۹۴۵ء

[2] مرحُوم دہلی کالج، ڈاکٹر مولوی عبدالحق صاحب، ص۱۶۔۱۵، انجمن ترقی اردو ہند دہلی، ۱۹۴۵ء

☆☆☆

۹

دہلی کالج میں تراجم

دہلی کالج میں ایک طرف تو جدید علوم کا تعارف کرایا جا رہا تھا۔ دوسری طرف انگریزی زبان میں سائنس، ادب، فلسفہ، اخلاقیات کے مضامین کی کتابوں کے تراجم کرائے جا رہے تھے۔ دہلی کالج اس لحاظ سے ہمیشہ کم نصیبی کا شکار رہا کہ کوئی نہ کوئی مُشکل، مصیبت، مسئلہ یا سانحہ اسے درپیش رہا۔ اخراجات کے لیے مالیات کے تقرر، عطیات، انگریز انتظامیہ کے لوگوں کے آپس میں اختلافات، انگریزوں کے مقامی ہندی لوگوں سے اختلافات وغیرہ ایسے اُمور تھے جن کی وجہ سے اس کالج میں دارالترجمہ عثمانیہ کی طرح کا ارتقاء مشاہدہ یا ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ یہاں تک کہ دہلی کالج کے دو استادوں نے ہندومت چھوڑ کر عیسائیت قبول کر لی اور پورے ہندوستان میں انگریزوں اور دہلی کالج کے خلاف بحرانی حالات پیدا ہو گئے۔ ماسٹر رام چند اُردو میں سائنس پڑھاتے تھے اور لالہ چمن لال فرسٹ سب اسسٹنٹ سرجن دہلی تھے۔ انہوں نے عیسائی ہونے کا اعلان کیا اور انگریزوں کے ساتھ دہلی کالج کی بھی شامت آ گئی۔ ایسی ایسی بربادیوں کے مناظر تاریخ کے صفحات پر مصور شدہ نظر آتے ہیں کہ جن کی مثال ملنا ناممکن ہے۔ ان سب حالات کے باوجود دہلی کالج میں ۱۸۳۵ء میں ایجوکیشنل کمیٹی قائم کی گئی۔ لیکن اس کے بعد ہی ایک اور تحریک اسی غرض سے علم کے بعض سچے شائقین اور دیسی زبانوں کے ہمدردوں کی سعی اور توجہ سے عمل میں آئی اور انجمن اشاعت علوم بذریعہ السنہ ملک Society for the Promotion of knowledge in India Through the Medium of Vernacular Languages قائم کی گئی۔ دہلی کالج میں ایجوکیشنل سوسائٹی اور دہلی ورنیکولر ٹرانسلیشن سوسائٹی نے انگریزی علوم کے اُردو تراجم کرائے۔ تراجم کے علاوہ تحقیق، تصنیف اور تالیف پر مبنی کتب مرتب کی گئیں۔ ان تراجم کی تفصیل درج ذیل فہرست میں موجود ہے:-

-Wand's Analytical Geometry

-Young's Dynamicstand statics

-Webster's Hydrostslics

-Phelp's optics

-L.U.K's Heat

-L.U.K's Hydraulics

-L.U. K's Double Refractian and Polarization

-Trail's Physical Geography

-Rogett's Electricity

-Rogett's Calvanism

-اصولِ قانون

-تاریخ ہند (زمانہ قدیم سے تا زمانہ حال)

-اصولِ حکومت

-اصولِ قوانین مال گزاری

-اصولِ قوانین اقوام

-تاریخِ انگلستان (خلاصہ تاریخ گولڈسمتھ کا ترجمہ)

-الجبرا (ترجمہ برجز)

-علمِ مثلث وتراش ہائے مخروطی

-عملی علمِ ہندسہ (پریکٹیکل جیومیٹری)

-اصولِ علمِ ہیئت (ترجمہ علم ہیئت ہرشل ابتدائی آٹھ باب۔علمِ ہیئت بونی کیسل بارھواں باب۔تتمہ از انسائیکلو پیڈیا برٹینیکا)

-تاریخ اسلام

-تاریخ یونان

-تاریخ روما

-رسالہ کیمسٹری (ترجمہ پارکر)

-استعمال آلاتِ ریاضی

-اٹلس (جغرافیہ)

-قواعدِ اردو

-انتخاب شعرائے اردو

-انتخاب الف لیلہ

-شمسیہ (منطق میں)

-سراجیہ (اسلامی قانونِ وراثت پر)

-ترجمہ گلستاں

-قانون محمدی فوج داری (ترجمہ کتاب میکناٹن)

-اردو لغت (یہ کتاب تیار ہوئی مگر چھپنے نہ پائی)

-قانون مال (ترجمہ مارشمین)

-لیلاوتی (حساب)

-راماین

-مہابھارت (انتخاب)

-نل دمن

-دیوان سودا

-دیوان دردؔ

-دیوان میر تقی میرؔ

-دیوان جراتؔ

-نیچرل فلاسفی

-پولیٹیکل اکانومی (معاشیات۔ترجمہ ویلنڈ)

-تحلیلی علم ہندسہ (Analytical Geometry)

-خلاصہ شاہ نامہ (اردو میں)

-مبادیات تفرقی احصاو تکمیلی احصا (Elements of the Differential and Integral Colculus)

- تاریخ ایران
- میکانیات (لارڈنر)
- نیچرل تھیالوجی (پیلے)
- تاریخ اکتشافِ بری وبحری
- محاوراتِ اُردو
- ترجمہ تزکِ تیموری
- ترجمہ (Smith's Moral Sentiments)
- یوسف خان کی سیاحت یورپ
- جغرافیہ قدیم کے نقشے
- اصول جبر ومقابلہ
- مختصر خاکہ تاریخ عالم (بریف سروے آف ہسٹری از مارشمین) دوجلد
- انتخاب پلوٹارکس لاوَز (مشاہیر یونان وروما)
- دھرم شاستر
- شرعِ اسلامی
- سکپ وتھ کا خلاصہ قانون فوج داری
- پرنسپ کا خلاصہ قانون ودیوانی
- مارشمین کا سول گائیڈ مع خلاصہ شرع اسلامی ودھرم شاستر
- ضابطہ مال گزاری (مارشمین)
- زلیخا
- بدرِ منیر
- لیلیٰ مجنوں
- حدائقہ البلاغہ
- شکنتلا
- سنسکرت اور انگریزی ڈرامے

- رگھوونش (کالی داس کا ڈرامہ)
- تعلیم نامہ
- جامع الحکایات
- تاج الملوک وبکاوَلی
- اسسٹنٹ مجسٹریٹ گائیڈ
- تاریخ خاندان مغلیہ (تیمور کے زمانے سے شاہ عالم تک)
- فلسفہ (زیرترجمہ) (Abererombie's Mental Philosophy)
- نگارستان (زیرترجمہ)
- تاریخ چارلس دوازدہم (زیرترجمہ)
- جغرافیہ طبعی (ترجمہ ٹریل)
- علم وعمل طب (عربی سے زیرترجمہ)
- طبعی نباتیات (زیرترجمہ)
- حفظان صحت (زیرترجمہ)
- عضویات (علم افعال عضویات) (زیرترجمہ)
- علم معدنیات
- تذکرہ حکماء
- مساحت (ترجمہ تھیوڈولک)
- چشمہ فیض (مختصر قواعد اردو)
- طبیعیات (ترجمہ ارناٹ)
- صرف ونحو انگریزی (اردو میں)
- عملی ساحت زمین
- Sextant کا ترجمہ۔
- ہندوستان کے پیداواری ذرائع (ترجمہ رائل)
- سوانح عمری رنجیت سنگھ

-رسالہ طب
-ترجمہ ابوالفدا (تین جلدوں میں)
-تاریخ کشمیر
-جغرافیہ ہند
-فرائد الدہر (تاریخ شعرائے عرب)
-تاریخ بنگال
-رسالہ مقناطیس (لائبریری آف یوسفل نالج کے رسالے کا ترجمہ)
-تذکرہ ہندو شعراء
-رسالہ جراحی (سرجری)
-حرکیات وسکونیات (Young's Dynamics & Statics)
-Webster's Hydrastalics کا ترجمہ
-علم المناظر (ترجمہ فلپ، Phelp)
-حرارت (لائبریری آف یوسفل نالج کے رسالے کا ترجمہ)
-ترجمہ Hydraulics
-ترجمہ Double refraction & Polarization of lights
-رسالہ علم برق (ترجمہ زاجسٹ)
-گالون ازم
-حکمائے یونان
-حالات ہندوستان ماخوذ انسائیکلو پیڈیا آف جوگریفی مرتبہ مرے
-ہدایت المبتدی
-مزید الاموال یا سلاح الاحوال (علم زراعت)
-رسالہ اصول حساب (ترجمہ ڈی مورگن)
-ترجمہ تاریخ الحکماء ترجمہ تذکرۃ المفسرین (جلال الدین سیوطی) تذکرۃ الفقہا خلاصہ وفیات اعیان ترجمہ تاریخ ابن خلکان

-تذکرہ شعرائے ہند
-رسالہ طب (انگریزی سے)
-تذکرۃ الکاملین
-سنن ترمذی (اردو ترجمہ)
-رسالہ ربون شادراثبات وجود باری
-قصہ چہار درویش معروف باغ و بہار
-قصہ یوسف سلیمانی
-تذکرہ سکندر اعظم
-رسالہ احکام الایمان
-تاریخ مسعودی
-رسالہ مرایا مناظر (برشل صاحب)
-تذکرہ سسرو
-مختصر قدوری
-تاریخ یمینی
-کلیلہ دمنہ
-احوال المفسرین (عبدالرحمٰن سیوطی)
-تذکرہ ڈلموستھنیز
-فوائد الافکار فی اعمال الفرجار

حوالہ جات

[1] مرحوم دہلی کالج، ڈاکٹر مولوی عبدالحق، ص ۱۴۵۔۱۳۸، انجمن ترقی اردو، ہند، دہلی، ۱۹۴۵ء۔

۱۰

سرسید احمد خان اور شبلی نعمانی کی تحریکِ ترجمہ

ہندوستان میں سرسید احمد خان کی شخصیت اور کردار خاص اہمیت رکھتا ہے۔انیسویں صدی میں انگریزوں کی آمد کے بعد مغلوں کے زیرحکومت ادارے برباد ہو چکے تھے۔انگریزوں کے تشدد اور ظلم وستم کے علاوہ ہندوستان کے مقامی لوگ بھی آپس میں بدست وگریباں تھے۔ان حالات میں سرسید احمد خان مصلح Reformer کے طور پر اُبھرے۔وہ ہندوستان کے لیے سیاست کے خاص خیالات رکھتے تھے۔ہندوستان میں ہندا کثریت، مسلمان اکثریت اوراس کے علاوہ بہت سی مذہبی اقلیتیں موجود تھیں۔سرسید نے مذہبی تقسیم کی بجائے اپنی سیاسی نظریات کی بنیاد اپنے قومی تصورات پر رکھی یعنی ہندوستانی۔اس کا فوری نتیجہ تو یہ تھا کہ مذہب کی بنیاد پر تقسیم شدہ ہندوستانی عوام کو ایک قوم ہونے کا تصور پیش کیا گیا۔سرسید اصلاحی ذہن اور کردار کے مالک تھے اور روایتی اصطلاح میں ''سیاست دان'' نہیں تھے۔انہوں نے ہندوستانی قوم کے لیے اتحاد کا لائحہ عمل پیش کیا۔مسلمانوں کو آگے بڑھنے اور ترقی کرنے کے وسائل سے تعارف کرایا۔ان کی ہمہ جہت شخصیت ایک افسر، عالم، فلسفی، مصلح، تحقیق کار، مصنف اور ترجمہ کار تھے۔وہ انیسویں صدی میں ترجمہ کے متعلق عصر حاضر جیسے خیالات رکھتے تھے۔انہوں نے ۱۸۶۲ء میں غازی پور میں سائنٹفیک سوسائٹی کا سنگِ بنیاد رکھا۔تراجم کے موضوعات میں خود نوشت، زراعت، فلاحت اور اقتصادیات شامل تھے۔وہ ۱۸۶۴ء میں علی گڑھ آ گئے۔سائنٹفیک سوسائٹی بھی ان کے ساتھ علی گڑھ منتقل ہوگئی۔وہ چاہتے تھے، بلکہ تبلیغ کرتے تھے کہ ہندوستان کے عوام بشمول مسلمانوں کے انگریزی علوم سے استفادہ کریں۔اس خیال سے انہوں نے اپنے قیام اور دورہ یورپ کے بعد ۱۰ مئی ۱۸۶۶ء کو ''برٹش انڈین ایسوسی ایشن'' قائم کی۔وہ مختلف زبانوں کی مفید تحریروں کے تراجم کرتے تھے تاکہ لوگ زیادہ سے زیادہ استفادہ کرسکیں۔علی گڑھ کالج جو کہ بعد میں علی گڑھ یونیورسٹی بنا دیا گیا، اس میں علم ترجمہ کو خاص اہمیت دی گئی۔سید صاحب کو اپنے زمانے میں بہت اچھے

ساتھیوں کی رفاقت نصیب ہوئی۔ان کے ساتھیوں میں نواب محسن الملک، نواب وقار الملک، مولوی چراغ علی، مولوی محمد حسین آزاد، مولوی ذکاء اللہ، خواجہ الطاف حسین حالی، شبلی نعمانی، مولانا نذیر احمد اور مولوی زین العابدین جیسے لوگ شامل تھے۔سرسید احمد کی بہت سی قابل قدر تصنیفات ہیں۔مگر سب سے زیادہ اہمیت ان کا رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' رکھتا ہے۔اس کے علاوہ ان کا یہ اعزاز ہے کہ ان کی یہ کتاب '' آثار الصنادید'' کا ۱۸۶۱ء میں فرانسیسی محقق گارساں دتاسی نے فرانسیسی زبان میں ترجمہ کیا۔

مولانا الطاف حسین حالی کثیر التصنیف اور سریع التصنیف دونوں تھے۔ان کی اکثر کتابیں مثلاً مایغنیک فی الصرف، مبادی الحکمتہ، منتخب الحکایات، رسم الخط وغیرہ۔سکول کے طلباء کے واسطے لکھی گئیں اور واقعی ان کے واسطے بہت مفید ہیں۔سرکاری ایکٹوں کے ترجمے گورنمنٹ کے حکم سے کیے گئے۔مجموعہ تعذیرات ہند یعنی نپل کوڈ کے ترجمہ کو ان کا ایک کارنامہ سمجھنا چاہیئے۔اس مشہور قانون کے ترجمے کے واسطے پہلے مولوی کریم بخش اور مولوی عظمت اللہ مقرر ہوئے تھے۔پھر سرولیم میولفٹنٹ گورنر کے حکم سے مولوی نذیر احمد ان کے کام کی نگرانی اور نظر ثانی کے لیے مقرر ہوئے اور انہوں نے بڑی محنت وجانفشانی اور بڑی قابلیت سے یہ کام انجام دیا۔ان کے تمام قانونی تراجم نہایت عمدہ اور صحیح ہیں جس میں اکثر جگہ نہایت مناسب اور ٹھیک الفاظ مشکل الفاظ انگریزی کے لیے اردو میں وضع کیے گئے ہیں جو اب زبان زرخلایق ہوگئے ہیں۔قانون شہادت یعنی ایوی ڈنس ایکٹ کا ترجمہ لیرون کی کتاب سے کیا گیا ہے۔''افسانہ غدر'' ایڈورڈ صاحب کی ایک کتاب کا ترجمہ ہے، جس میں انہوں نے غدر ۱۸۵۷ء کے بعض دلچسپ سوانحات کو قلم بند کیا ہے۔ان کے علاوہ سات آٹھ چھوٹی چھوٹی مختصر کتابیں اور رسائل ہیں جو قیام حیدرآباد کے زمانے میں وہاں کے عمال کے لیے بطور ہدایت نامہ لکھے گئے تھے مگر چھپے نہیں۔

مولانا شبلی نعمانی سرسید احمد خان کے بہت ہی قریبی ساتھی تھے۔سرسید احمد خان کے دیگر ساتھیوں کی طرح ایک طرف تو وہ سید صاحب کی اصلاحی تحریکوں کو چلاتے تھے اور دوسری طرف انفرادی طور پر بھی اپنا علم وتصنیف، ترجمہ وتالیف کا کام کرتے رہتے تھے۔شبلی نعمانی کی شخصیت کے بہت سے علمی پہلو تھے۔وہ ایک ہی وقت میں شاعر، فلسفی، مفکر، مئورخ، ناقد، ماہر تعلیم، معلم، واعظ، مصلح، جریدہ نگار، اسلامی فقہ وحدیث کے ماہر تھے۔ان کے والد شیخ حبیب اللہ

وکیل تھے۔شبلی نعمانی نے مختلف عالموں سے اکتساب علم کیا۔اُن کا آبائی علاقہ اعظم گڑھ تھا۔کہا جاتا ہے کہ انہوں نے قانون کی اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے وکالت بھی کی۔مگر ۱۸۸۲ء میں علی گڑھ کالج میں فارسی کے پروفیسر ہوگئے۔اس سے وہ سرسید احمد خان کے قریب ہوئے اور ہمیشہ کے لیے ان کے تحریکی ساتھی بن گئے۔سرسید احمد خان کی مکمل رفاقت کے باوجود ان سے مختلف مذہبی رُجحان رکھتے تھے۔وہ اگرچہ اصولی طور پر سرسید کی جدیدیت سے اتفاق کرتے تھے مگر ان کی تحقیق وتالیف وتصنیف کا مرکز زیادہ تر دینِ اسلام ہی رہا۔اُن کی تصنیفات کی ایک طویل فہرست تیار کی جاسکتی ہے۔علمِ ترجمہ کے حوالہ سے وہ سید صاحب کے دستِ راست تھے اور ترجمہ کاری کی ترویج کو ترقی دیتے رہے۔

☆☆☆

۱۱

مغرب سے نثری تراجم

اُردو زبان میں ترجمہ کی تاریخی وراثت بہت محدود ہے۔ناکافی ہونے کی وجہ سے مطالعہ کرنے والوں پر یہ بھی نہیں کھلتا کہ ترجمہ کیا اہمیت رکھتا ہے۔عہد جدید میں ترجمہ ہر بات اور عمل کی بنیاد ہے۔اُردو زبان میں انفرادی طور پر یا کچھ تعلیمی اداروں نے تراجم کروائے ہیں۔اگرچہ یہ بہت محدود ہیں مگر اقدار کے لحاظ سے بہت ہی اہم ہیں۔یہ تو ایسے ہی ہے جیسے ڈُوبتے کو تنکے سہارا یا پیاس سے مرنے والے کے لیے پانی کی بُوند۔

ڈاکٹر مرزا حامد بیگ نے ترجمہ کے متعلق بہت وقیع و بسیط کام کیا ہے۔غالبًا اُردو ترجمہ پر اتنی تحقیق کسی اور محقق نے نہ کی ہو۔انہوں نے اس موضوع پر متعدد تحقیقی کتابیں تحریر کی ہیں۔ان کی تحقیق اُردو ترجمہ کی بنیاد کی طرح ہے۔ان کے علاوہ بھی بہت سے مفکر ترجمہ نگاروں نے قابل قدر کام کیا ہے۔ڈاکٹر مرزا حامد بیگ کی ترجمہ سے متعلق مطبوعات کی فہرست حسب ذیل ہے:-

۱۔''ترجمے کا فن''،نظری مباحث ۴۶قبل مسیح تا ۱۹۸۶ء،مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد، پاکستان،۱۹۸۷
۲۔''مغرب سے نثری تراجم''،انگریزی و دیگر مغربی زبانوں سے ادبی تراجم کی روایت،مقتدرہ قومی زبان،اسلام آباد، پاکستان،۱۹۸۸ء
۳۔''اردو ترجمے کی روایت''،۱۷۸۶ء سے تا حال،دوست پبلیکیشنز،۲۰۱۳
۴۔''کتابیات تراجم''،علمی کتب پبلیکیشنز،۱۹۸۶ء
۵۔''کتابیات تراجم''،نثری ادب،علمی کتب پبلیکیشنز،۱۹۸۷ء

ڈاکٹر مرزا حامد بیگ کی زیر بحث تحقیق''مغرب سے نثری تراجم'' جامع اور مفصل کام ہے۔اس کی افادیت اس کے مطالعہ ہی سے کھُل سکتی ہے۔اس کے موضوعات میں تاریخی تسلسل ہے اور تحقیقی گہرائی بھی ہے۔مطالعہ کے افادہ کے لیے اس کتاب کے موضوعات سے شناسائی

آنے والے زمانوں میں کھوج، سراغ کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔ نفسِ مضمون کی وسعت کا اندازہ کرنے کے لیے موضوعات کی فہرست درج ذیل ہے:-

-ابتدائیہ
-ترجمے کا فن اور لفظ ترجمہ
-ترجمے کا جواز
-ترجمے کی مشکلات
-آخر ترجمہ ہی کیوں؟
-ترجمے کی اقسام
-ترجمہ کون کرے؟
-فن ترجمہ کے اصول ومبادیات
-اردو میں ترجمے کے بنیادی اصول
-ترجمے کی بندشیں
-ہندوستان میں ترجمے کی قدیم روایت
-مذہبی، تہذیبی اور سیاسی صورت حال
-حملہ آور حاکموں کے زیر اثر ترجمے کی بنیادیں
-صوفی ازم اور ترجمے کی روایت
-انگریزوں کی آمد اور نئی تہذیبی صورت حال
-سیرام پور پادری مشن ۱۷۹۳ء
-سیرام پور کالج کا قیام ۱۸۰۰ء
-سیرام پور بپٹسٹ مشن کے تراجم
-اناجیل و بائبل کے اردو تراجم کی مختصر تاریخ
-نثری تراجم فورٹ ولیم کالج تا ۱۸۵۷ء
-فورٹ ولیم کالج، کلکتہ ۱۸۰۰
-شاہان اَودھ

- لکھنؤ ۱۸۱۴ء
- شمس الامراء کے تراجم: برائے مدرسہ فخریہ حیدرآباد دکن ۱۸۳۴
-سکول بک سوسائٹی، دہلی کالج دہلی ۱۸۴۰ء
-دفتر مترجم السنہ شرقیہ برائے گورنر بمبئی ۱۸۴۵ء
-جدید پیشہ ورانہ تعلیم سے متعلق چند ادارے، ۱۸۴۵ء تا ۱۸۸۵ء
-مدرسہ طبابت، آگرہ ۱۸۴۵ء
-طاس انجینئرنگ کالج رُڑکی ۱۸۵۶
- کمیٹی برائے ترجمہ نصابی کتب (طب) حکومتِ بنگال
-نثری تراجم ۱۸۵۷ء سے ۱۹۱۷ء
-نئی تمدنی مذہبی اور سیاسی صورت حال
-سید احمد خاں کی تصنیفی زندگی کے تین ادوار (نیا علم کلام)
-سائنٹفک سوسائٹی غازی پور ۱۸۶۴ء
-انجمن پنجاب لاہور، ۱۸۶۵ء
-روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی، بریلی ۱۸۶۵ء
انجمن علمی بدایون، ۱۸۶۵ء
-سائنٹفک علمی سوسائٹی مظفر پور ضلع بہار ۱۸۶۸ء
-شاہجہاں پور لٹریری انسٹی ٹیوٹ، ۱۸۶۸ء
-انجمن مراد آباد
-انجمن آولہ
-سررشتہ علوم وفنون (سلسلہ آصفیہ) حیدرآباد دکن، ۱۸۹۷ء
-انجمن ترقی اردو (ہند) اورنگ آباد دکن/دہلی ۱۹۰۳ء
-دیگر ادارے: قدیمی درس گاہیں
-دارالعلوم دیوبند، سہارن پور ۱۸۶۷ء
-مدرسۃ العلوم، علی گڑھ ۱۸۷۵ء

-دارالمصنفین ،اعظم گڑھ ۱۹۱۳ء
-نثری تراجم ۱۹۱۷ تا حال
-نئی مذہبی اور ادبی تحریکیں (مغرب اور مشرق کی آویزش
-ادب (پیروی مغرب)
-تہذیبی کشمکش (فلم مشرق اور مغرب کی آویزش رابندناتھ ٹیگور کے ہمہ گیر اثرات)
-دارالترجمہ عثمانیہ حیدرآباد دکن ۱۹۱۹ء
-جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی ۱۹۲۰ء
-ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد ۱۹۲۷ء
-ادارہ ادبیات اردو خیریت آباد، حیدرآباد دکن ۱۹۳۱ء
-سوندھی ٹرانسلیشن سوسائٹی وڈ ریمیٹک کلن گورنمنٹ کالج، لاہور
- مجلس ترقی ادب لاہور، ۱۹۵۰ء
-ریسرچ اکیڈمی آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کراچی، ۱۹۵۱ء
-پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی ۱۹۵۳ء
-موسسئہ مطبوعات فرینکلن نیو یارک لاہور، ۱۹۵۴ء
-شعبہ تصنیف وتالیف وترجمہ کراچی یونیورسٹی، ۱۹۵۷ء
-ترقی اردو بورڈ کراچی، ۱۹۵۸ء
-مرکزی اردو بورڈ لاہور، ۱۹۶۲ء
-چند دیگر ادارے (مکتبہ اردو لاہور، پیپلز پبلشنگ لاہور، مقبول اکیڈمی لاہور)
-بھارت میں تراجم کے چند نئے ادارے
-علمی کتب کے چند لازوال تراجم
-بحر حکمت از پادری پرکنس مطبوعہ ۱۷۹۸ء
-اصول علم حساب ہندی زبان میں ترجمہ
-میر امن دہلوی ومسٹر جونس مطبوعہ ۱۸۳۲ء
-رسالہ کسراتِ اعشاریہ ترجمہ میر امن دہلوی ومسٹر جونس مطبوعہ ۱۸۳۷ء

-رسالہ علم واعمال کرے کا از کیٹ ترجمہ رتن لعل ومسٹر جوزہ مطبوعہ ۱۸۴۱ء
-تاریخ ممالک چین تخلیق وترجمہ جیمز فرانس کارکرن مطبوعہ ۱۸۴۱ء
-رسالہ علم فلاحت از رابرٹ اسکاٹ ہرن ترجمہ
-سرسید احمد خاں ودیگر مترجمین مطبوعہ ۱۸۶۵ء
-تمدن ہند از گستاؤلی بان ترجمہ سید علی بلگرامی مطبوعہ ۱۸۹۸ء
-معرکہ مذہب وسائنس از ڈاکٹر ڈریپر ترجمہ مولانا ظفر علی خاں مطبوعہ ۱۹۱۰ء
-تمدن ہند از گستاؤلی بان ترجمہ سید علی بلگرامی مطبوعہ ۱۹۱۲ء
-تاریخ یونان از پروفیسر جے بی بیوری ترجمہ سید ہاشمی فرید آبادی مطبوعہ ۱۹۴۷ء
-بادشاہ از نکولومیکاولی ترجمہ ڈاکٹر محمود حسین مطبوعہ ۱۹۴۷ء
- آپ بھی خوش رہیئے ، از برٹرنڈ رسل ترجمہ محمد شفیع الدین، مطبوعہ ۱۹۵۸ء
-تمدن ہند پر اسلامی اثرات، از تاراچند، ترجمہ محمد مسعود احمد، مطبوعہ ۱۹۵۸ء
-تہذیب اور اس کے ہیجانات، از سگمنڈ فرائیڈ، ترجمہ
-داستانِ فلسفہ، اوول ڈیوراں، ترجمہ عابد علی عابد، مطبوعہ ۱۹۵۹ء
-میراثِ ایران از اے۔ جے۔ آربری، ترجمہ عابد علی عابد مطبوعہ ۱۹۵۹ء
-غیب وشہود، از آرتھر اسٹینلے اڈنگٹن، ترجمہ سید نذیر نیاز، مطبوعہ ۱۹۵۹ء
-تاریخ لبنان، از فلپ کے حتی، ترجمہ غلام رسول مہر، مطبوعہ ۱۹۶۲ء
-سیاسیات ارسطو، از حکیم ارسطو، ترجمہ سید نذیر نیازی
-جنگ (میکاولی سے ہٹلر تک) از ایڈورڈ ہائیٹ ، ترجمہ محمد صفدر، مطبوعہ ۱۹۶۷ء
-افتادگانِ خاک از مرانز فینن ، ترجمہ سجاد باقر رضوی محمد پرویز، مطبوعہ ۱۹۶۹ء
- نفسیات کی بنیادیں از ایڈورڈ گریکس بورنگ ، ترجمہ بلال احمد زبیری، مطبوعہ ۱۹۶۹ء
-ادبی تراجم کا جائزہ[1]

نئی تحقیق اور تخلیق کی پذیرائی کا کام کافی دشوار ہوتا ہے۔ یہ تو نہیں کہ پاکستانی معاشرے میں علمی زوال کی رَو چل پڑی ہے۔ مگر اس میں کافی حد تک صداقت بھی ہے۔ یار لوگ کمپیوٹر سے متعلق Gadgets اور Applications میں اس قدر مگن ہیں کہ عظیم ترین سہولت

کوعلم سمجھ بیٹھے ہیں۔ریاضی ایک ایسی سائنس ہے جس کے بغیر دنیا کی کوئی سائنس مکمل نہیں ہو سکتی۔کمپیوٹر بھی ایسی ہی سائنس ہے جو ہر سائنس کی تکمیل کے لیے سہولتیں فراہم کرتا ہے۔یہ آلہ آسانی کا ذریعہ ہے۔نہ علم ہے نہ علم کا نتیجہ ہے۔یہ جو کچھ ہے اس کو وہی سمجھنا چاہیئے۔کمپیوٹر اور اس سے متعلقہ دوسرے آلات علمی سہولت کاری کے لیے ہوتے ہیں۔ان سہولتوں سے علمی افادیت حاصل نہ ہو تو اس کا کوئی فائدہ نہیں بلکہ زیاں ہی زیاں ہے۔نئی تخلیق اور تحقیق تو کسی نہ کسی طرح پہچان کی کسوٹی پر چڑھ جاتے ہیں،علمِ ترجمہ کو تو دوسرے درجے کا علم سمجھا جاتا ہے۔یہ تصور بھی انتہاUtmost جہالت کی عطاء ہے۔مگر یہ اس قدر ناگزیر ہے کہ جو قومیں جب بھی اس سائنس کا احترام کریں گی،اس کے فروغ اور ترقی کا اہتمام کریں گی،تبھی ترقی کرسکیں گی۔ورنہ ''عالمی گاؤں Global Village'' کا حصہ ہوتے ہوئے بھی ترجمہ سے ناآشنا لوگ کسی ویران جزیرے میں رہ رہے ہوں گے۔پاکستان میں علمی فروغ اور فوری شہرت کے حصول کی آرزو بہت سے لکھنے والوں میں پائی جاتی ہے۔یوں بھی بحیثیت قوم کوئی مشترکہ احساس اس سماج کی قدروں میں شامل نہیں ہے۔اس لیے معاشرے میں اہمیت حاصل کرنے کے لیے اچھے اور برے ہر طرح کے اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔اگر طنز زیادہ تلخ نہ ہو جائے تو کہا جاسکتا ہے کہ کچھ کھلا پلا کر کسی ٹی وی چینل کے پروڈیوسر کے ذریعہ اپنے کارناموں پر پروگرام بھی کیا جا سکتا ہے۔اخبار میں خبر بھی لگوائی جاسکتی ہے۔کالم بھی چھپ سکتا ہے اور رنگین صفحے کی زینت بھی بنا جا سکتا ہے۔سب لوگ ایسا نہیں کرتے اور جو لوگ ایسا کرتے ہیں انہیں ان کی بصیرت یہ بھی نہیں بتا سکتی کہ ٹی وی چینل پر پروگرام کے اختتام کے ساتھ ہی اس کی ادبی حیات ختم ہو جائے گی۔اخبار کی عمر ایک دن ہوتی ہے اور جتنے جتن کر کے اپنی خبریں لگوائی جاتی ہیں ان کی عمر بھی ایک دن سے زیادہ نہیں ہوتی۔البتہ جو لوگ خاموشی سے اپنے کام میں گہرائی پیدا کرتے ہیں اور وہ کام پھیلتا چلا جاتا ہے تو احترام اور شہرت ان کی دہلیز پر کھڑی رہتی ہے۔ڈاکٹر مرزا حامد بیگ بھی اسی شہرت کے عالم ہیں۔ان کے علاوہ بھی بہت سے لوگوں نے روزمرہ کی بازاری ادب کاری کی بجائے بہت اچھا سنجیدہ ادب پیش کیا ہے۔ڈاکٹر جمیل جالبی نے تاریخ اردو کی تین ضخیم جلدیں تصنیف و تالیف کر کے ثابت کر دیا ہے کہ کام کرنے والا صرف کام کرتا ہے۔ان کی دیگر کاوشوں کے اندراج کے لیے ایک مکمل فہرست درکار ہے۔ترجمہ کی سائنس پر یہ تحریر ڈاکٹر مرزا حامد بیگ کے متعلق ذاتی نوعیت کی نہیں

ہے بلکہ ان کی علمی تفصیل ہے۔وہ جس عہد میں ترجمہ پر کام کر رہے تھے وہ ترجمہ کی اہمیت کا عہد ہی نہیں تھا۔پھر وہ کس منزل کی روشنی تھی کہ جس کو وہ دیکھ رہے تھے قطع نظر اس سے کہ راستے میں ان کی ملاقات کیسے حالات سے ہوگی۔کسی علم کی تاریخ اس علم کے تسلسل اور ارتقاء کا بیانیہ ہوتا ہے۔اس بیانیہ میں اردو زبان کے بہت سے عالموں نے اپنا اپنا حصہ ڈالا ہے۔

حوالہ جات

[1]مغرب سے نثری تراجم،فہرست موضوعات،ڈاکٹر مرزا حامد بیگ،مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد،پاکستان،۱۹۸۸ء

☆☆☆

۱۲

مغرب سے نثری تراجم“ کی فہرست

ڈاکٹر مرزا حامد بیگ کی ادبی شناخت میں ان کے ناول، افسانے، تراجم، تحقیقی مضامین اور بہت سارے مقالہ جات کے علاوہ تنقیدی مضامین شامل ہیں۔ تاریخِ ترجمہ کے حوالہ سے ان کے کام کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ ان کی عمر بھر کی خون پسینے کی کمائی ان کی کتابیں ہیں۔ ان کتابوں اور ان کی ذات کے متعلق تفصیلات انٹرنیٹ پر دی گئی ویب سائٹ (www.mirzahamidbaig.com) پر مطالعہ کی جا سکتی ہیں۔ ڈاکٹر بیگ کی تحقیق ”مغرب سے نثری تراجم“ میں ترجمہ کی کتابوں کی فہرست ۴۶۸ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔ اس فہرست میں ۱۶۳۳ تراجم کی تفصیلات شامل ہیں۔ یہ بہت ہی معنی خیز خزانہ ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے بعض کتابوں پر مختصر تبصرے بھی کیے ہیں۔ یہ چھوٹے چھوٹے تبصرے اپنی دلچسپی کا پڑھنے والوں پر اظہار کرتے ہیں۔ یہ دعوتِ مطالعہ کی طرح ہے۔ مثال کے طور پر پاکستان کے سابق صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی کتاب ”جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی“ کے متعلق ڈاکٹر صاحب رقم طراز ہیں:-

> ”خود نوشت۔ سابق صدر پاکستان کی آپ بیتی، Friends Not Masters کا ترجمہ۔ اصل کتاب لکھنے میں ایوب خان کو الطاف گوہر کی معاونت حاصل تھی۔ یہ Friends Not Masters کا ترجمہ ہے۔ نیم سیاسی و نیم ادبی سوانح عمری ہے، جس میں ہندو پاک سیاست کا پسِ منظر دلچسپ ہے اور زبان کی دروبست خصوصی توجہ چاہتی ہے۔ زبان و بیان کی انہی خوبیوں کے باعث شکوک و شبہات نے سر اٹھایا اور اصل مصنف کی تلاش شروع ہوئی۔ کہا جاتا ہے کہ بیان جنرل محمد ایوب خان کا ہے اور اسے احاطہ تحریر میں الطاف گوہر لائے۔“[1]

اسی طرح ۱۶۳۳ تراجم کی فہرست میں بہت سے تراجم، ترجمہ کاروں اور ذریعہ کے متن Source Text اور ان کے لکھنے والوں کے متعلق بہت ہی تحقیقی اور دلچسپ مشاہدات جگہ جگہ نظر آتے ہیں۔ تراجم کی فہرست موضوعات کے حوالہ سے ہے۔

آپ بیتی

شمار	تراجم	شمار	تراجم
۱	اینا کیسانونا: ’نئی صبح‘: ترجمہ: لطیف الدین احمد، قومی دارالاشاعت بمبئی	۲	ایوب خان، فیلڈ مارشل جنرل، صدر پاکستان: ’جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی‘: ترجمہ: غلام عباس، آکسفورڈ یونیورسٹی پریس: محمود پرنٹنگ پریس، ۱۹۷۶ء
۳	بکرٹی واشنگٹن: ’حبشی غلام کی سرگزشت‘: ترجمہ: رام داس: لاہور: کپور آرٹ پریس ۱۹۲۰ء	۴	بکرٹی واشنگٹن: ’آزادی کی جنگ‘: ترجمہ: غلام حیدر خاں: لاہور: نگینہ پریس ۱۹۳۶ء
۵	تانگ لیوشا: ’سرخ چین سے فرار‘: ترجمہ: ن۔ن: دہلی: جید پریس، س۔ن	۶	تانگ لیوشا: ’رہائی‘: ترجمہ: بشیر حسین ضیائی: لاہور: اردو مرکز س۔ن
۷	ٹالسٹائی کاؤنٹ لیو: ’ٹالسٹائی کی کہانی‘: ترجمہ: شیو چرن لال بابو: ۱۹۳۹ء: اشاعت نامعلوم	۸	ٹالسٹائی کاؤنٹ لیو: ’ٹالسٹائی کی کہانی‘: ترجمہ: یزدانی جالندھری: لاہور؛ نارائن دت سہگل: ۱۹۴۱ء
۹	ٹالسٹائی کاؤنٹ لیو: ’سرگزشت ٹالسٹائی‘: ترجمہ: ن۔ن: لاہور: مرکنٹائل پریس س۔ن	۱۰	ٹیگور رابندر ناتھ: ’میرا لڑکپن‘: ترجمہ: شیر محمد اختر: لاہور: لاجپت رائے اینڈ سنز، س۔ن
۱۱	جے پرکاش نرائن: ’جدوجہد‘: ترجمہ: یوسف مہر علی: لاہور: مرکنٹائل پریس، ۱۹۴۶ء	۱۲	چیمبن کیرل: ’جرم سے پھانسی تک‘: ترجمہ: عابد رشید: لاہور: نیشنل پبلشرز
۱۳	چیخوف: ’آپ بیتی‘: ترجمہ: مشتاق بھٹی: لاہور: سنگم پبلشرز، ۱۹۴۶ء	۱۴	چیخوف: ’میری زندگی‘: ترجمہ: ساحر لدھیانوی: لاہور: قلمی: مملوکہ نیا ادارہ سرکلر روڈ

۱۵ ڈنکن: 'آئیساڈورا': ترجمہ: فارغ بخاری و محمود رضوی: لاہور: آئینہ ادب، ۱۹۶۱ء

۱۶ راجندر پرشاد ڈاکٹر: 'اپنی کہانی': دہلی: ساہتیہ اکیڈمی، ۱۹۶۱ء

۱۷ روزویلٹ: 'روزویلٹ': ترجمہ: تیرتھ رام فیروز پوری: لاہور: نرائن دت سہگل اینڈ سنز، ۱۹۴۰ء

۱۸ سکالر جوزف: 'ورکٹا': ترجمہ: سنیچہ ایس۔ایم: دہلی: تاج آرٹ پریس س۔ن

۱۹ سولزے نیتسن الیگزینڈر: 'گلاگ مجمع الجزائر': ترجمہ: مظہر حنفی: نئی دہلی: نیشنل اکیڈمی انصاری مارکیٹ دریا گنج طبع اول ۱۹۷۸ء

۲۰ فلبرک: 'ہربرڈ اے': میری مختلف زندگیاں: ترجمہ: ن۔ن۔

۲۱ فورڈ ہنری: 'میری زندگی کی کہانی': ترجمہ: اومادت بی اے پنڈت: دہلی: کارونیشن پرنٹنگ ورکس

۲۲ کراوچنکو وکٹر: 'آزادی یا موت': ترجمہ: ن۔ن: کراچی: مطبوعات کامل محمدی پریس، ۱۹۵۱ء

۲۳ کروچے: 'کروچے کی سرگزشت': ترجمہ: محمد علی صدیقی: کراچی: ادارہ عصر نو، ۱۹۷۹ء

۲۴ گاندھی مہاتما: 'تلاش حق': ترجمہ: ڈاکٹر سید عابد حسین: نئی دہلی: مکتبہ جامعہ ملیہ طبع اول ۱۹۳۸ء

۲۵ گاندھی مہاتما: 'آپ بیتی': ترجمہ: حامد قریشی: لاہور: انڈین پرنٹنگ پریس، س۔ن

۲۶ گاندھی مہاتما: 'طوق و زنجیر': ترجمہ: ن۔ن: لاہور: گیلانی الیکٹرک پریس، ۱۹۴۴ء

۲۷ گاندھی مہاتما: 'جیل کی کہانی': ترجمہ: ن۔ن: لاہور: پستک بھنڈار، س۔ن

۲۸ گورکی میکسم: 'گورکی کی آپ بیتی': ترجمہ: ڈاکٹر اختر حسین رائے پوری: حیدر آباد دکن: انجمن ترقی اردو ہند، ۱۹۴۰ء

۲۹ گورکی میکسم: 'میں ادیب کیسے بنا': ترجمہ: محمد حسین عسکری: لاہور: الجدید، س۔ن

۳۰ گورکی میکسم: 'کڑوی کہانی': ترجمہ: امیر اختر: دہلی: مکتبہ ضیاء ادب، ۱۹۵۴ء

۳۱ گورکی میکسم: 'زندگی کی شاہراہ پر': ترجمہ: رضیہ سجاد ظہیر: لاہور: پیپلز پبلشنگ ہاؤس، س۔ن

۳۲ مسولینی: 'مسولینی کی آپ بیتی': ترجمہ: بادشاہ حسین سید: حیدر آباد دکن: اعظم سٹیم پریس، ۱۹۳۹ء

۳۳ مسولینی: 'مسولینی کی آپ بیتی': ترجمہ: شیخ اکرام قمر ہوشیار پوری: لاہور: پنجاب لٹریچر کمپنی

۳۴ نپولین: 'نپولین بوناپارٹ شہنشاہِ فرانس': ترجمہ: محمد مشتاق حسین، گلزاری لال و گنگا پرشاد: لکھنو، ۱۸۷۱ء

۳۵ نہرو پنڈت جواہر لال: 'اٹھارہ مہینے ہندوستان میں': ترجمہ: بشیر احمد انصاری: لاہور

۳۶ نہرو پنڈت لال جواہر: 'میری کہانی': عابد حسین ڈاکٹر سید: دہلی: مکتبہ جامعہ ملیہ، ۱۹۳۶ء

۳۷ وجے لکشمی پنڈت: 'میری ڈائری': ترجمہ: راجندر: لاہور: جے ہند پبلشرز

۳۸ ہٹلر اڈولف: 'میری جدوجہد': ترجمہ: شانتی نرائن: لاہور الیکٹرک پریس طبع اول، ۱۹۳۸ء

۳۹ ہٹلر اڈولف: 'تزک ہٹلری': ترجمہ: ابراہیم علی چشتی محمد: لاہور: پاکستان ٹائمز پریس، ۱۹۵۰ء

۴۰ ھوتست خانم: 'امام غدر یعنی مسز ھوتست خانم انگلیسی کی دردناک گزشت': ترجمہ: سید ظفر احسن: لاہور: پنجابی پریس، ۱۹۲۳ء

۴۱ ہیلن کیلر: 'میری داستان حیات': ترجمہ: خادم محی الدین: لاہور: منظور عام پریس

افسانہ

۴۲ آپ بیتیاں: ترجمہ: 'تیرتھ رام فیروز پوری': لاہور: کتابستان اردو

۴۳ آسکر وائلڈ و دیگر: 'دھڑکتے دل': ترجمہ: اختر شیرانی

۴۴ آلام حیات

۴۵ آئرستان کے بہترین افسانے: ترجمہ: 'رحیم': لاہور: مکتبہ کائنات

۴۶ اروِنگ واشنگٹن: 'نگارستان': ترجمہ: فتح نیاز پوری: لکھنو: نگار بک ایجنسی

۴۷ اروِنگ واشنگٹن: 'الحمرا کے افسانے': ترجمہ: غلام عباس: افسانہ: Tales from Alhamra

۴۸ اُس پار: ترجمہ: 'تیرتھ رام فیروز پوری': لاہور: دائرہ ادبیہ

۴۹ انگریزی افسانے: ترجمہ: 'عبد القادر سروری': حیدر آباد دکن: مکتبہ ابراہیمیہ سٹیشن روڈ، ۱۹۳۱ء

۵۰ انگریزی افسانے: ترجمہ 'غلام عباس': افسانے: انگریزی افسانوں کے تراجم کی انتھالوجی

۵۱ جے این۔آر۔کے: 'نیرنگ': نئی دہلی: مکتبہ جامعہ ملیہ، ۱۹۳۲ء

۵۲ بغیر اجازت: ترجمہ 'سعادت حسن منٹو': لاہور: ظفر برادرز

۵۳ بک پرل ایس: 'عجیب لڑکی': ترجمہ: قمر نقوی: لاہور: مقبول اکیڈمی، ۱۹۶۳ء

۵۴ بک ایس پرل: 'زندگی پھر مسکرائی اور دوسری کہانیاں': ترجمہ: یوسف ظفر: لاہور: مقبول اکیڈمی، ۱۹۶۵ء

۵۵ بلغارین افسانے: ترجمہ: اظہر جاوید: لاہور: مطبوعات تخلیق، ۱۹۷۱ء

۵۶ بوشر: ولف گینگ لیبخن: 'جرمن ادب پارے': ترجمہ: محمد اسلم فرضی ڈاکٹر: لاہور: فیروز سنز لیمیٹڈ پاکستان، ۱۹۷۱ء

۵۷ بہترین ہسپانوی افسانے: ترجمہ: 'رحیم': لاہور: مکتبہ جدید، ۱۹۶۴ء

۵۸ پراسرار اجنبی: ترجمہ: 'گوپال متل': لاہور: نیشنل اکاڈمی، ۱۹۴۰ء

۵۹ پراسرار افسانے: ترجمہ: 'سردار حسین': لکھنو: کتاب نگر، ۱۹۸۷ء

۶۰ پوایڈگرایلین: 'سانس کی پھانس': ترجمہ: ابن انشاء: لاہور: شیش محل کتاب گھر

۶۱ پوایڈا گرایلین: 'وہ بیضوی تصویر': ترجمہ: ابن انشاء: لاہور: شیش محل کتاب گھر

۶۲ پوایڈگرایلین: 'عطر فروش دوشیزہ کے قتل کا معمہ': ترجمہ: ابن انشاء: لاہور: شیش محل کتاب گھر

۶۳ پوایڈا گرایلین: 'چہ دلاور است دزدے': ترجمہ: ابن انشاء: لاہور: شیش محل کتاب گھر

۶۴ پوایڈا گرایلین و دیگر: 'پراسرار وادی': ترجمہ: میرزا ادیب: لاہور: تخلیق مرکز

۶۵ پوایڈا گرایلین: 'اندھا کنواں اور دیگر کہانیاں': ترجمہ: ابن انشاء: لاہور: شیش محل کتاب گھر

۶۶ پہلی کتاب: 'افسانے': مرتبہ: اجمل کمال: حیدرآباد سندھ: ۱۹۸۱ء

۶۷ ٹالسٹائی: کاؤنٹ لیو: 'ٹالسٹائی کے افسانے': ترجمہ: اکرام قمر: لاہور، ۱۹۴۰ء

۶۸ ٹالسٹائی: کاؤنٹ لیو: 'گناہ غربت': لاہور، ۱۹۴۱ء

۶۹ ٹالسٹائی: کاؤنٹ لیو: 'مورکھ راج': لاہور: کتابستان اردو

